انڈیکس الفضل انٹرنیشنل2013ء

جلد نمبر20

مرتبہ: فرخ راحیل

خطبات جمعہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
14/دسمبر 2012ء	بیت السبوح فرینکفرٹ (جرمنی)	عام طور پر شہید کا مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ جو خدا تعالیٰ کی راہ میں قربان ہو جائے۔ بیشک ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان قربان کرتا ہے، شہید کا مقام پاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُس کے لئے جنت کے دروازے کھول دیتا ہے۔ لیکن شہید کے معنی میں بہت وسعت ہے۔ احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے مرتبۂ شہادت کی نہایت پُر معارف تشریح۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حوالے سے جو مَیں نے مختصراً باتیں کی ہیں یہ یقیناً ایسی ہیں کہ ہم میں سے ہر ایک کو اس کو حاصل کرنے، اس کو اپنانے اور زندگیوں پر لاگو کرنے کی خواہشیں کرنی چاہئیں، بلکہ لاگو کرنی چاہئیں۔ اور جب یہ معیار ہم حاصل کر لیں گے تو قطع نظر اس کے کہ دشمن کے حملوں اور گولیوں سے ہم جان قربان کرنے والے ہیں، دنیا کے کسی بھی پُر امن ملک میں رہتے ہوئے بھی ہم شہادت کا مقام پا سکتے ہیں۔ احمدیت ایک سچائی ہے۔ خدا تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق آنے والے مسیح موعود اور مہدی معہود کو ہم ماننے والے ہیں لیکن یہی سچائی احمدیوں کو بہت سے ممالک میں مشکلات میں گرفتار کئے ہوئے ہے۔ سب سے بڑھ کر پاکستان میں۔ اس کے اظہار پر احمدیوں کو سزائیں دی جاتی ہیں لیکن پھر بھی ایمان پر قائم ہیں۔ احمدی حالات کی وجہ سے پاکستان سے ہجرت کر کے یہاں اسائلم کے لئے آئے ہیں، آتے ہیں تو سچائی کے اظہار کی وجہ سے اُنہیں اپنے ملکوں سے یہ ہجرت کرنی پڑ رہی ہے۔ لیکن اگر یہاں آ کر جھوٹ اور غلط بیانی کو اپنے اسائلم کا ذریعہ بنا لیں گے تو سارے کئے دھرے پر پانی پھیر دیں گے۔ پس آپ لوگ جو یہاں آئے ہیں جب دین کی خاطر ہجرت کر کے آئے ہیں تو پھر ہمیشہ سچائی کو قائم کریں اور اپنے ایمان کو مضبوط کریں اور روزِ جزا پر ایمان اور یقین رکھیں۔ مکرم مقصود احمد صاحب ابن مکرم نواب خان صاحب آف کوئٹہ کی شہادت۔ شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	4/جنوری	1
21/دسمبر 2012ء	مسجد بیت الفتوح	شکر کے مضمون کا تذکرہ جتنا جماعت احمدیہ میں ہوتا ہے یا شکر کے مضمون کا ادراک جتنا جماعت کو ہے، ہم دعویٰ سے کہہ سکتے ہیں کہ کسی اور کو نہ ہے اور نہ ہو سکتا ہے کیونکہ حقیقی شکر وہ ہے جو خدا کا ہو، خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہو، خدا تعالیٰ کے دین کی ترقی اور غیروں پر اُس کا رعب پڑنے پر ہو۔ غیر مسلم اگر اسلام کے بارے میں غلط خیالات کو دل سے نکالتے ہیں یا یہ اظہار کرتے ہیں کہ آج ہمارے دل اور دماغ اسلام کے بارے میں غلط تأثرات سے صاف ہو گئے ہیں تو وہ صرف اور صرف جماعت احمدیہ کی مجالس میں حاضر ہو کر اپنے ذہنوں کو پاک کرتے ہیں، یا صحیح اسلام اُنہیں جماعت احمدیہ کی مجلسوں سے ہی، پروگراموں سے ہی پتہ لگتا ہے۔ تجدیدِ نو کے جس کام کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شروع فرمایا تھا، وہ تقریباً 124 سال گزرنے کے بعد آج بھی جاری ہے اور نہ صرف جاری ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں اور تائیدات کے نظارے بھی ہم دیکھتے ہیں۔ (حالیہ دورہ یورپ میں یورپین پارلیمنٹ میں خطاب۔ اسی طرح جرمنی کے دورہ کے دوران اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور غیروں میں اسلام کے پیغام کی اثر انگیزی پر مشتمل تأثرات اور میڈیا میں دورہ کی کوریج کا ایمان افروز تذکرہ) جامعہ احمدیہ جرمنی کی نئی عمارت کا افتتاح۔	11/جنوری	2

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28؍دسمبر 2012ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کے رؤیا و کشوف پر مشتمل ان کی بعض ایمان افروز روایات کا تذکرہ۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کی اولادوں کو بھی وفا کے ساتھ جماعت سے منسلک رہنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم میں سے ہر ایک کو بھی اپنے ایمان اور یقین میں بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جلسہ سالانہ قادیان کے کامیاب و بابرکت انعقاد اور جلسہ میں شامل ہونے والوں کو بالخصوص جماعت کی ترقی اور اُمّتِ مسلمہ کے لئے خصوصی دعاؤں کی تحریک مکرم پروفیسر بشیر احمد چوہدری صاحب ابن مکرم چوہدری سراج دین صاحب (لاہور)، مکرم بابر علی صاحب معلم سلسلہ (انڈیا) اور مکرمہ روبینہ نصرت ظفر صاحبہ اہلیہ مکرم مرزا ظفر احمد صاحب شہید (لاہور) کی وفات، مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	18؍جنوری	3
4؍جنوری	مسجد بیت الفتوح	وقف جدید کے **56** ویں سال کے آغاز کا اعلان۔ گزشتہ سال (2012ء) میں عالمگیر جماعت احمدیہ نے وقف جدید میں 50 لاکھ 10 ہزار پاؤنڈز کی مالی قربانی پیش کی۔ پاکستان نے اپنی اول پوزیشن برقرار رکھی۔ بیرون پاکستان میں برطانیہ نمبر ایک اور امریکہ دوسرے نمبر پر رہا۔ مختلف پہلوؤں سے وقف جدید میں جماعتوں کی مالی قربانی کے کوائف کا بیان جس نیک نیت سے احباب جماعت چندہ دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اتنی ہی اس میں برکت بھی رکھتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی دعاؤں کے طفیل ہی ہم یہ کشائش دیکھ رہے ہیں۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ کشائش اور ہمارے پیسے میں برکت کے نظارے ہم دیکھتے رہیں گے۔ خدا تعالیٰ کی خاطر قربانی کر دینے کا وقت آتا ہے تو احمدی اپنا پیٹ کاٹ کر بھی قربانیاں دیتے ہیں۔ بھوکے رہنا گوارا کر لیتے ہیں لیکن یہ گوارا نہیں کرتے کہ اپنے چندے دینے کا انکار کریں یا کسی طرح کمی کریں۔ یہی انبیاء کی جماعتوں کی نشانی ہے کہ وہ ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار رہتے ہیں اور کرتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ہم نے کچھ بھی نہیں کیا۔ احباب جماعت کی غیر معمولی قربانیوں کے واقعات کا روح پرور تذکرہ۔	25؍جنوری	4
11؍جنوری	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی پاک باطنی اور اللہ تعالیٰ سے تعلق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے اظہار پر مشتمل خوابوں اور واقعات کا ایمان افروز تذکرہ مکرم عبدالمجید ڈوگر صاحب ابن حضرت ماسٹر چراغ محمد صاحب آف کھارا رضی اللہ عنہ اور مکرم ملک شفیق احمد صاحب آرکیٹیکٹ کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	01؍فروری	5
18؍جنوری	مسجد بیت الفتوح	بیشک بچوں کو واقفینِ نَو میں پیش کرنے کا جذبہ قابل تعریف ہے لیکن ان درخواستوں کو پیش کرنے کے بعد ماں اور باپ دونوں کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔ جامعہ احمدیہ میں جانے والوں کی تعداد واقفینِ نَو میں زیادہ ہونی چاہئے۔ ہمارے سامنے تو تمام دنیا کا میدان ہے۔ ایشیا، افریقہ، یورپ، امریکہ، آسٹریلیا، جزائر، ہر جگہ ہم نے پہنچنا ہے۔ ہر جگہ، ہر براعظم میں نہیں، ہر ملک میں نہیں، ہر شہر میں نہیں بلکہ ہر قصبہ میں، ہر گاؤں میں، دنیا کے ہر فرد تک اسلام کے خوبصورت پیغام کو پہنچانا ہے۔ اس کے لئے چند ایک مبلغین کام کو سرانجام نہیں دے سکتے۔ دنیا میں دین کو پھیلانے کے لئے دینی علم کی ضرورت ہے اور یہ علم سب سے زیادہ ایسے ادارہ سے ہی مل سکتا ہے جس کا مقصد ہی دینی علم سکھانا ہو اور یہ ادارہ جماعت احمدیہ میں جامعہ احمدیہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس لئے واقفین نَو کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو جامعہ احمدیہ میں آنا چاہئے۔ **واقفین نَو، ان کے والدین اور شعبہ وقفِ نَو سے متعلقہ انتظامیہ کے لئے نہایت اہم اور ضروری ہدایات** اس سال انتخابات ہو رہے ہیں۔ جماعتوں سے یہ رپورٹیں آنی چاہئیں کہ کون کون سیکرٹریانِ وقفِ نَو فعّال نہیں ہیں۔ اور اگر وہ فعّال نہیں ہیں تو چاہے ان کے ووٹ زیادہ ہوں ان کو اس دفعہ مقرر نہیں کیا جائے گا۔ وقفِ نَو کا ایک نصاب بنا ہوا ہے۔ اگر جماعت کا بھی ایک نصاب بنا ہوا ہے تو جب سیکرٹری تربیت اور سیکرٹری تعلیم اور سیکرٹری وقفِ نَو جماعتی نظام کے تحت ہی کام کر رہے ہیں تو امراء اور صدران کا کام ہے کہ ان کو اکٹھا کر کے ایسا معین لائحہ عمل بنائیں کہ یہ نصاب بہرحال پڑھا جائے۔ خاص طور پر واقفینِ نَو کو اس میں ضرور شامل کیا جائے۔ وقفِ نَو کے نصاب کو مختلف ممالک اپنی زبانوں میں بھی شائع کروا سکتے ہیں۔ ہر ملک کی انتظامیہ ایک کمیٹی بنائے جو جائزہ لے کہ ان ملکوں کی اپنی ضروریات آئندہ دس سال کی کیا ہیں؟ کتنے مبلغین ان کو چاہئیں؟ کتنے زبان کے ترجمے کرنے والے چاہئیں؟ کتنے ڈاکٹرز چاہئیں؟ کتنے ٹیچرز چاہئیں جہاں جہاں ضرورت ہے۔ اور اس طرح مختلف ماہرین اگر چاہئیں تو کیا ہیں؟ مقامی زبانوں کے ماہرین کتنے چاہئیں؟ یہ جائزے لے کر تین سے چار مہینے کے اندر اندر اس کی رپورٹ ہونی چاہئے اور شعبہ وقفِ نَو اس کو Proper Follow up کرے۔	8؍فروری	6

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
25رجنوری	مسجد بیت الفتوح	آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خوبصورت چہرہ آج حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے علاوہ اور کوئی نہیں جو دکھا سکے اور نہ کوئی ہے جو دکھا رہا ہے۔اور یہی آپ کی جماعت کا کام ہے۔پس اس طرف ہمیں توجہ کرنی چاہئے۔صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خوابوں کا ایمان افروز تذکرہ جن میں انہیں آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسیح موعود علیہ السلام کو ایک ہی وجود کی طرح دکھا کر ان کے ایمانوں کو تقویت عطا کی گئی۔آج بھی دنیا کے مختلف علاقوں میں اللہ تعالیٰ اسی طرح کے نظارے اپنے نیک فطرت اور سعید لوگوں کو دکھا رہا ہے اور اسی وجہ سے وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی غلامی میں، بیعت میں آکر آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی غلامی کو اختیار کر رہے ہیں۔ ہمارا بھی کام ہے کہ آج اور ہمیشہ اپنی زبان کو آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے سے تر رکھیں اور اس میں ترقی کرتے چلے جائیں۔اسی طرح آپ کے اُسوہ پر عمل کرنے والے ہوں اور اس میں بھی ہمیشہ آگے بڑھتے چلے جانے والے ہوں۔	15رفروری	7
01رفروری	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات کے حوالے سے خاتم الانبیاء حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارفع مقام، آپ کی بلند شان اور حضور علیہ السلام کی اپنے آقا و مطاع صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق و محبت کا دلنشیں تذکرہ۔	22رفروری	8
08رفروری	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی مختلف خوابوں اور رؤیا کا ایمان افروز تذکرہ جن سے ان صحابہ کے خدا تعالیٰ سے تعلق اور خدا تعالیٰ کے ان کے ساتھ سلوک کا پتہ چلتا ہے۔ان میں اور بھی بہت سی نصائح اور سبق ہیں۔ جماعت احمدیہ بنگلہ دیش نے ایک سٹیڈیم کرایہ پر لے کر جلسہ سالانہ کی تیاریاں مکمل کر لی تھیں کہ شرپسند مخالف علماء اور ان کے چیلوں چانٹوں نے حملہ کر کے تمام انتظامات کو درہم برہم کر کے سامان کو آگ لگا دی جس سے کروڑوں کا نقصان ہوا۔اب یہ جلسہ جماعت کی اپنی جگہ پر ہو رہا ہے۔اللہ تعالیٰ اِن علماء کے شر اُن پر الٹا دے۔بنگلہ دیش اور سیرالیون کے جلسہ سالانہ کے حوالہ سے دعا کی تحریک۔عزیزم کریفہ کونڈے متعلم جامعہ احمدیہ سیرالیون، مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب صراف (ڈسکہ کوٹ ۔ پاکستان) اور مکرم عبدالغفار ڈار صاحب راولپنڈی) کی وفات ۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	01رمارچ	9
15رفروری	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی روایات کے حوالہ سے ان کی بعض رؤیا کا ذکر جن کا خصوصیت سے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ سے تعلق ہے اور جن میں پیشگوئی مصلح موعود کی صداقت اور آپ کی خلافت سے متعلق پہلے سے خبریں دی گئی ہیں۔اللہ تعالیٰ ان صحابہ کے درجات بلند فرمائے اور ہمیشہ ان کی نسلوں کو بھی ان کی دعاؤں کا وارث بنائے اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جماعت کے تمام افراد کو بھی ہر قسم کے شر اور فتنہ سے بچائے اور خلافت احمدیہ کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرنے کی سب کو توفیق عطا فرمائے۔مکرم سردار محمد بھروانہ صاحب آف جھنگ (پاکستان) کی وفات۔مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	08رمارچ	10
22رفروری	مسجد بیت الفتوح	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے جو خداداد علم، ذہانت اور فراست عطا فرمائی تھی اس کے بہت سے پہلو ہیں۔خلافت سے پہلے بھی آپ کی تحریرات اور تقریریں علم و معرفت سے بھری ہوئی ہیں۔آپ کی کتب، تقریریں اور مضامین انوار العلوم کے نام سے شائع ہو رہی ہیں۔اسی طرح خطبات جمعہ بھی شائع ہو رہے ہیں۔فضل عمر فاؤنڈیشن مختلف زبانوں میں ان کے تراجم بھی کروا رہی ہے۔بعض انگریزی میں شائع بھی ہو چکی ہیں۔اگر ہم یہ مجموعے اور خزانے پڑھیں تو تبھی ہم آپ کی علمی وسعت اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے علوم ظاہری و باطنی سے پُر کئے جانے کی جو پیشگوئی تھی اس کا اندازہ کر سکتے ہیں۔اور اپنے علم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔حضرت مصلح موعودؓ کے 10راپریل 1942ء کے خطبہ جمعہ کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کے مضامین کا نہایت دلکش اور روح پرور بیان۔آج بھی اگر ہم نے حالات کو بدلنا ہے تو تمام طاقتوں کے مالک خدا کے آگے جھکنا ہوگا۔اللہ کرے کہ ہم ایسی دعائیں کرنے والے ہوں۔شعبہ ضیافت یوکے کے ایک کارکن مکرم عظیم صاحب کی وفات اور مرحوم کا ذکر خیر۔	15رمارچ	11

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
01/مارچ	مسجد بیت الفتوح	دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے ہیں جو قرآنِ کریم پڑھتے ہیں، اُس کا ترجمہ بھی پڑھتے ہیں، خدا تعالیٰ کے خوف کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ وہ کبھی یہ پسند نہیں کرتے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دھتکارے جائیں لیکن اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے حق ادا نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے جن تعلقات کو جوڑنے کا حکم دیا ہے، اُن کو حقیقی رنگ میں جوڑنے کی کوشش نہیں کرتے۔ یہ تضاد ہے جو دنیا میں اکثر مسلمانوں کی اکثریت میں نظر آتا ہے۔ایک خواہش اور دعویٰ کے باوجود نظر آتا ہے۔ اور احمدیوں کے بارے میں بھی ہم سو فیصد نہیں کہہ سکتے کہ وہ اس تعریف کے اندر آتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مومن کی بتائی ہے۔ پس ہمیں بھی اس بارے میں اپنے جائزے لیتے رہنا چاہئے۔ قرآن مجید اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے حوالہ سے باہمی امن، محبت اور رحم کے فروغ کی بابت اہم نصائح	22/مارچ	12
08/مارچ	مسجد بیت الفتوح	رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (البقرۃ:202)اور سورۃ البقرہ کی آیت 287 میں مذکور دعاؤں اور اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی الہامی دعا رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُکَ رَبِّ فَاحْفَظْنِیْ وَانْصُرْنِیْ وَارْحَمْنِیْ ان دنوں میں خاص طور پر کثرت کے ساتھ پڑھنے کی تحریک۔ دعا کی حقیقت اور فلاسفی کا بیان اور مذکورہ بالا قرآنی دعاؤں کی پُر معارف تشریح اور حالات حاضرہ میں ان دعاؤں کی اہمیت کا تذکرہ۔ اپنی نمازوں میں ان دعاؤں کو خاص جگہ دیں۔ اور ہر احمدی دعاؤں کی وہ روح اپنے اندر پیدا کرے جو جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے دعا کو کمال تک پہنچا دے۔ مکرم مبشر احمد عباسی صاحب آف کراچی کی شہادت اور مکرم ڈاکٹر سید سلطان محمود شاہد صاحب (ربوہ) کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	29/مارچ	13
15/مارچ	مسجد بیت الفتوح	قرآنِ کریم نے متعدد جگہ جو دعا کے مضمون پر کھل کر روشنی ڈالی ہے اس کو ہمیں سمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے اور اس کے لئے ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نظر سے دیکھنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم دعا کی حکمت اور فلاسفی اور دعا کرنے کے طریق کو سمجھ کر دعا کی طرف توجہ دینے والے ہوں۔ اور نہ صرف دعا کی طرف توجہ کرنے والے ہوں بلکہ نتیجہ خیز دعاؤں کے حصول کی کوشش کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے اگر تعلق جوڑنا ہے، اپنی نیک خواہشات کی تکمیل کروانی ہے، دشمن کی ناکامی کے نظارے دیکھنے ہیں تو ہمیں عابد بننے کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ ہمیں دشمن کے شور وفغاں میں بڑھنے، بیہودگیوں میں بڑھنے کے بعد یارِ نہاں میں نہاں ہونے کا سبق ملا ہے۔ پس ہمیں اس سبق کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھنا چاہئے اور دعاؤں میں پہلے سے بڑھ کر کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فرستادوں کی اہانت کرنے والے ہمیشہ ہی تباہ و برباد ہوئے ہیں۔ یہ لوگ بھی اگر اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو جس طرح لیکھو پر دعا کی تلوار چلی تھی، ان پر بھی اللہ تعالیٰ کے اِذن سے چلے گی۔ پس اپنے دکھ، اپنے درد، اپنی چیخیں خدا تعالیٰ کے حضور پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ ایسے شریروں کو عبرت کا نشان بنائے۔ **ہر احمدی کو پہلے سے بڑھ کر صبر اور دعا کے ساتھ زندگی گزارنے کی ضرورت ہے۔** قرآن مجید کی تعلیمات اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے دعاؤں کی حقیقت اور فلاسفی اور موجودہ حالات میں خاص طور پر دعاؤں کی پُر اثر تحریک۔	05/اپریل	14
22/مارچ	مسجد بیت الفتوح	یوم مسیح موعودؑ کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اپنے الفاظ میں آپ کی صداقت کا ثبوت، اللہ تعالیٰ کی تائیدات، امام الزمان کی ضرورت، مسلمانوں کو آپ کو قبول کرنے اور مقام پہچاننے کا بیان۔ محترم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان کی وفات، مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	12/اپریل	15

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
29/مارچ	مسجد بیت الرحمٰن ویلنسیا (سپین)	ویلنسیا(Valencia) سپین میں جماعت احمدیہ مسلمہ کی نوتعمیر کردہ مسجد 'بیت الرحمٰن' کا مبارک افتتاح مسجد بشارت (پیدروآباد) کے بعد سپین میں یہ جماعت احمدیہ کی دوسری مسجد ہے۔یہ مسجد جہاں ہمیں عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتے ہوئے اس کی تعمیر کے مقصد کو پورا کرنے کی طرف توجہ دلا رہی ہے، وہاں ہمیں اس طرف بھی توجہ دلا رہی ہے کہ ہم اپنے عہد کو پورا کریں۔اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔اس مسجد کی تعمیر کی وجہ سے جو دنیا کی اسلام کی طرف توجہ پیدا ہوگی، تبلیغ کے جو راستے کھلیں گے، اُن کا حق ادا کرتے ہوئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے توحید کا قیام اور ملک کے باشندوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لانا ہمارا اوّلین فرض ہوگا۔انشاء اللہ۔مسجد کی خوبصورتی، مسجد کی وسعت، یہ ہمارے اُس وقت کام آ سکتی ہیں جب ہم اس کا حق ادا کرنے والے بن جائیں۔اور حق ادا کرنے کے لئے جہاں ہم مسجد کو آباد کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے ہوں، وہاں اللہ تعالیٰ کے بندوں کے حقوق ادا کرنے والے بھی ہوں۔اگر اس مسجد کی عظمت کو ہم نے قائم رکھنا ہے اور یقیناً قائم رکھنا ہے انشاء اللہ، تو پھر اس کی روح کو قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ اور یہ کوشش ہمیں ایک محنت سے کرنی ہوگی۔اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعا کرنی ہوگی کہ اے اللہ! مسجد کی روح قائم کرنے والے ہمیشہ پیدا فرماتا رہ تا کہ قیامت تک یہ توحید کا مرکز رہے۔یہ بات بھی ہمیں یاد رکھنی چاہئے کہ عبادت کی روح کو سمجھ کر ہی ہم توحید کے پیغام کو پھیلا سکتے ہیں اور اپنی نسلوں میں اس پیغام کو راسخ کر سکتے ہیں اور اس کے لئے جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی ہے، نسلوں کے لئے بہت تڑپ کر دعا کرنے کی ضرورت ہے۔اس مسجد کو یہاں کے رہنے والوں نے خود بھی آباد رکھنا ہے اور اپنے بچوں کے ذریعہ سے بھی آباد کروانا ہے اور اس کا حق ادا کرتے ہوئے آباد کروانا ہے۔انشاء اللہ۔صرف مسجد میں آنا مقصد نہیں ہے بلکہ اس کا حق ادا کرنا بھی مقصد ہے۔اللہ تعالیٰ کرے کہ وہ تمام برکات اور اللہ تعالیٰ کے فضل جو مساجد کے ساتھ وابستہ ہیں، اُنہیں ہم حاصل کرنے والے ہوں۔	19/اپریل	16
05/اپریل	مسجد بیت الرحمٰن ویلنسیا (سپین)	گزشتہ جمعہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے سپین کی اس دوسری مسجد کا افتتاح ہوا۔اس ملک میں تو ہم نے ابھی بے انتہا کام کرنا ہے۔اُس کھوئی ہوئی ساکھ کو دوبارہ قائم کرنا ہے جو آج سے کئی صدیاں پہلے کھوئی گئی۔یہاں رہنے والوں کو دوبارہ دینِ اسلام کی خوبیاں بتا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لانا ہے۔اور اس کے لئے سب سے اہم چیز اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرنا، اُس سے مدد مانگنا اور ایک اکائی بن کر تبلیغ کا کام کرنا ہے۔مسجد کی خوبصورتی اُس وقت کام آ سکتی ہے جب اس کے اندر آنے والوں کی روح کی خوبصورتی نظر آئے۔ جب ہر احمدی کے قول و فعل میں عبادت کے ساتھ ایک دوسرے کے لئے محبت اور پیار کے جذبات نظر آئیں۔ہمیشہ یاد رکھیں کہ قرآنِ کریم، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلافتِ احمدیہ یہ سب حبل اللہ ہیں، اللہ تعالیٰ کی رسّی ہیں۔اُن میں سے ایک کڑی بھی اگر ایک احمدی نظر انداز کرے گا تو وہ اُن لوگوں میں شمار ہوگا جو دوبارہ آگ کے گڑھے کی طرف بڑھ رہے ہیں۔پس ہر احمدی کو یہ بات اپنے پیشِ نظر رکھنی چاہئے کہ حبل اللہ کو پکڑنا اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد رکھنا اور اُس کا شکر گزار ہونا تب حقیقت کا روپ دھارے گا، تب یہ قول سے نکل کر عمل کی شکل اختیار کرے گا، جب آپس کی محبت ہوگی، جب ایک دوسرے کے ساتھ محبت کرنے والے بھائیوں جیسا سلوک ہوگا۔آج خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین اور مذہب کی خوبصورتی اگر کوئی بتا سکتا ہے تو جماعت احمدیہ ہے۔وہ لوگ ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ماننے والے ہیں، وہ لوگ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں شامل ہیں، جن کے لئے اللہ تعالیٰ نے حبل اللہ کو پکڑنے کے سامان کئے ہوئے ہیں۔مربیان کو خلیفۂ وقت نے تربیت کے لئے اور تبلیغ کے لئے اپنا نمائندہ بنا کر یہاں بھی اور دنیا میں بھی بھیجا ہے۔آپ وہ واعظ ہیں جو نصیحت کرتے ہیں، جو یہ بات دنیا کو بتا رہے ہیں کہ اگر نجات چاہتے ہو تو حبل اللہ کو پکڑ لو۔اگر دنیا و آخرت سنوارنا چاہتے ہو تو محبت، پیار اور بھائی چارے کو فروغ دو۔ اگر مربیان اور مبلغین خود اعلیٰ معیار قائم نہیں کریں گے تو دنیا کو کس طرح نصیحت کریں گے۔مربیان اور مبلغین کا سب سے زیادہ احترام، صدر جماعت اور امیر جماعت کو کرنا چاہئے اور اس احترام کی وجہ سے مربیان یہ نہ سمجھیں کہ یہ ہمارا حق ہے بلکہ اُن میں مزید عاجزی پیدا ہونی چاہئے۔مزید اپنے نفس کی اصلاح کی طرف توجہ پیدا ہونی چاہئے۔عہدیداران کا آپس کا رویہ اور ایک دوسرے کے ساتھ سلوک بھی بہت اچھا ہونا چاہئے۔عام افرادِ جماعت یہ نہ سمجھیں کہ یہ ساری واقفینِ زندگی اور عہدیداران کی ذمہ داریاں ہیں۔آپس میں محبت و پیار کو بڑھانا، صلح اور صفائی کو قائم رکھنا، اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھنا، اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی باتوں کو سننا اور اُن پر عمل کرنا، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم کے مطابق اپنے تقویٰ کے معیار بڑھانا، خلیفہ وقت کی باتوں پر لبیک کہنا یہ ہر احمدی کی ذمہ داری ہے۔اور یہی چیز جماعت کی اکائی کو بھی قائم رکھ سکتی ہے۔تبلیغ کے راستے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے کھول دیئے۔اس سے فائدہ اُٹھانا اور ایک ہو کر ایک مہم کی صورت میں تبلیغ کے میدان میں اترنا اب افرادِ جماعت کا کام ہے۔	26/اپریل	17

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
12/اپریل	مسجد بیت الفتوح	یہ سال جماعت میں انتخابات کا سال ہے۔ امراء، صدران اور دوسرے مختلف عہدیداران کے انتخابات کئے جاتے ہیں۔ بعض جماعتوں میں یہ انتخابات شروع بھی ہو چکے ہیں۔ جماعت کے انتظامی ڈھانچے کو صحیح رنگ میں چلانے کے لئے جہاں یہ انتخابات ضروری ہیں، وہاں اس کام کو احسن رنگ میں آگے بڑھانے کے لئے عُہدوں کا حق ادا کرنے کے لئے صحیح افراد کا انتخاب بھی بہت ضروری ہے۔ اگر تمہیں کسی کے بارے میں صحیح معلومات نہیں تو خدا تعالیٰ سے دعا کرو کہ اے خدا تیری نظر میں جو بہترین ہے، اُسے ووٹ ڈالنے کی مجھے توفیق عطا فرما۔ جب مومنین کی جماعت خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگتے ہوئے عہدیدار منتخب کرتی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ مومنین کا مددگار بھی ہو جاتا ہے۔ ہر ووٹ دینے والا اپنے ووٹ کی، اپنے رائے دہی کے حق کی اہمیت کو سمجھے۔ ہر قسم کے ذاتی رجحانات یا ذاتی پسندوں اور ذاتی تعلقات سے بالا ہو کر جس کام کے لئے کسی کو منتخب کرنا چاہتے ہیں، اُس کے حق میں اپنی رائے دیں۔ بعض مقامی عہدیداروں کے انتخابات کی حتمی منظوری اگر ملکی امیر دیتا ہے تو اُسے قواعد اس کی اجازت دیتے ہیں۔ کثرتِ رائے سے اختلاف کا وہ حق رکھتا ہے لیکن امراء کو کثرتِ رائے کا عموماً احترام کرنا چاہئے۔ تاہم اس دفعہ کے الیکشن کے لئے انگلستان اور یورپ کے ممالک اور امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا کے ممالک کے مقامی انتخابات میں بھی اگر کوئی تبدیلی کرنی ہو گی تو اس کے لئے بھی مجھ سے پہلے پوچھنا ہو گا۔ امراء خود تبدیلی نہیں کریں گے۔ امیر جماعت یا صدر جماعت یا متعلقہ سیکرٹری اگر کسی کو ایسے کام دیتے ہیں تو صرف ذاتی پسند اور تعلق پر نہ دیا کریں۔ بلکہ افرادِ جماعت کا تفصیلی جائزہ لیں اور یہ جائزہ لے کر پھر اُن میں سے جو بہترین نظر آئے اُسے کام سپرد کرنا چاہئے۔ انصاف کے ساتھ اپنے عہدوں اور تفویض کردہ کاموں کو سرانجام دو۔ جب انصاف قائم نہ ہو تو پھر کام میں برکت نہیں پڑتی، پھر اچھے نتائج کے بجائے بدنتائج نکلتے ہیں۔ ہر فرد جماعت کے ساتھ انصاف پر مبنی تعلقات ہونے چاہئیں اور فیصلے اس کے مطابق ہونے چاہئیں۔ ہر عہدیدار کو یہ سوچنا چاہئے کہ مَیں ایک جماعتی عہدیدار ہوں اور کسی بھی قسم کی میری کمزوری جماعت کو متاثر کر سکتی ہے یا جماعت کے نام کو بدنام کرنے والی ہو سکتی ہے۔ اس لئے اُسے یہ حق بھی ادا کرنے والا ہونا چاہئے اور پھر اپنے نمونے قائم کرتے ہوئے دینی حقوق کے ساتھ ساتھ دنیاوی حقوق کی بھی مثال قائم کرنی چاہئے۔ ہر عہدیدار کو یہ سمجھنا چاہئے کہ اس کی ذات بھی اب ہر معاملے میں جماعتی مفادات کے تابع ہے۔ منتخب کرنے والوں کو بھی ایسے لوگوں کو منتخب کرنا چاہئے جو اپنے کاموں میں سنجیدہ ہوں اور منتخب شدہ لوگوں کو بھی اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ذمہ داریوں کا حق ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا جو عہد کیا ہے سب سے زیادہ اُس کی پابندی عہدیداران کو کرنی چاہئے، چاہے وہ کسی بھی سطح کے عہدیدار ہوں۔ جب تک تقویٰ کے معیار اونچے نہیں ہوں گے اُس وقت تک اپنی امانتوں اور عُہدوں کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ یہ امانتیں جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا، خدا تعالیٰ کی بھی ہیں اور بندوں کی بھی۔ اور ایک عہدیداران دونوں طرح کی امانتوں کا امین ہے۔ تمام احمدیوں اور بالخصوص عہدیداروں میں جن خوبیوں کا ہونا نہایت اہم اور ضروری ہے ان سے متعلق قرآن کریم اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں نہایت اہم تاکیدی نصائح۔	03/مئی	18
19/اپریل	مسجد بیت الفتوح	جماعت احمدیہ سچی ہے۔ اُس کی سچائی پر خدا تعالیٰ کی 124 سالہ فعلی شہادت ہی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے اور ہونی چاہئے۔ دنیاوی لحاظ سے کمزور جماعت کی یہ ترقی اس وجہ سے ہے کہ وہ خدا جو نعم المولیٰ ونعم النصیر ہے ہمارے ساتھ ہے۔ **اسلام کی خدمت کے نام پر جو بھی تنظیمیں بنی ہوئی ہیں اور اپنی طرف سے جو جہادی کارروائیاں بھی کر رہی ہیں، اُن کا نتیجہ سوائے اسلام کی بدنامی کے اور کچھ نہیں۔** اگر ہم ہر اسلامی ملک میں جھانک کر دیکھیں تو اُن میں صرف اپنے مفادات نظر آتے ہیں۔ رعایا اور عوام کی کسی کو کوئی فکر نہیں۔ صرف اپنے تخت اور اپنی حکومت کی فکر ہے۔ علماء ہیں تو وہ اپنا کام چھوڑ کر مسلمانوں کی دینی تربیت کرنے کی بجائے اقتدار کی دوڑ میں پڑے ہوئے ہیں۔ یا پھر کچھ ایسے ہیں جو اسلام کے نام پر دہشتگرد تنظیموں کو چلا رہے ہیں یا اُن کی مدد کر رہے ہیں۔ مسلمان، مسلمان کے خون کا پیاسا ہوا ہے۔ آج اس مذہب کو ان لوگوں نے اس قدر بدنام کر دیا ہے کہ دنیا میں کہیں بھی کوئی دہشتگردی کا واقعہ ہو تو پہلے مسلمان تنظیموں کا نام لیا جاتا ہے اور اکثر تنظیمیں اس کو قبول بھی کر لیتی ہیں۔ اور قبول نہ بھی کریں تب بھی اُن پر ہی شک کیا جاتا ہے۔ ہر جگہ مسلمان، مسلمان کو قتل کر رہا ہے اور ظلم یہ ہے کہ مذہب کے نام پر کر رہا ہے۔ جن اسلامی ملکوں میں کھل کر دہشتگردی نہیں ہے۔ تو وہاں کے عوام کے حق ادا نہیں کئے جا رہے۔ انصاف وہاں نہیں ہے۔ غریب غریب تر ہو رہا ہے اور امیر امیر تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اسی طرح عوام جو ہیں وہ بھی اپنی ذمہ داریوں کو ادا نہیں کرتے اور جب عوام کو موقع ملے تو اُن کی طرف سے بھی ظلم کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ سب تقویٰ سے دُوری ہے اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری سے اپنے آپ کو باہر نکالنا ہے۔ سوچنے والی بات ہے کہ ان حالات میں کوئی ایسا طریق ہونا چاہئے جو اصلاح پیدا کرے۔ کوئی ایسا شخص ہو جو اسلام کی تعلیم کی روح کو سمجھے اور آگے مسلمانوں میں جاری کرے۔ ہم احمدی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے خوش قسمت ہیں جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے وہ شخص اپنے وعدے کے مطابق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کے مطابق چودھویں صدی میں بھیج دیا۔ اللہ تعالیٰ عامۃ المسلمین کے دل کھولے۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو سمجھنے والے ہوں تا جن حالات و مشکلات سے یہ گزر رہے ہیں اُن سے نجات پائیں۔ آفات کے جو جھٹکے ان کو خدا تعالیٰ لگا رہا ہے اُس کے اشاروں کو سمجھیں اور تکذیب اور ظلموں سے باز آئیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے مسلمانوں کو آپؑ کی بعثت کی ضرورت اور آپؑ کو ماننے کی اہمیت سے متعلق اہم نصائح۔ مکرم چوہدری محفوظ الرحمٰن صاحب (ربوہ) اور مکرمہ قیصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم صاحبزادہ مرزا اظہر احمد صاحب کی وفات۔ مرحومین کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب۔	10/مئی	19

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26/اپریل	مسجد بیت الفتوح	حقیقی مومن کو حکم ہے کہ خدا کی رضا کو مقدم کرو اور باقی سب باتیں اُس کے تابع کرو۔ اور یہ اُس وقت ہو گا جب اتنی جرأت پیدا ہو جائے کہ اپنے خلاف بھی گواہی دینے سے انسان گریز نہ کرے۔ اس کی کچھ بھی پرواہ نہ ہو کہ حق بات بتانے کی وجہ سے، سچی گواہی کی وجہ سے میں خود کتنی مشکلات میں گرفتار ہو سکتا ہوں۔ یا میرے عزیز رشتہ دار، میرے بچے، اگر میں اُن کے خلاف گواہی دوں تو کس مشکل میں گرفتار ہو سکتے ہیں یا میرے اپنے والدین یا بچوں یا عزیزوں، دوستوں کے خلاف گواہی سے مجھے کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایک مومن کا ظلم کے خلاف آواز اُٹھانے کا دعویٰ اور ظلم روکنے کا دعویٰ تبھی سچا ہو سکتا ہے جب وہ انصاف کے اعلیٰ معیار قائم کرتا ہے۔ سچائی کے اعلیٰ معیار قائم کرتا ہے۔ اپنی گواہیوں کو خدا تعالیٰ کے احکامات کے تابع کرتا ہے۔ آج دنیا میں انصاف قائم کرنے، سچائی کو پھیلانے، امن اور سلامتی کی ضمانت بننے کا کام مسلسل اور باریک در باریک پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے کرنا ایک مومن کا کام ہے، ایک حقیقی احمدی کا کام ہے۔ اس زمانے میں احمدی مسلمان ہی ہیں جو اس دعویٰ کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم حقیقی مسلمان ہیں، ہم حقیقی مومن ہیں کیونکہ ہم نے زمانے کے امام کو مانا ہے۔ ہر احمدی کو چاہیے وہ جماعتی خدمات پر مامور عہدیدار ہے یا عام احمدی ہے اس بارے میں فکر کی ضرورت ہے کہ دنیا کو انصاف دینے اور سچائی پھیلانے کا جو اتنا بڑا کام ہمارے سامنے ہے، اُس کو ہم اپنی اصلاح کرتے ہوئے کس طرح سرانجام دے سکتے ہیں تا کہ خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کر سکیں۔	17/مئی	20
03/مئی	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے ایک مومن کے لئے بنیادی شرط تقویٰ رکھی ہے۔ اس بارہ میں بیشمار آیات قرآن کریم میں ہیں جن میں تقویٰ اختیار کرو، تقویٰ پر قائم رہو کی تلقین مختلف حوالوں سے اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے۔ تقویٰ کی جو تعریف یا مختصر الفاظ میں خلاصہ جو قرآنِ کریم سے ہمیں ملتا ہے، وہ یہ لیا جا سکتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضا کو ہر چیز پر مقدم رکھتے ہوئے، خدا تعالیٰ کو واحد و یگانہ اور سب طاقتوں کا منبع سمجھتے ہوئے اُس کے حقوق ادا کرنا اور خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اُس کی مخلوق کے حقوق بھی ادا کرنا ہے۔ تقویٰ پر چلنے سے انسان اللہ تعالیٰ کے ہر قسم کے انعامات کو حاصل کرنے والا بن سکتا ہے۔ جماعت کی ایک اچھی تعداد یقیناً تقویٰ پر چلنے والوں اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والوں کی بھی ہے۔ لیکن ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عہدِ بیعت باندھ کر ہم میں سے ہر ایک وہ معیارِ تقویٰ حاصل کرے، خدا تعالیٰ کا وہ قرب ہمیں حاصل ہو جو ایک حقیقی مسلمان کو ہونا چاہئے اور جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہم سے چاہتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے تقویٰ کے مختلف پہلوؤں کا تذکرہ اور تقویٰ کے اعلیٰ معیار کو حاصل کرنے کی تاکیدی نصائح۔	24/مئی	21
10/مئی	مسجد بیت الحمید۔ چینو۔ لاس اینجلیز (کیلیفورنیا۔ امریکہ)	ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ احمدیت نے انشاء اللہ تعالیٰ دنیا پر غالب آنا ہے۔ احمدیت اسلام سے کوئی علیحدہ چیز نہیں۔ اصل میں حقیقی اسلام ہی احمدیت ہے یا احمدیت ہی حقیقی اسلام ہے۔ ہمارے مخالفین چاہے جتنا مرضی شور مچاتے رہیں کہ احمدی مسلمان نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت ہر آن ہمیں من حیث الجماعت یہ تسلی دلاتی رہتی ہے کہ خدا ہمارے ساتھ ہے۔ دنیا کو توحید پر قائم کرنے اور دینِ واحد پر جمع کرنے کے لئے جن باتوں کی ضرورت ہے وہ ایک تو تبلیغ ہے، اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا ہے۔ دوسرے اپنے اخلاق کو اعلیٰ سطح پر لے جانا ہے۔ تیسرے دعاؤں کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے مدد چاہنا ہے۔ پس آج ہر احمدی کو، ہر اُس شخص کو جو اپنے آپ کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف منسوب کرتا ہے اس ذمہ داری کو سمجھنے کی ضرورت ہے تا کہ اُس مقصد کے حصول کا ذریعہ بن سکے جس کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بھیجے گئے تھے۔ جب خلفاء دنیا کو یہ چیلنج دیتے رہے یا اب مَیں جب دنیا کو یہ کہتا ہوں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے کے پیغام کو بغیر تھکے دنیا تک پہنچاتے چلے جائیں گے اور ایک دن دنیا کا دل جیت کر اُن کو اسلام کی آغوش میں لے آئیں گے۔ تو اس حسنِ ظن کے ساتھ یہ پیغام دیا جاتا ہے کہ اعمال کی خوبصورتی اور خدا تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری کرتے ہوئے افرادِ جماعت کی روحانی ترقی کے معیار نہ صرف قائم رہیں گے بلکہ بہتر سے بہتر ہوتے چلے جائیں گے۔ اور وہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیغام کو، آپ علیہ السلام کے مشن کو، ایک لگن کے ساتھ آگے چلاتے چلے جائیں گے۔ جماعتوں کو بھی اپنے بچوں اور نوجوانوں میں یہ روح پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے کہ وہ اپنے آپ کو دینی علم سیکھنے کے لئے جامعہ احمدیہ میں جانے کے لئے پیش کریں تا کہ یہاں کے مقامی ماحول اور زبان کے لحاظ سے اُن کو پیغام پہنچانے والے مہیا ہو سکیں۔ یہ تو یقیناً الٰہی تقدیر ہے کہ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ کئے گئے غلبہ کے وعدے کو پورا فرمانا ہے۔ لیکن اگر ہم اس وعدے کے پورا ہونے کا حصہ بننا چاہتے ہیں تو پھر یہاں رہنے والے ہر احمدی کو اپنی سوچوں کا دھارا اُس کے مطابق کرنا ہو گا جو اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہے۔ بعید نہیں کہ امریکہ میں احمدیت کا انقلاب اس علاقے سے ہی آئے۔ یہاں جو اسائلم سیکر ہیں یا ریفیوجی بن کر آئے ہوئے ہیں، کام نہ ہونے کی وجہ سے پریشان بھی رہتے ہیں، کام کی تلاش تو وہ کریں لیکن جو بھی فارغ وقت ہے اُس میں لٹریچر لے کر باہر نکل جائیں اور تبلیغ کا فریضہ سرانجام دیں۔	31/مئی	22

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17رمئی	مسجد بیت الرحمٰن۔ وینکوور(کینیڈا)	آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے کینیڈا کے اس صوبے میں جو برٹش کولمبیا کہلاتا ہے، جماعت احمدیہ کو اپنی مسجد بنانے کی توفیق مل رہی ہے۔گو ایک سینٹر قائم تھا، نمازیں پڑھنے کا ہال اور مشن ہاؤس تھا، اور شاید یہی وجہ ہے کہ باقاعدہ مسجد کی طرف توجہ کم رہی۔گو کچھ حد تک تربیت کے لحاظ سے اور جماعت کے ایک جگہ جمع ہونے کے لحاظ سے ضرورت تو پوری ہوتی رہی، لیکن مسجد کی ایک اپنی اہمیت ہے۔سینٹرز اور ہال وہ مقام حاصل نہیں کر سکتے جو مسجد کا ہے۔بیشک جماعت کو ایک جگہ جمع ہو جانے کے لئے جگہ میسر آجاتی ہے لیکن مسجد کے نام کے ساتھ جو ایک روحانی تعلق پیدا ہوتا ہے، جو جذبات کی کیفیت ہوتی ہے، وہ بغیر باقاعدہ مسجد کے نہیں ہوتی۔مسلمانوں اور غیر مسلموں سب کے لئے راہِ ہدایت اب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ سے ہی ہے۔یقیناً یہ مسجد اُن کی توجہ کھینچنے والی بھی ہوگی۔اس مسجد کی تعمیر سے منفی اور مثبت دونوں رنگ میں غیر از جماعت اور غیر مسلموں میں ذکر ہوگا۔اور اس ذکر کی وجہ سے آپ کی تبلیغ کے راستے بھی مزید کھلیں گے۔اس کے لئے بھی آپ کو اپنے آپ کو تیار کرنا ہوگا۔ پس مساجد کی تعمیر سے ذاتی طور پر بھی برکات کے دروازے کھلتے ہیں جو ایک مومن کو اُس کے ایمان میں بڑھاتے چلے جاتے ہیں اور جماعتی برکات تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس طرح نازل ہوتی ہیں کہ انسان دنگ رہ جاتا ہے۔اگر ایمان کے معیار حاصل کرنے ہیں تو اپنے اخلاق بھی بلند کرو۔اخلاق کی بلندی کا حقوق العباد کی ادائیگی سے صحیح پتہ چلتا ہے۔ہمیں اس مسجد کی تعمیر کے ساتھ اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کس حد تک ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرنے والے ہیں۔کس حد تک ہم خدا تعالیٰ سے محبت کے دعوے میں پورا اُترنے والے ہیں؟ کس حد تک ہم آپس میں ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے والے ہیں؟ کیونکہ عبادت کا حق تقویٰ کے بغیر ادا نہیں ہوسکتا۔اور تقویٰ اللہ تعالیٰ کے تمام حکموں پر عمل کئے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا۔(وینکوور کینیڈا میں تعمیر ہونے والی مسجد بیت الرحمٰن کا خطبہ جمعہ سے افتتاح اور احباب جماعت کو اس پہلو سے اہم نصائح۔)	07رجون	23
24رمئی	مسجد بیت النور۔ کیلگری(کینیڈا)	مئی کے مہینہ میں جماعت احمدیہ کے لئے ایک خاص دن ہے، یعنی 27رمئی کا دن جو یومِ خلافت کے طور پر جماعت میں منایا جاتا ہے۔ 26رمئی 1908ء کا دن جماعت احمدیہ کے لئے ایک دل ہلا دینے والا دن تھا، بہت سوں کے ایمانوں کو لرزا دینے والا دن تھا وہاں 27رمئی کا دن جماعت احمدیہ کے لئے تسکین اور امن کا پیغام بن کر آیا۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خدا تعالیٰ کے کئے گئے وعدے کے پورا ہونے کی خوشخبری لے کر آیا اور دشمن کو اُس کی آگ میں جلانے والا بن کر آیا۔خلافتِ احمدیہ بھی اسلام کی نشأۃ ثانیہ میں خلافتِ راشدہ کا تسلسل ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے دَور کی خلافت کی اللہ تعالیٰ سے اطلاع پا کر ایک مدت گزرنے کے بعد ختم ہونے کی اطلاع فرمائی تھی اور دوسرے دَور کی خلافت کی اللہ تعالیٰ سے اطلاع پا کر ہمیشہ جاری رہنے کی خوشخبری عطا فرمائی۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم گزشتہ ایک سو پانچ سال سے اللہ تعالیٰ کے اس وعدے کو پورا ہوتا دیکھ رہے ہیں۔جماعت پر مختلف دَور آئے لیکن جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنی ترقی کی منزل پر نہایت تیزی سے آگے بڑھتی چلی جا رہی ہے۔اللہ تعالیٰ نے خلافت سے فیض پانے والوں کی بعض نشانیاں بتائی ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب مومنوں کو فیصلوں کے لئے اللہ اور رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تو اُن کا جواب یہ ہوتا ہے کہ ’’سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا‘‘ ہم نے سنا اور اطاعت کی۔اللہ تعالیٰ نے خلافت کا ایک کام انصاف کے ساتھ لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کا بھی رکھا ہے۔آجکل جماعت میں اتنی وسعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے پیدا ہو چکی ہے، جماعت اتنی وسعت اختیار کر چکی ہے کہ خلیفۂ وقت کا ہر جگہ پہنچنا اور ہر معاملے کو براہِ راست ہاتھ میں لینا ممکن نہیں ہے۔تو جو کارکن اور عہدیدار مقرر کئے گئے ہیں، اگر وہ خدا تعالیٰ کا خوف رکھتے ہوئے اور تقویٰ سے کام لیتے ہوئے فیصلہ نہیں کریں گے، اپنے کام سرانجام نہیں دیں گے تو وہ خلیفۂ وقت کو بھی بدنام کر رہے ہوں گے اور خدا تعالیٰ کے آگے خود بھی گنہگار بن رہے ہوں گے اور خلیفۂ وقت کو بھی گنہگار بنا رہے ہوں گے۔اسلام کی ترقی اب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ وابستہ ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا اب دنیا میں مسیح موعود کے غلاموں نے لہرانا ہے۔ان لوگوں نے لہرانا ہے جو خلافت علیٰ منہاج نبوت پر یقین رکھتے ہیں، جو خلافت کے ساتھ منسلک ہیں، جو جماعت کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں، جو حبل اللہ کو پکڑے ہوئے ہیں۔افرادِ جماعت کو بھی یاد رکھنا چاہئے جیسا کہ مَیں نے کہا، تقویٰ پر چلنا، نمازوں کا قیام اور مالی قربانیوں میں بڑھنا اُنہیں خلافت کے فیض سے فیضیاب کرتا چلا جائے گا۔پس اس کیلئے ہر فرد کا فرض ہے کہ وہ بھرپور کوشش کرے۔	14رجون	24

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
31رمئی	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	گزشتہ دنوں میں امریکہ اور کینیڈا کے دورے پر تھا۔ وہاں مختلف پروگرام غیروں کے ساتھ بھی ہوتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کا صحیح پیغام پہنچانے کی توفیق بھی عطا فرمائی اور اتنے وسیع پیمانے پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ پیغام پہنچا کہ وہاں مقامی جماعت کے انتظام کرنے والوں کو خود بھی اس کا تصور نہیں تھا۔ پس یہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں سے فضل کا ہے نہ کسی کی کوشش۔ جس کا اظہار پھر اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بناتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس دورہ سے محتاط اندازے کے مطابق بیس ملین سے زیادہ لوگوں تک پیغام پہنچا۔ یا دو کروڑ لوگوں سے زیادہ لوگوں تک یہ پیغام پہنچا۔ اور اتنی بڑی تعداد میں پیغام پہنچانا اور پھر لوگوں کی آوازیں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسلام اور جماعت کے حق میں اُٹھانا۔ یہ انسانی کوشش سے یقیناً نہیں ہوسکتا تھا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی چلائی ہوئی ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا جب بھی ہم پر فضل ہوتا ہے۔ اُس کا بیان اور اظہار ہم اس حکم (اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ) کے مطابق کرتے ہیں اور کرنا چاہئے، لیکن عاجزی اور انکسار کے ساتھ، نہ کہ اپنی کسی بڑائی کو بیان کرتے ہوئے۔ امریکہ اور کینیڈا کے دورہ کے دوران ٹی وی، ریڈیو، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ اسلام احمدیت کے پیغام کی غیر معمولی تشہیر۔ اس دورہ کے دوران متعدد اہم سیاسی وسماجی شخصیات اور دانشوروں تک امن عالم کے قیام کے سلسلہ میں اسلامی تعلیمات پہنچانے اور ان کے حیرت انگیز اثرات اور مہمانوں کے تأثرات کا روح پرور بیان۔ لوگوں کی جو یہ توجہ ہے اور یہ مختلف جو تبصرے ہیں، یہ اس بات کی تصدیق ہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ آوازیں اُس علاقے سے اب اُٹھتی چلی جائیں گی اور اسلام کے حق میں بہت شدت سے گونجیں گی۔	21رجون	25
07رجون	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	قرآنِ کریم کے تمام احکامات، تمام اوامر و نواہی جو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ضروری ہیں، اُن کی بنیاد عاجزی اور انکساری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے راستوں پر نہیں چلا جاسکتا اور اُس کے احکامات پر عمل نہیں ہوسکتا اگر عاجزی سے اُس کے فضل کے حاصل کرنے کی کوشش نہ کرو۔ ہم نے اگر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنا ہے، ہم نے اگر خدا تعالیٰ کی مدد سے حصہ لینا ہے، ہم نے اگر اپنے صبر کے پھل کھانے ہیں، ہم نے اگر اپنی دعاؤں کی مقبولیت کے نظارے دیکھنے ہیں تو پھر عاجزی دکھاتے ہوئے اور مستقل مزاجی سے خدا تعالیٰ کے حضور جھکے رہنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ نہ سمجھو کہ یہ عاجزی کوئی آسان کام ہے۔ بہت سی اَنائیں، بہت سی ضدیں، بہت سی سستیاں، بہت سی دنیا کی لالچ، بہت سی دنیا کی دلچسپیاں ایسی ہیں جو یہ مقام حاصل کرنے نہیں دیتیں۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ جماعت بحیثیت جماعت بھی اور ہر فردِ جماعت بھی عاجزی اور انکساری کے اُس مقام پر پہنچے جہاں اُن کا صبر بھی حقیقی صبر بن جائے، اُن کی عبادتیں بھی حقیقی عبادتیں بن جائیں جو خدا تعالیٰ کے ہاں مقبول ہوں۔ ان صبر اور دعاؤں کے پھل اگلے جہان میں نہیں بلکہ اس دنیا میں بھی ایسے لگیں کہ دنیا کو نظر آجائے کہ یہ جماعت ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیدا کی ہے جو اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی سے حاضر ہونے والی، اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرنے والی اور اللہ تعالیٰ کے ہر حکم پر نہایت عاجزی سے عمل کرنے والی ہے۔ جب یہ نظارے دنیا کو ہم میں نظر آئیں گے تو دنیا یہ کہنے پر مجبور ہوگی کہ حقیقی مومن یہی ہیں۔ جماعت پاکستان کے لئے جو وہاں پاکستان میں حالات ہیں، اُن کے لئے بھی دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اُن کی مشکلات کو دور فرمائے۔ اُن کے ایمانوں کو مضبوط رکھے اور خدا تعالیٰ سے تعلق میں اللہ تعالیٰ اُن کو بڑھاتا چلا جائے۔ پاکستان میں رہنے والے احمدی بھی اپنے ایمان اور ایقان کے لئے خاص طور پر بہت دعا کریں۔	28رجون	26

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
14/جون	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	اصل مسلمان وہ ہے جو خدا تعالیٰ کی نظر میں مسلمان ہے۔ وہ مسلمان ہے جو اعلان کرے کہ مَیں خدا تعالیٰ کی وحدانیت پر یقین رکھتا ہوں اور ایمان لاتا ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری شرعی نبی مانتا ہوں، خاتم الانبیاء یقین کرتا ہوں۔ اور اس تعریف کے مطابق احمدی مسلمان ہیں اور عملاً بھی اور اعتقاداً بھی دوسروں سے بڑھ کر مسلمان ہیں۔ اس اعلان کے بعد ہمیں زبردستی غیر مسلم بنا کر کچھ بھی ظلم یہ آئینی مسلمان ہم پر کریں یا وہ مسلمان جو آئین کی رو سے مسلمان ہیں، ہم پر کریں، یا حکومتیں اور اُن کے وزراء کی اشیر باد پر ان کے کارندے ہم پر کریں، یہ خدا تعالیٰ کی نگاہ میں گنہگار بن رہے ہیں اور ہمیں خدا تعالیٰ کے قریب لا رہے ہیں۔ ان کی یہ حرکتیں یقیناً ہمیں خدا تعالیٰ کے قریب لانے والی ہونی چاہئیں۔ اگر کوئی حکومت یا وزیر یا اُن کے چیلے احمدیوں پر ظلم کریں گے تو دنیا میں اپنی حکومت کو اور ملک کو بدنام کریں گے۔ ملک کی بدنامی سے ہر احمدی کا دل خون ہوتا ہے۔ کیونکہ اس ملک کی خاطر ہم نے بڑی قربانیاں دی ہوئی ہیں۔ یہاں مذہب کے نام پر خون کر کے یہ لوگ نہ صرف ملک کو بدنام کر رہے ہیں بلکہ یہ سب کچھ جو ہو رہا ہے اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔ اور اسلام جو امن، صلح، بھائی چارے اور محبت کا مذہب ہے اُسے بھی بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم تو اسلام کا غلط تاثر دینے والوں کے تاثرات کو زائل کر رہے ہیں اور یہ ہمارا کام ہے کہ اسلام کی خوبصورتی کو دنیا میں دکھائیں، اس لئے ہم انشاء اللہ تعالیٰ کرتے چلے جائیں گے۔ ہر احمدی جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہو کر مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت میں آیا ہے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کا تابع فرمان ہے۔ مسلمان بھی یقیناً ہے اور پکّا مسلمان ہے اور اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے والا بھی ہے۔ اُس کے مسلمان ہونے پر کسی اسمبلی یا سیاسی حکومت کی مہر کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نے تو اس ایمان کا مظاہرہ کرنا ہے جو دنیا والوں سے خوف کھانے والا نہ ہو بلکہ اگر کوئی خوف اور غم ہو تو یہ کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کو کس طرح حاصل کرنا ہے، اُس کے قرب کو کس طرح حاصل کرنا ہے؟ پس یہ ہے وہ مقام جو ہر احمدی کو حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ بحیثیت جماعت، جماعت کی کثرت اس مقام کو حاصل کرنے والی ہو۔ دعاؤں کی طرف توجہ دینے والی ہو۔ ہم حقیقت میں اسلامی رنگ میں رنگین ہونے والے ہوں۔ مکرم چوہدری حامد سمیع صاحب آف کراچی کی شہادت۔ شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	05/جولائی	27
21/جون	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	اگر مومن ہو تو تقویٰ سے کام لیتے ہوئے ہمیشہ قولِ سدید پر قائم رہو۔ کسی قسم کی لغو اور فضول بات قولِ سدید کے نام پر نہ ہو۔ اگر حکمت ہو گی تو تبھی قولِ سدید بھی ہو گا۔ ہر سچی بات حکمت کے بغیر اور موقع اور محل کو سامنے رکھے بغیر کرنا قولِ سدید نہیں ہے۔ **ایک مومن کو تقویٰ پر چلتے ہوئے قولِ سدید کی باریکیوں پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ تقویٰ کی باریکیوں پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔** قولِ سدید کا حکم تو ایسا ہے کہ اس پر معاشرے کے امن کی بنیاد ہے۔ معاشرے کی اصلاح کی بنیاد اس پر ہے۔ اگر سچائی پر قائم ہو گے، تقویٰ پر قائم ہو گے، اپنے اعمال پر نظر ہو گی تو یہ مشکلات بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے دور ہوتی چلی جائیں گی۔ مکرم جواد کریم صاحب ابن مکرم کریم احمد دہلوی صاحب آف لاہور کی شہادت۔ شہید مرحوم کی والدہ مکرمہ رضیہ کریم صاحبہ کی وفات۔ ہر دو مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	12/جولائی	28
28/جون	جلسہ گاہ۔ کالسروئے، جرمنی	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے جلسہ سالانہ کے مقاصد عالیہ کا تذکرہ اور احباب جماعت کو اہم نصائح۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت جرمنی ہر سال چار پانچ مساجد بنا رہی ہے اور مجھے ان کے افتتاح کا موقع بھی ملتا ہے اور تقریباً ہر جگہ میں یہی کہتا ہوں کہ اس مسجد کے بننے کے بعد اس مسجد کے علاقے میں رہنے والے احمدیوں کی ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں۔ صرف مسجد بنا کر اُس میں نمازیں پڑھنے کے لئے آ جانا کوئی کمال نہیں ہے، چاہے پانچ نمازوں پر ہی آپ مسجد میں آ رہے ہوں۔ اصل چیز یہ ہے کہ اس مسجد سے آپس کے تعلقات میں بھی مضبوطی پیدا ہو اور ان علاقوں کے لوگوں میں بھی اسلام کی خوبصورت تصویر ہر احمدی کے عمل سے ظاہر ہو رہی ہو۔ (خطبہ جمعہ سے جماعت احمدیہ جرمنی کے جلسہ سالانہ کا افتتاح۔ جماعت احمدیہ امریکہ اور کبابیر کے جلسوں کا آغاز بھی آج سے ہی ہو رہا ہے۔)	19/جولائی	29

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
05/جولائی	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	ہر سفر جو میں کرتا ہوں اپنے رنگ میں اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کو لئے ہوئے ہوتا ہے۔ جلسہ سالانہ جرمنی پر اور جلسہ کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کے ایسے نظارے دیکھے کہ اس بات پر یقین مزید پختہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کئے گئے وعدے ہر روز نئی شان سے پورے فرماتا ہے۔ جلسہ کے علاوہ دو مساجد کے سنگ بنیاد اور دو مساجد کے افتتاح کی تقاریب ہوئیں۔ جرمنی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نیشنل ٹی وی پر جماعت کے متعلق خبر نشر کی گئی۔ ٹی وی کے ذریعہ جرمنی کے علاوہ آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ میں بھی جماعت کا پیغام پہنچا۔ مجموعی طور پر تیس اخبارات، تین ریڈیو اسٹیشنز اور پانچ ٹی وی چینلز نے ہمارے اِن فنکشنز کو کوریج دی۔ [جلسہ سالانہ اور دیگر تقاریب میں شامل ہونے والے مختلف افراد کی طرف سے حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ اور اسلام احمدیت سے متعلق نیک جذبات کا اظہار] آج کینیڈا، بیلجیم اور آئرلینڈ کے جلسہ سالانہ کے علاوہ خدام الاحمدیہ یوکے (UK) کا سالانہ اجتماع بھی منعقد ہو رہا ہے۔ اس بات کو ہمیشہ ہر خادم کو اور جماعت کے ہر ممبر کو یاد رکھنا چاہئے کہ اجتماعوں اور جلسوں کا مقصد خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنا، اپنی روحانی حالت کو بہتر کرنا، اخلاقی حالت کو بہتر کرنا ہے۔ اس طرف خاص طور پر توجہ دیں۔	26/جولائی	30
12/جولائی	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ وہ ہمیں رمضان کے ایک اور مہینے سے گزرنے کا موقع عطا فرما رہا ہے۔ اس مہینے میں ہر ایک کو اپنے جائزے لیتے ہوئے روزے اور رمضان کی روح کو تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ تقویٰ کے راستوں کی تلاش کی ضرورت ہے۔ حلال اور جائز چیزوں کے اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے چھوڑنے کا جو تجربہ حاصل ہو گا اُسے اپنے اندر عمومی، اخلاقی تبدیلی پیدا کرنے کا ذریعہ بنانے کی کوشش کی ضرورت ہے۔ حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف جو توجہ پیدا ہوگی، اپنے غریب بھائیوں کی مدد کی طرف جو توجہ پیدا ہوگی، اُسے مستقل زندگی کا حصہ بنانے کی طرف توجہ اور کوشش کی ضرورت ہے۔ پس روزوں میں، رمضان کے مہینے میں عبادات اور قربانی کا جو خاص ماحول پیدا ہوتا ہے اُسے مستقل اپنانے کی ضرورت ہے تا کہ ہم متقیوں کے گروہ میں شامل ہونے والوں کی طرف بڑھنے والے ہوں۔ اس رمضان میں ہمیں اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ (روزہ کی اہمیت، اس کی غرض و غایت اور فوائد و برکات کا قرآن مجید، احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے تذکرہ اور افراد جماعت کو اہم نصائح) مکرم عرفانہ شکور صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر میاں عبدالشکور صاحب اور عزیزہ ملیحہ انجم بنت مکرم نصیر احمد انجم صاحب کی نماز جنازہ حاضر اور مکرم مولانا عبدالکریم شرما صاحب (مرحوم) کی نماز جنازہ غائب اور مرحومین کا ذکر خیر۔	02/اگست	31
19/جولائی	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	رمضان کا فیض اُس وقت حاصل ہوتا ہے جب قرآنِ کریم کی تعلیمات پر عمل ہو۔ روزے تبھی فائدہ دیں گے جب قرآنِ کریم کی تعلیمات پر عمل ہو۔ پس وہ لوگ جن کے آپس کے جھگڑے صرف اَناؤں اور تکبر کی وجہ سے طول پکڑے ہوئے ہیں، اُنہیں اس رمضان میں عاجزی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صلح کی طرف ہاتھ بڑھانے چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ کی مدد ملتی ہے دعاؤں کی طرف توجہ سے اور صبر سے اور یہ خصوصیت صرف اُنہی لوگوں میں ہوتی ہے جو عاجزی دکھانے والے ہیں۔ اور یہ عاجزی خدا تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے والوں کا شیوہ ہے۔ ہمیں چاہئے کہ اس رمضان میں ہم اپنے جائزے لیں کہ کس حد تک ہم نے اپنی حالتوں کو خدا تعالیٰ کی بتائی ہوئی تعلیم کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ اور اس طرف قدم بڑھانے شروع کر دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم اس عظیم کتاب کی تعلیم کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنا کر خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والے بن سکیں اور یہ رمضان ہمیں پہلے سے بڑھ کر قرآنِ کریم کا علم و عرفان عطا کرنے والا بھی ہو اور اپنا قرب دلانے والا بھی ہو۔	09/اگست	32

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26/جولائی	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	قرآن کریم اور رمضان کے مہینے کا ایک خاص تعلق ہے۔اس تعلق کا فائدہ تبھی ہے جب ہم رمضان کے مہینے میں قرآن کریم کی تلاوت کے ساتھ اس کے احکامات پر غور کریں اور ان کو اپنی زندگیوں کا حصّہ بنانے کی کوشش کریں۔ عبادت الٰہی، والدین سے حسن سلوک اور تربیت اولاد سے متعلق قرآنی احکامات کی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے تشریح اور احباب جماعت کو اہم نصائح۔	16/اگست	33
02/اگست	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	جس تیزی سے دنیا میں فحاشی پھیلائی جارہی ہے، ایک احمدی کا کام ہے کہ اُس سے بڑھ کر اپنے خدا سے تعلق پیدا کر کے اپنے آپ کو اور دنیا کو اس تباہی کے خوفناک انجام سے بچانے کی کوشش کرے۔ ہر قسم کی فحشاء سے بچنے، ناحق قتل کو روکنے، یتامیٰ کے اموال کی حفاظت کرنے اور ماپ تول میں انصاف سے کام لینے سے متعلق قرآنی احکامات کی حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کی روشنی میں تشریح وتفسیر اور احباب جماعت کو اہم نصائح۔	23/اگست	34
09/اگست	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	آج یہ جماعت احمدیہ کا ہی کام ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے نہ صرف اسلام پر کئے گئے حملوں کا دفاع کریں بلکہ دلائل و براہین سے دشمن کا منہ بھی بند کریں۔ اگر گھریلو سطح پر بھی اور کاروباری معاملات میں بھی سچائی پر مبنی گواہیاں ہوں، عدل قائم کرنے کے لئے گواہیاں ہوں تو ہمارا معاشرہ اس دنیا میں بھی جنت کا نمونہ پیش کرسکتا ہے۔ جو عہدیدار منتخب ہوئے ہیں اُن کا فرض بنتا ہے کہ اپنی کمزوریوں کو خدا تعالیٰ کے حضور پیش کرتے ہوئے اُس سے مغفرت اور مدد کے طالب ہوں اور انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انصاف کا معیار اللہ تعالیٰ نے دشمنوں کے ساتھ انصاف کرنا رکھا ہے۔ کیونکہ حقیقی تقویٰ اُسی وقت حاصل ہوتا ہے جب دشمن سے بھی عدل اور انصاف کا سلوک کیا جائے۔ تبھی ایک حقیقی مسلمان ہونے کا معیار حاصل ہوگا۔ تبھی تبلیغ کے راستے کھلیں گے۔ تبھی اسلام کی حقیقی تعلیم غیروں پر واضح ہوگی۔ عدل اور انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ جو ہمیں حکم دیتا ہے وہ یہ ہے کہ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا (الانعام:153) کہ اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرو۔ سب سے بڑا عہد جو اللہ تعالیٰ سے ایک مومن کا ہے، ایک احمدی کا ہے وہ عہدِ بیعت ہے۔ اگر اس عہد کی حقیقت کو ہم سمجھ لیں تو خود بخود تمام احکام پر عمل اور نیکیاں کرنے کی طرف توجہ پیدا ہوجائے گی۔ پھر ایک اور اہم عہد ہے جو ہر ملک کا شہری خدا کو گواہ بنا کر یا قرآن کو گواہ بنا کر ملک سے کر رہا ہوتا ہے یا اگر صرف بعض دفعہ ملک کے بادشاہ کے نام پر عہد لے رہا ہو تب بھی ایک ایسا عہد ہے جس کو پورا کرنا اور اس کو نبھانا ایک مسلمان پر فرض ہے اور نہ پورا کرنا ایمان کی کمزوری ہے۔ دوسری اہم بات کہ شادی ایک معاہدہ ہے۔ مرد اور عورت کے عہد و پیمان ہوتے ہیں۔ خاوند بیوی میں عہد ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ علیحدگی میں جو عہد و پیمان ہیں، بیشک اس کا کوئی ظاہری گواہ نہیں ہے لیکن اس عہد کو پورا کرنا بھی ضروری ہے۔ مومن وہی ہے جو مستقل مزاجی سے ان نیکیوں پر عمل کرتا اور اپنے عہدوں کو پورا کرتا ہے۔ اللہ کرے کہ یہ رمضان ہمیں بے شمار برکات کا حامل بنا کر جائے اور قرآن کریم میں دیئے گئے خدا تعالیٰ کے جو احکامات ہیں اُن کا پہلے سے بڑھ کر ہم میں ادراک پیدا ہو۔	30/اگست 06/ستمبر	35 36
16/اگست	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	ہر احمدی کو پتہ ہونا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کی غرض کیا ہے؟ اور یہ کہ آپ کو ماننا کیوں ضروری ہے؟ اپنے عقیدے کو مضبوط اور پختہ کرنے کی ہر ایک کو ضرورت ہے۔ جماعتی نظام کو بھی اور ذیلی تنظیموں کو بھی اپنے پروگرام بنانے چاہئیں کہ کس طرح ہم اس بارے میں ہر فرد تک یہ تعلیم پہنچا دیں کہ آپ کی بعثت کی غرض کیا ہے اور آپ کو ماننا کیوں ضروری ہے۔ جو جماعتی نظام ہے، سیکرٹریان، مبلغین اور ذیلی تنظیمیں سب کا کام ہے کہ خلافت سے ہر فرد کا ذاتی تعلق پیدا کروانے کی کوشش کریں۔ دلوں میں خلافت سے تعلق اور وفا کو جو پہلے ہی ہے، اُجاگر کرنے کی کوشش کریں۔ ہر احمدی کو اس روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہم چندہ کیوں دیتے ہیں؟ ہر سطح پر سیکرٹریانِ مال کو فعّال ہونے کی ضرورت ہے۔ خلیفۂ وقت کے خطبات کا سننا بھی بہت ضروری ہے۔ مبلغین جماعتوں میں قرآنِ کریم پڑھانے کا انتظام کریں۔ مختلف تربیتی اور انتظامی امور سے متعلق امراء جماعت، مبلغین، عہدیداران اور افراد جماعت کو نہایت اہم تاکیدی نصائح۔ مکرمہ تانیہ خان صاحبہ اہلیہ مکرم آصف خان صاحب کینیڈا کی وفات۔ مرحومہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	30/اگست 06/ستمبر	35 36

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
23/اگست	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	جلسہ کے انتظام میں لنگر کے لحاظ سے حدیقۃ المہدی میں کھانا پکانے کے لئے مستقل کچن اور نئے روٹی پلانٹ کی تنصیب۔جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کی مہمان نوازی کے سلسلہ میں احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے کارکنان کو نہایت اہم نصائح۔جس مہمان نوازی کا آج ہمیں موقع دیا جا رہا ہے وہ نہ صرف مہمان ہیں بلکہ ایک دینی مقصد کے لئے سفر کر کے آنے والے مہمان ہیں۔وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے آتے ہیں اور خلیفۂ وقت سے ملنے اور اس کی باتیں سننے کے شوق میں آتے ہیں۔ایسے مہمانوں کا ہم پر بہت حق ہے۔یہ بہت ہی قابلِ احترام مہمان ہیں جن کی نیت اللہ اور رسول کی رضا ہے۔مکرم ظہور احمد کیانی صاحب اورنگی ٹاؤن کراچی کی شہادت۔شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	13/ستمبر	37
30/اگست	حدیقۃ المہدی۔(آلٹن) برطانیہ	یہاں آنے والے کو اُس مقصد کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھنا چاہئے جس کی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خواہش کی ہے۔ہمیشہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کا وارث بننے کے مقصد کو اپنے سامنے رکھیں۔صرف اور صرف ربّانی باتوں کا سننا اپنا مقصد رکھیں۔اور اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ ان دنوں میں خاص طور پر سب کے پیشِ نظر ہو۔پھر جلسہ کی کارروائی کو سنجیدگی سے اور غور سے سننا بھی ایک بہت بڑا مقصد ہے۔جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کو جلسہ کی کارروائی کو غور سے سننے، نمازوں کی پابندی، سیکیورٹی، صفائی اور انتظامیہ سے تعاون وغیرہ امور سے متعلق تاکیدی نصائح۔اللہ تعالیٰ جلسے پر آنے والوں کو بھی جلسے کی برکات اور ماحول سے فیضیاب فرمائے۔جو دُور دراز سے جلسے میں شمولیت کی نیت سے آئے ہیں اُن کی دعائیں بھی قبول فرمائے۔جو آنے کے انتظار میں بیٹھے تھے لیکن اُن کو ویزے نہیں مل سکے، اللہ تعالیٰ اُن کی بھی نیک خواہشات کو پورا فرمائے اور اُن کی دعائیں قبول فرمائے۔اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعائیں بھی اُن کے حق میں قبول ہوں۔	20/ستمبر	38
06/ستمبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	اللہ تعالیٰ کے فضل سے یوکے (UK) کا جلسہ سالانہ اپنی تمام تر برکات کے ساتھ اور شکر کے مضمون کو مزید اجاگر کرتے ہوئے ختم ہوا۔اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے نظارے ہر ایک نے دیکھے اور محسوس کئے۔جلسہ سالانہ کے حسن انتظام، بے لوث خدمت خلق اور پُر خلوص مہمان نوازی اور روحانیت سے معمور ماحول کا مہمانوں پر غیر معمولی اثر۔مختلف ممالک سے آنے والے غیر از جماعت معززین اور احمدی مہمانوں کے جلسہ سے متعلق نیک تاثرات کا تذکرہ۔مکرم آدم بن یوسف صاحب آف گھانا کی وفات اور مکرم ڈاکٹر سید طاہر احمد صاحب (لانڈھی کراچی) اور مکرم ملک اعجاز احمد صاحب (اورنگی ٹاؤن کراچی) کی شہادت۔مرحومین کا ذکر خیر۔مکرم آدم بن یوسف صاحب کی نماز جنازہ حاضر اور ہر دو شہداء کی نماز جنازہ غائب۔	27/ستمبر	39
13/ستمبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	اس وقت دنیا کے حالات بڑی تیزی سے تباہی کی طرف بڑھ رہے ہیں اور خاص طور پر شام کے حالات کی وجہ سے نہ صرف شام بلکہ عرب دنیا میں جو حالات ہیں اُس کی وجہ سے بہت زیادہ تباہی پھیل سکتی ہے۔اگر شام کی جنگ میں بیرونی طاقتیں شامل ہوئیں تو پھر صرف عرب دنیا ہی نہیں بلکہ بعض ایشین ممالک کو بھی بہت زیادہ نقصان پہنچے گا۔یہ جنگ صرف شام کی جنگ تک محدود نہیں رہے گی بلکہ یہ عالمی جنگ کا پیش خیمہ ہوسکتی ہے۔ہم احمدیوں کو دنیا کو تباہی سے بچانے کے لئے بہت زیادہ دعاؤں کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ہمارے پاس دعا کے علاوہ کوئی ذریعہ نہیں ہے جس سے ہم دنیا کو تباہی سے بچانے کی کوشش کرسکیں۔ظاہری کوشش کے لحاظ سے ہم دنیا کو اور بڑی طاقتوں کو ان خوفناک نتائج سے ہوشیار کر سکتے ہیں جو ہم کر بھی رہے ہیں۔مسلمان ممالک کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور عالمی حالات کا بصیرت افروز تجزیہ اور امن عالم کے قیام کے لئے اسلامی تعلیمات کو اپنانے کی طرف توجہ دینے کی تاکید۔ہر ملک میں رہنے والے احمدی کا اپنے ملک سے وفا کا یہ تقاضا ہے اور خاص طور پر ہر وہ احمدی جوان مغربی ممالک میں رہ رہا ہے کہ ان سیاستدانوں کو آنے والی تباہی سے ہوشیار کریں۔اسلامی تعلیم اور بالخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے حوالہ سے حُکام اور رعایا کو ظلم سے باز رہنے اور انصاف کو اپنانے کی بابت اہم نصائح کا تذکرہ۔	04/اکتوبر	40

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
20/ستمبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے عملوں کو اپنی رضا کے مطابق بھی بنائے اور پھر محض اور محض اپنے فضل سے اُنہیں قبول بھی کرلے۔ ہمارے عمل ایسے نہ ہوں جو دنیا کی ملونیوں کی وجہ سے ہمارے منہ پر مارے جانے والے ہوں۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول اعمال کی توفیق پانے کے لئے نصائح اور اس سلسلہ میں درپیش خطرات کی نشاندہی۔مکرم اعجاز احمد کیانی صاحب آف کراچی کی شہادت۔مکرم عبدالحمید مومن صاحب درویش قادیان اور مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب آف کراچی کی وفات۔مرحومین کا ذکرخیر اور نماز جنازہ غائب۔	11/اکتوبر	41
27/ستمبر	مسجد طٰہٰ۔سنگاپور	یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ایک مرتبہ پھر مجھے اس علاقے کے احمدیوں سے ملنے کی توفیق عطا فرمائی۔ملائیشیا اور انڈونیشیا کے حالات جماعتی لحاظ سے ایسے ہیں کہ وہاں میرا جانا مشکل ہے۔اس لئے سنگاپور ہی ایسی جگہ ہے جہاں ان جماعتوں کے افراد سے ملاقات کے سامان اللہ تعالیٰ مہیا فرمادیتا ہے۔ پاکستان کے بعد انڈونیشیا ایسا ملک ہے جہاں ظلم و بربریت کی داستانیں رقم ہوتی چلی جارہی ہیں پاکستان میں توظلموں کی انتہا ہے اور کلمہ پڑھنے والوں پرظلم کیا جارہا ہے اور کلمہ کے نام پرظلم کیا جارہا ہے۔اور اُنہی کا اثر اور اُن پاکستانی مُلّاؤں کا اثر ہی انڈونیشیا کے مُلّاؤں پر بھی ہے جو یہ ظلم کرتے رہے ہیں یا کرنے کی طرف لوگوں کو ابھار رہے ہیں۔ ہر احمدی کو چاہئے کہ ان مخالفتوں کی آندھیوں کے باوجود اپنے ایمان کو بڑھاتا چلا جائے۔استقامت کے اِن نمونوں پر ہمیشہ قائم رہے۔ایمان واخلاص میں بڑھتا چلا جائے اور ثبات قدم کے لئے دُعا بھی کرے۔ اللہ تعالیٰ کے آگے جھکنا اور اپنی عملی حالتوں کو بہتر کرنا صرف اُن احمدیوں کا کام نہیں جن پر سختیاں ہورہی ہیں بلکہ ہر احمدی کو اپنی حالتوں کے جائزے لینے چاہئیں۔حکمت کے ساتھ اپنے تبلیغ کے میدان کو وسیع تر کرتے چلے جائیں۔ ہر طبقے میں احمدیت یعنی حقیقی اسلام کا پیغام پہنچائیں۔ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ چاہے حالات اچھے ہوں یا خراب، ہم احمدی مسلمانوں نے اسلام کا اصل چہرہ دنیا کو دکھانا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس زمانے میں فاصلوں کی دوری کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ایم ٹی اے کے ذریعہ سے جماعت اور خلافت کے تعلق کو جوڑ دیا ہے۔اس لئے میرے خطبات اور مختلف پروگراموں کو ضرور سنا کریں۔ یہ خطبات وقت کی ضرورت کے مطابق دینے کی کوشش کرتا ہوں۔اس لئے اپنے آپ کو اِن سے ضرور جوڑیں تاکہ دنیا میں ہر جگہ احمدیت کی تعلیم کی جو اِکائی ہے اس کا دنیا کو پتہ لگ سکے۔	18/اکتوبر	42
04/اکتوبر	بیت الہدیٰ سڈنی،آسٹریلیا	اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ آسٹریلیا کا جلسہ سالانہ آج شروع ہو رہا ہے اور مجھے یہاں کے جلسہ میں شامل ہونے کی تقریباً سات سال بعد توفیق مل رہی ہے۔دنیا میں جلسوں کے انعقاد صرف لوگوں کا اکٹھ نہیں ہے بلکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کی دلیل ہے۔ جماعت احمدیہ کے سچا ہونے کی دلیل ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے بڑی شان سے پورا ہونے کی دلیل ہے۔ یہ جلسے جہاں احمدیوں کے لئے علمی اور روحانی ترقی کا باعث بنتے ہیں اور بننے چاہئیں، وہاں غیروں کو بھی اسلام کی خوبیوں کا معترف بنا کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ کو بڑی شان سے پورا کرتے ہیں کہ ان کی خالص تائید حق پر بنیاد ہے، اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ جلسہ کے مقاصد میں سے ایک مقصد آپ نے یہ بیان فرمایا تھا کہ تا آنے والوں کے دل میں تقویٰ پیدا ہو۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاکیزہ ارشادات کے حوالہ سے تقویٰ کی ضرورت و اہمیت اور اس کے تقاضوں کا تذکرہ اور افراد جماعت کو اہم نصائح۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پوتی اور حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی بیٹی مکرمہ صاحبزادی امۃ الرشید بیگم صاحبہ اہلیہ محترم میاں عبدالرحیم احمد صاحب کی وفات۔مرحومہ کا ذکرخیر اور نماز جنازہ غائب۔	25/اکتوبر	43

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
11راکتوبر	میلبرن، آسٹریلیا	ہم جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آنے کا دعویٰ کرتے ہیں، ہمیں اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ ہم کس حد تک حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کے مقصد کو پورا کر رہے ہیں۔ ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ ہماری نیکیوں کے معیار اُس سطح تک بلند ہوں جہاں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمیں دیکھنا چاہتے ہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے بیعت کی حقیقت اور غرض و غایت کا تذکرہ اور بعض نومبایعین کی پاک تبدیلی پیدا کرنے اور شرائط بیعت کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ اور اس کے پیاروں سے تعلقات محبت میں بڑھنے، دین کو دنیا پر مقدم رکھنے، اخلاص و فدائیت، مالی قربانی، غیرت دینی اور بنی نوع انسان کے حقوق کی ادائیگی کے پاکیزہ نمونوں کا ایمان افروز بیان اور احباب جماعت کو اس حوالہ سے اہم نصائح۔ خوش قسمت ہیں وہ جو بیعت کی حقیقت کو سمجھتے ہیں اور جنہوں نے پاک تبدیلیاں اپنے اندر پیدا کی ہیں اور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم میں سے ہر ایک بیعت کا حق ادا کرنے والا بن جائے۔	01رنومبر	44
18راکتوبر	سڈنی، آسٹریلیا	اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو یہ پیغام دیا ہے کہ وہ بات کہو جو سب سے اچھی ہے۔ اور اچھی بات وہی ہے جو خدا تعالیٰ کے نزدیک اچھی ہے۔ قولِ سدید کا معیار اللہ تعالیٰ کے احسن حکموں میں سے ایک ہے۔ بہت سے احسن قول ہیں جو خدا تعالیٰ نے ہمیں بتائے ہیں۔ نیکی کے راستے اختیار کرنا اور بتانا احسن ہے اور برائی سے روکنا اور رُکنا احسن ہے۔ احسن قول اللہ تعالیٰ سے محبت کی طرف بھی لے جاتا ہے اور خدا تعالیٰ کی خاطر انسان کی محبت دوسرے انسان سے بھی پیدا کرتا ہے۔ ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ اپنے آپ کو ایم ٹی اے سے جوڑیں۔ اب خطبات کے علاوہ اور بھی بہت سے لائیو پروگرام آ رہے ہیں جو جہاں دینی اور روحانی ترقی کا باعث ہیں وہاں علمی ترقی کا بھی باعث ہیں۔ ایم ٹی اے کی ایک اور برکت بھی ہے کہ یہ جماعت کو خلافت کی برکات سے جوڑنے کا بھی بہت بڑا ذریعہ ہے۔ پس اس سے فائدہ اُٹھانا چاہئے۔ یہی سب سے احسن قول ہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف بلاؤ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والے کو اپنے قول و فعل کو ایک کرنا ہوگا اور اپنے آپ کو مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کی مرضی کے تابع کرنا ہوگا۔ میں آسٹریلیا کی جماعت کو بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس بات کو یاد رکھیں کہ دعوتِ الی اللہ، اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے لیکن اس کے لئے، اس کے ساتھ اور اس کام کو کرنے کے لئے اپنے عمل اللہ تعالیٰ کے حکموں کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے اور کامل فرمانبرداری اور اطاعت کا نمونہ دکھانے کی ضرورت ہے۔ حضرت مصلح موعودؓ کی بیٹی محترمہ صاحبزادی امۃ المتین صاحبہ اہلیہ مکرم سید میر محمود احمد ناصر صاحب کی وفات۔ مرحومہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	08رنومبر	45
25راکتوبر	مسجد بیت المسرور، برزبن، آسٹریلیا	اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے برزبن (Brisbane) کے احمدیوں کو توفیق دی یا آسٹریلیا کے احمدیوں کو توفیق دی کہ یہاں اس شہر میں باقاعدہ مسجد کی تعمیر کریں۔ پس اللہ تعالیٰ کے اس احسان کا جتنا بھی شکر ادا کریں، کم ہے۔ یہاں سینٹر قائم تھا، لوگ نمازیں پڑھنے کے لئے آتے تھے۔ باقی جماعتی activities بھی ہوتی ہوں گی لیکن جب مسجد کے لئے منصوبہ منظوری کے لئے دیا گیا تو ہمسایوں کی طرف سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور مجھے جو رپورٹ ملی ہے اُس کے مطابق آٹھ نو مہینوں کی کوششوں کے بعد کونسل کی طرف سے اجازت مل گئی اور یوں اس سٹیٹ کوئنز لینڈ (Queensland) میں جماعت احمدیہ کی پہلی باقاعدہ مسجد کی تعمیر کا آغاز ہوا جو دسمبر 2012ء کے بعد شروع ہوا اور آج آپ کے پاس اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ خوبصورت مسجد ہے۔ اس مسجد کی تعمیر پر اور پہلی عمارتوں کی درستی وغیرہ پر، جو اعداد و شمار میرے پاس آئے ہیں اُس کے مطابق، ساڑھے چار ملین ڈالر خرچ کئے گئے اور افرادِ جماعت نے دل کھول کر قربانیاں دیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام قربانی کرنے والوں کو بے انتہا دے، ان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔ انسان کا خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کو پکارنا اُس وقت کہلاتا ہے جب وہ اللہ تعالیٰ کی تمام قسم کی حدود کا بھی خیال رکھے۔ اور ان حدود کا پتہ چلتا ہے جب ہم قرآنِ کریم کا مطالعہ کرتے ہیں اور اُس میں سے خدا تعالیٰ کے احکامات تلاش کر کے اُن کو نکالتے ہیں۔ یہ احکامات ہی وہ حدود ہیں جن کے اندر رہ کر انسان پھر خدا تعالیٰ کا قرب پاتا ہے اور دعاؤں کی قبولیت کے نشان دیکھتا ہے۔ مسجد کے بننے پر اس بات پر راضی نہ ہو جائیں کہ ہم نے مسجد بنا لی، اب مسجد بننے کے بعد آپ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں۔ دنیا میں جہاں بھی ہماری مساجد بنی ہیں اسلام کا تعارف کئی گنا بڑھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس احسان کا شکر اُس وقت ادا ہوگا، جب ہم مسجد کی آبادی کی طرف توجہ دیں گے، اس کا حق ادا کرنے والے بنیں گے اور پھر تبلیغ کی طرف بھی توجہ دیں گے۔	15رنومبر	46

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
01رنومبر	مسجد بیت المقیت، آکلینڈ، نیوزی لینڈ	جماعت احمدیہ نیوزی لینڈ کی سب سے پہلی باقاعدہ مسجد، 'مسجد بیت المقیت' کا افتتاح۔مسجد اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی اچھی اورخوبصورت ہے۔اللہ تعالیٰ جماعت کے لئے یہ مسجد ہرلحاظ سے مبارک فرمائے۔نیوزی لینڈ میں گوایک چھوٹی جماعت ہے لیکن متفرق قوموں کے لوگ ہیں مگر اخلاص و وفا میں ہرایک، ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔یاد رکھنا چاہئے کہ صرف ظاہری اخلاص اور وقتی طور پر چاہے وہ وقت کی قربانی ہو یا مال کی قربانی ہو، ایک حقیقی مومن کے لئے کافی نہیں ہے بلکہ مستقل مزاجی سے نیکیوں پر قدم مارنا اورتقویٰ پر چلنا اوراپنی پیدائش کے مقصد کو ہمیشہ یادرکھنا یہ ایک حقیقی مومن کی شان ہے، اورشان ہونی چاہئے۔ اور مقصدِ پیدائش کے بارے میں خدا تعالیٰ نے جو ہمیں توجہ دلائی ہے اُسے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔اگر اللہ تعالیٰ کے انعامات لینے ہیں، اپنے گھروں کو ان گھروں میں شمار کروانا ہے جنہیں اللہ تعالیٰ کے اِذن سے بلند کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے گھروں کو بھی بھرنے کی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ کا خوف بھی ہر وقت اپنے دلوں میں رکھنے کی ضرورت ہے۔جب آپ عہد کرتے ہیں کہ ہم دین کو دنیا پر مقدم رکھیں گے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ہماری دنیا بھی دین کے تابع ہوگی۔ہمارے سے کوئی ایسا کام سرزد نہیں ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی رضا اور منشاء کے خلاف ہو۔اس مسجد کے بننے کے ساتھ آپ میں پہلے سے بڑھ کر پاک تبدیلیاں ہونی چاہئیں اوراس کے ساتھ ہی تبلیغ کے بھی نئے راستے کھلیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ، تو آپ کی عملی حالت دیکھ کر لوگوں کو اسلام کی طرف توجہ بھی پیدا ہوگی۔اس لئے اپنے عملوں کو بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں۔تبلیغ کے لئے نئے نئے راستے تلاش کریں، نئے نئے طریق تلاش کریں۔اسلام کا زیادہ سے زیادہ تعارف کروائیں۔جہاں اپنی عبادتوں کے حق ادا کرنے کی کوشش کا عہد کریں وہاں اعلیٰ اخلاق کے ذریعہ آپس میں اللہ تعالیٰ کے حکموں پر عمل کرتے ہوئے محبت اور پیار اور تعاون کو بھی بڑھائیں اور پھر علاقے کے لوگوں کو بھی حقیقی اسلام کا تعارف کروائیں۔اسلام کے خلاف جو غلط فہمیاں پیدا ہوئی ہوئی ہیں اُن کو دُور کرنے کی کوشش کریں۔مسجد بیت المقیت کی تعمیر پر ساڑھے تین ملین نیوزی لینڈ ڈالرز خرچ ہوئے۔مسجد اوراس کے ملحقہ دفاتر و عمارتوں کے کوائف اور افراد جماعت کی قربانیوں کا قابل رشک تذکرہ۔جماعت نیوزی لینڈ کے جلسہ سالانہ کا خطبہ جمعہ سے افتتاح	22رنومبر	47
08رنومبر	ناگویا، جاپان	اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا کی دوسری جماعتوں کی طرح جماعت احمدیہ جاپان بھی ترقی کی طرف بڑھنے والی اوراس طرف قدم مارنے والی جماعتوں میں سے ہے۔اخلاص و وفا اور مالی قربانیوں میں بڑھنے والی جماعتوں میں سے ہے۔انسان کی پیدائش کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے۔ہم جب مساجد بناتے ہیں یا اجتماعی عبادت کے لئے کوئی جگہ خریدتے ہیں تو یہی مقصد پیشِ نظر ہونا چاہئے کہ ہم نے مستقل مزاجی کے ساتھ اپنی پیدائش کے مقصد کی بلندیوں پر جانا ہے۔یہ لوگ یہ نہیں دیکھیں گے کہ آپ نے اس مسجد کے بنانے کے لئے کیا قربانیاں دیں؟ لوگ دیکھیں گے کہ آپ کی عملی حالت کیا ہے؟ آپ کا خدا تعالیٰ سے زندہ تعلق کیسا ہے؟ آپ میں شامل ہو کر اُن لوگوں میں کیا انقلاب آ سکتا ہے؟ کوئی نئی چیز اگر ہم ان کو دے سکتے ہیں تو خدا تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کا طریق سکھا سکتے ہیں۔ہم یہی ان کو بتا سکتے ہیں کہ اب زندہ مذہب صرف اسلام ہے۔ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی عبادت کا حق کس طرح ادا ہوتا ہے؟ ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کس طرح دعاؤں کو سنتا ہے؟ ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اپنے بندوں سے کس طرح کلام کرتا ہے؟ لیکن یہ سب کچھ کرنے کے لئے ہمیں اپنے جائزے لینے ہوں گے۔خدا تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مضبوط کرنا ہوگا۔اپنی نمازوں کی حفاظت کرنی ہوگی۔اپنی عبادتوں کے حق ادا کرنے ہوں گے۔آپس میں محبت اور پیار سے رہنا ہوگا۔اپنے اخلاق کے وہ اعلیٰ معیار حاصل کرنے ہوں گے جو جاپانی قوم کے اخلاق سے بہتر ہوں۔اس وقت جس کامیابی کے حصول کے لئے ہمیں کوشش کرنی چاہئے وہ ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کے مقصد کو پورا کرنا اور آپ کی بعثت کا مقصد بندے کو خدا تعالیٰ کے قریب کرنا اوراس سے زندہ تعلق پیدا کروانا ہے۔اسی طرح مخلوق کے جو ایک دوسرے پر حق ہیں اُن کی ادائیگی کی طرف توجہ دلانا اوراُن کی ادائیگی کرنا ہے۔اب ایک نئی مسجد انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی بن جائے گی، اس سے تبلیغ کے مزید راستے کھلیں گے۔ان راستوں پر ہر احمدی کو نگران بن کر کھڑا ہونا پڑے گا تا کہ جو اِن راستوں پر چلنے کے لئے آئے، جو اِن کی تلاش کرنے کی کوشش کرے، وہاں ہر پرانا احمدی جو احمدیت کے بارے میں علم رکھتا ہے راہنمائی کے لئے موجود ہو۔مسجد بیت الاحد کا رقبہ تقریباً تین ہزار مربع میٹر ہے اور ساٹھ فیصد حصہ مسقّف ہے، چھتا ہوا ہے۔نماز کا ہال ہے جس میں بیک وقت پانچ سو نمازی نماز ادا کر سکتے ہیں۔کمرے اور رہائشی کوارٹرز ہیں، تقریباً آٹھ لاکھ ڈالر میں اخراجات سمیت اس کی خرید کی گئی ہے۔تحریک جدید کے 80ویں سال کے آغاز کا اعلان۔اس سال تحریکِ جدید میں جماعت کو اُٹھہتر لاکھ اُنہتر ہزار ایک سو پاؤنڈ (78,69,100) کی قربانی پیش کرنے کی توفیق ملی جو گزشتہ سال سے تقریباً ساڑھے چھ لاکھ پاؤنڈ زیادہ ہے۔تحریک جدید میں مالی قربانی میں پاکستان اوّل، جرمنی دوم، امریکہ سوم اور برطانیہ چوتھے نمبر پر رہے۔مختلف پہلوؤں سے مالی قربانی پیش کرنے والے ممالک اور جماعتوں کا جائزہ۔اللہ تعالیٰ تمام قربانی کرنے والوں کے جو کسی بھی صورت میں قربانی کر رہے ہیں اور تحریکِ جدید میں بھی جنہوں نے حصہ لیا، اُن کو بھی، اُن کے اموال و نفوس میں بے انتہا برکت ڈالے اور اُن کو ایمان اور ایقان میں بھی بڑھاتا چلا جائے۔اور یہ قربانیاں خالصۃً لِلّٰہ ہوں اور اللہ تعالیٰ ان کو قبول بھی فرماتا رہے۔	29رنومبر	48

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
15/نومبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	سنگاپور، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جاپان کے دورہ کے دوران اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا نہایت ایمان افروز اور روح پرور تذکرہ۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو گننا اور اس کی انتہا جاننا ممکن نہیں۔ ہر دورہ اور ہر دن ہمیں اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور اس کے شکر کے مضمون کی نئی آگاہی دیتا ہے۔ان ممالک کے دوروں کے دوران ہونے والی مختلف تقریبات اور ان کے غیر معمولی نیک اثرات سے متعلق غیروں کے تأثرات کا اجمالی تذکرہ۔ ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ اسلام احمدیت کا وسیع پیمانے پر تعارف ہوا۔ایک اندازہ کے مطابق اس ریجن کے 46 ممالک میں ساڑھے تین کروڑ افراد تک پیغام پہنچا۔مساجد کے افتتاح، ماؤری بادشاہ کی طرف سے خصوصی استقبالیہ تقریب، ماؤری زبان میں قرآن کریم کے ترجمہ کی اشاعت اور متعدد ایمان افروز تفصیلات ۔مکرم بشیر احمد صاحب کیانی آف کراچی کی شہادت، مکرم میاں عبدالسمیع عمر صاحب آف یوکے اور عزیز مزمّل الیاس صاحب متعلم جامعہ احمدیہ ربوہ کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	06/دسمبر	49
22/نومبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	دنیا اسلام کے جھنڈے تلے آئے گی اور انشاء اللہ تعالیٰ ضرور آئے گی لیکن اگر ہم نے اپنے حق ادا نہ کئے اور اپنے صبر اور صلوٰۃ کو انتہا تک نہ پہنچایا تو پھر ہم اُس فتح کے حصہ دار نہیں ہو سکیں گے۔ پس یہ حق ادا کرنے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے۔ چاہے وہ آسٹریلیا ہے یا یوکے ہے یا کوئی اور ملک ہے یاد رکھیں کہ اگر انقلاب لانا ہے، اگر اُس ذمہ داری کو نبھانا ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو پورا کرنے کے لئے ہم پر ہے، اگر بیعت کا حق ادا کرنا ہے تو مسجدوں کی یہ رونقیں عارضی نہیں بلکہ مستقل قائم کرنا ہوں گی۔ اپنی تمام حالتوں میں ایک پاک تبدیلی پیدا کرنی ہوگی۔ اپنی عبادتوں کے معیار بڑھانے ہوں گے۔نشان تبھی ظاہر ہوں گے جب صبر اور صلوٰۃ کے حق ادا ہوں گے۔مکرم ڈاکٹر بشیر الدین اُسامہ صاحب آف کلیولینڈ امریکہ کی وفات۔ مرحوم کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب۔	13/دسمبر	50
29/نومبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	عبادت کا حق صرف نمازیں پڑھنے سے ادا نہیں ہوتا۔ اگر خدا تعالیٰ کے باقی احکامات کی ادائیگی سامنے رکھتے ہوئے اُن پر عمل نہ ہو تو نمازیں بھی کوئی فائدہ نہیں دیتیں۔ مثلاً اگر انسان کے ہر معاملے میں سچائی نہیں تو عبادت کرنا اور مسجد میں آکر نمازیں پڑھنا، عبادت کرنے والوں میں شمار نہیں کروائے گا۔اسی طرح کینہ ہے، حسد ہے، بُغض ہے اور بہت سی برائیاں ہیں، یہ عبادت کی روح کو ختم کر دیتی ہیں۔ اعتقادی رنگ میں ہم نے دنیا پر اپنا سکّہ جما لیا ہے مگر عملی رنگ میں اسلام کا سکّہ جمانے کی ابھی ضرورت ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر مخالفوں پر حقیقی اثر نہیں ہو سکتا۔اس کی ایک موٹی مثال سچائی ہے۔ یہ ایسی چیز ہے جسے دشمن بھی محسوس کرتا ہے۔ دل کا اخلاص اور ایمان دشمن کو نظر نہیں آتا مگر سچائی کو وہ دیکھ سکتا ہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے فرمودہ ایک خطبہ جمعہ کے حوالہ سے سچائی اور دیگر اخلاق کو مضبوطی سے اپنانے کی تاکیدی نصائح	20/دسمبر	51
06/دسمبر	مسجد بیت الفتوح مورڈن۔لندن	جہاں تک دلائل کا سوال ہے، ہمارا پلّہ ہر مخالفِ اسلام اور مخالفتِ احمدیت پر بھاری ہے۔ ہم میں سے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں، اُن کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں، اُن کے سامنے تو کوئی نہیں ٹھہر سکتا اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ اگر تم میری کتب پڑھ لو تو تمہارے سامنے کوئی نہیں ٹھہر سکتا۔ لیکن جب ہم اس پہلو کی طرف دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہم میں جو عملی تبدیلی پیدا کرنا چاہتے ہیں، اُس کی حالت کیا ہے؟ تو پھر فکر پیدا ہوتی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ احمدیت کی خوبصورتی تو نظامِ جماعت اور نظامِ خلافت کی لڑی میں پرویا جانا ہے۔ اور یہی ہماری اعتقادی طاقت بھی ہے اور عملی طاقت بھی ہے۔ اس لئے ہمیشہ خلفائے وقت کی طرف سے کمزوریوں کی نشاندہی کر کے جماعت کو توجہ دلائی جاتی رہتی ہے تاکہ اس سے پہلے کہ کوئی احمدی اتنا دُور نکل جائے کہ واپسی کا راستہ ملنا مشکل ہو، استغفار کرتے ہوئے اپنی عملی کمزوریوں پر نظر رکھے اور کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کرے، اور اللہ تعالیٰ کے احسان کو یاد کرے جو اللہ تعالیٰ نے اُس پر کیا ہے۔ زمانے کی ایجادات اور سہولتوں سے فائدہ اُٹھانا منع نہیں ہے لیکن ایک احمدی کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اُس نے زمانے کی سہولتوں سے فائدہ اُٹھا کر تکمیلِ اشاعتِ ہدایت میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مددگار بننا ہے نہ کہ بے حیائی، بے دینی اور بے اعتقادی کے زیرِ اثر آ کر اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کرنا ہے۔ ہم اس بات پر خوش نہیں ہو سکتے کہ پچاس فیصد کی اصلاح ہوگئی ہے یا اتنے فیصد کی اصلاح ہوگئی ہے، بلکہ اگر ہم نے دنیا میں انقلاب لانا ہے تو سو فیصد کے ٹارگٹ رکھنے ہوں گے۔ ہر اُس شخص کو اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے جس کو جماعت کی خدمت پر مامور کیا گیا ہے اور عام طور پر ہر احمدی کو اپنا جائزہ لینا چاہئے کیونکہ حقِ بیعت زبانی دعووں سے اور صرف ماننے سے ادا نہیں ہوتا بلکہ عمل کی قوت جب تک روشن نہ ہو، کچھ فائدہ نہیں۔	27/دسمبر	52

خطبات عیدین

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
یکم ستمبر 2011ء	مسجد بیت الفتوح۔لندن	**خطبۂ عید الفطر** حقیقی غم اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا غم ہے اور حقیقی خوشی اللہ تعالیٰ کی رضا اور توبہ قبول ہونے کی خوشی ہے۔اس لئے ہر احمدی کو یہ مقصود اپنے پیشِ نظر رکھنا چاہئے کہ اُس نے اللہ تعالیٰ کے قریب ہونا ہے اور شیطان سے دور ہونا ہے۔تبھی حقیقی خوشی کو پانے کی کوشش ہوگی اور تبھی حقیقی عید منانے والے ہم بن سکیں گے۔ کیا ہی خوش قسمت ہیں وہ جن کے غم بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہوں اور اس کے لئے دل سے نکلی ہوئی دعائیں اللہ تعالیٰ کے عرش کو ہلا رہی ہوں۔رمضان کے بعد کی عید جو عیدالفطر کہلاتی ہے یا بڑی عید جو قربانی کی عید کہلاتی ہے ایک عید یا دو عیدوں کی طرف نہیں بلا رہی بلکہ اُن عیدوں کی طرف بلا رہی ہے جو نہ ختم ہونے والی عیدیں ہیں اور یہ عیدیں مستقل مزاجی اور استقامت دکھاتے ہوئے خدا تعالیٰ کا ہو جانے سے حاصل ہوتی ہیں۔یہ عیدیں قربانی اور ایثار کے تسلسل سے حاصل ہوتی ہیں۔یہ عیدیں اپنے فرائض کی ادائیگی سے حاصل ہوتی ہیں، یہ عیدیں اپنے نوافل کے ذریعے اپنے فرائض کو سجانے سے حاصل ہوتی ہیں۔یہ عیدیں مخالفین کی ہر قسم کی کوشش کے باوجود اپنے عہدوں کو نبھانے سے حاصل ہوتی ہیں۔یہ عیدیں شیطانی وساوس اور دنیاوی لالچوں کے باوجود خدا تعالیٰ کے ساتھ پختہ تعلق قائم رکھنے سے حاصل ہوتی ہیں۔یہ عید کی خوشیاں مسلسل اللہ تعالیٰ کا دامن پکڑے رہنے سے حاصل ہوتی ہیں۔ایک مومن کے لئے تو حقیقی عید کا مزہ بھی تبھی دوبالا ہوتا ہے جب خدا تعالیٰ دعاؤں کی قبولیت کے نظارے بھی دکھائے۔	19 جولائی	29
20/اگست 2012ء	مسجد بیت الفتوح۔لندن	**خطبۂ عید الفطر** اللہ تعالیٰ نے خوشی مہیا کرنے کے جو ذرائع پیدا فرمائے ہیں ان میں ایک ذریعہ رمضان المبارک کا مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ایک خاص وقت تک روزوں کے ساتھ جائز خوراک کو بھی ترک کر کے عبادتوں کی طرف توجہ اور دوسری نیکیاں بجا لانا ہے۔**اللہ تعالیٰ بھی جب اپنی خاطر قربانی کرنے والوں کے عمل کو دیکھتا ہے تو خوشی منانے کے لئے اس نے روزوں کے بعد عید کا دن مقرر کیا ہے۔** یہ عید بھی ان لوگوں کے لئے ہے جنہوں نے رمضان کے روزے رکھے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کی کوشش کی۔جنہوں نے رمضان بھی عبادات کی طرف توجہ دیئے بغیر اور بغیر کوئی نیکیاں کئے دنیاداروں کی طرح گزار دیا، اُن کی عید تو وہ عید نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ ایک مومن سے چاہتا ہے یا جس کا موقع اللہ تعالیٰ نے مومن کو عطا فرمایا۔اللہ تعالیٰ نے عید کا یہ موقع عطا فرما کر بیشک وہ تمام پابندیاں تو اُٹھا لیں جو کھانے پینے سے متعلق تھیں لیکن دنیاداروں کی طرح ہاؤ ہُو کی اجازت نہیں دی، شور شرابے کی اجازت نہیں دی، بلکہ فرمایا کہ اس خوشی کو حقیقی خوشی بنانے کے لئے وہ تمام حقوق ادا کرنے کا عہد کرو جو تمہاری ذمہ داری ہے۔ عید کے دن کو اگر حقیقی عید بنانا ہے تو یہ عہد کریں کہ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ کے حکموں کو استقلال کے ساتھ بجا لانا ہے۔انشاء اللہ۔یہ دعا بھی کریں کہ اے اللہ! ہم تجھ سے	02 اگست	31

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		یہ بھی بھیک مانگتے ہیں کہ اس دنیا میں بھی ہمیں عید کے وہ جلوے دکھا جو ہمارے لئے حقیقی عید کا رنگ رکھتے ہوں۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری کا اظہار اس طرح بھی کرنے کی توفیق دے کہ ہم اپنے تمام دشمن جن کی اصلاح مقدر نہیں ہے، کو خائب و خاسر ہوتا ہوا دیکھ لیں۔ اُن کو ایسا عبرت کا نشان بنا جو عامّۃ النّاس کے لئے اصلاح کا باعث بن جائے تا کہ اس دنیا کی عید کو بھی ہم اسلام اور احمدیت کے تمام دنیا پر غلبہ کی صورت میں دیکھ سکیں اور منا سکیں۔ اللہ کرے کہ یہ نظّارے ہم اپنی زندگیوں میں دیکھ لیں۔		
27/اکتوبر 2012ء	مسجد بیت الفتوح۔لندن	**خطبۂ عید الاضحیہ** حج سے احمدیوں کو روکا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ جن احمدیوں کے دلوں میں حج کرنے کی تڑپ ہے اور نہیں جا سکتے، اُن کے حج قبول ہو رہے ہیں یا اُس اکثریت کے جو ظلم کر کے پھر حج کرنے چلی جاتی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اگر توحید کے قیام اور خانہ کعبہ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے اور یہاں سے امن اور سلامتی پھیلانے کے لئے اپنی نسل میں سے ایک عظیم نبی کے مبعوث ہونے کی دعا کی تھی جو اللہ تعالیٰ کے ہاں قبولیت کا درجہ پا گئی اور اس عظیم نبی نے بتوں کے آگے جھکنے والوں کو ایک خدا کے آگے جھکنے والا بنا دیا، نسل در نسل دشمنیاں رکھنے والوں کو امن اور سلامتی کا سفیر بنا دیا۔ تو اس عظیم نبی نے بھی اپنے عظیم مقاصد کو تا قیامت جاری رکھنے کے لئے ایک غلام صادق کی دعا کی تھی جس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑے پیار سے 'ہمارا مہدی' کہہ کر مخاطب کیا۔ پس وہ غلامِ صادق آیا۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے بھیجا کہ اسلام کی کھوئی ہوئی ساکھ کو دوبارہ قائم کرو۔ ہر قربانی کی عید بھی ہمیں اس طرف متوجہ کرنے والی ہونی چاہئے کہ ہم نے بھی اس درخت کے سینچنے کے لئے ہر وقت نہ صرف تیار رہنا ہے بلکہ اپنی جان، مال، وقت اور عزت کو جس وقت جس چیز کی ضرورت ہو، وہ پیش کر دیں گے۔ ہر فرد جماعت کے لئے من حیث الجماعت مجموعی طور پر قربانی کر رہا ہے، ایک دوسرے کے لئے بھی قربانی کا اظہار ہونا چاہئے۔ ہر شخص کو ہر دوسرے شخص کے لئے بھی قربانی کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ اگر یہ روح ہماری جماعت میں ترقی کرے گی تو جماعت کے بہت سے اندرونی مسائل بھی خود بخود ختم ہو جائیں گے۔	11 اکتوبر	41

خطابات،تحریرات،پیغامات،درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
24اگست2008ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ جرمنی	اللہ تعالیٰ کا یہ بہت بڑا احسان ہے کہ اُس نے خلافتِ احمدیہ کے سوسالہ سفر کے باوجود حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوۃ والسلام کی اس پیاری جماعت کے افراد کوخلافت سے وفااور اخلاص اور تعلق میں بڑھایا ہے۔ہم وہ خوش قسمت ہیں جوآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بروزکی اس جماعت میں شامل ہیں جوآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کو نہ صرف اپنے پر لاگوکرنے کا دعویٰ کرتے ہیں بلکہ دنیا میں بھی اس تعلیم کو پھیلانے والے ہیں جوآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لے کرآئے تھے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ مسیح موعود کے بعد خلافت علیٰ منہاج نبوت قائم ہوگی۔یعنی وہ خلافت قائم ہوگی جونبوت کے کام کوآگے بڑھائے گی اوراُس کے طریق پر چلنے والی ہوگی۔ اورپھرحضرت مسیح موعودعلیہ الصلوۃ والسلام کا یہ فرمانا کہ وہ قدرت آسمان سے نازل ہوگی،یہ ثابت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کوبھی خلیفہ بنائے گا اُس کے ساتھ آسمانی تائیدات اورقدرت کے نظارے بھی ہمیشہ دکھائے گا۔اور خلافتِ احمدیہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی تائیدونصرت کے ساتھ اشاعت دینِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا کام کرتی چلی جائے گی اوراس کام کی تکمیل کے لئے خداتعالیٰ اُس کے ہاتھ بن جائے گا،اُس کے بازو بن جائے گااور ہرفیصلہ جو خلیفۂ وقت خداتعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے اسلام کی اشاعت کے لئے کرے گا وہ خداتعالیٰ سے تائید یافتہ ہو گا۔پس آج ہراحمدی کا بھی کام ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائیدات ونصرت سے حصہ لینے کے لئے،اپنے آپ کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے انعاموں کا وارث بنانے کے لئے،خلافت احمدیہ کا ہاتھ بٹاتے ہوئے اشاعتِ اسلام کے کام میں حصہ لیں۔گزشتہ 120 سال کی جماعت کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہرقدم پر جماعت کی، احمدیت کی حفاظت فرمائی ہے اور جماعت کوختم کرنے کی دشمن کی ہرتدبیر نے ناکامی اورنامرادی کا منہ دیکھا ہے اور جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے ترقی کی منازل طے کرتی چلی گئی ہے۔آج جب مَیں دنیا کے کسی بھی ملک میں بسنے والے احمدی کے چہرہ کودیکھتا ہوں تو اُس میں ایک قدرِمشترک نظرآتی ہے اوروہ خلافتِ احمدیہ سے اخلاص و وفا کا تعلق ہے۔چاہے وہ پاکستان کا رہنے والا احمدی ہے یا ہندوستان میں بسنے والا احمدی ہے،انڈونیشیا اور جزائر میں بسنے والا احمدی ہے یابنگلہ دیش میں رہنے والا احمدی ہے،آسٹریلیا میں رہنے والا احمدی ہے یایورپ و امریکہ میں بسنے والا احمدی ہے یاافریقہ کے دوردراز علاقوں میں بسنے والا احمدی ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ اب جلد وہ دن طلوع ہونے والا ہے جب احمدیوں پرظلم کرنے والے خس وخاشاک کی طرح اُڑادیئے جائیں گے۔کیونکہ یہی خداتعالیٰ کا منشاء ہے اورکوئی طاقت نہیں جوخداتعالیٰ کا مقابلہ کرسکے۔	04رجنوری	1
26جولائی2003ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے (حصہ اوّل)	2002-2003ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پرنازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس وقت تک دنیا کے 176 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔ 2002-2003ء میں کیوبا میں جماعت کا نفوذ ہوا۔گزشتہ 19 سالوں میں 85 نئے ممالک میں جماعت کا قیام ہوا۔پاکستان کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک میں 518 نئی جماعتوں کا قیام۔226 مساجد اور 281 تبلیغی مراکز کا اضافہ۔جماعت کی طرف سے طبع شدہ مکمل تراجم قرآن کریم کی تعداد 57 ہوگئی ہے۔اس سال فلان زبان میں پہلی مرتبہ قرآن کریم کا ترجمہ شائع ہوا۔مختلف ممالک میں نئی جماعتوں کے قیام،تعمیر مساجد مشن ہاؤسز وتبلیغی مراکز کا قیام۔دنیا بھر میں اشاعت اسلام کے سلسلہ میں نمائشوں،بکسٹالز وبک فیئرز،احمدیہ چھاپہ خانوں،عربک ڈیسک،چینی ڈیسک،فرنچ اور بنگلہ ڈیسک کے علاوہ نصرت جہاں سکیم،پریس اینڈ پبلی کیشنز ڈیسک،تحریک وقف نو،ایم ٹی اے کی نشریات کے پھیلاؤ،دیگر ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگراموں اور احمدیہ ویب سائٹ کی مساعی۔ہومیو پیتھک اور ہیومینٹی فرسٹ کے ذریعہ خدمت خلق اوران کے نیک اثرات سے متعلق اعدادوشمار اور ایمان افروز کوائف۔احمدی ڈاکٹرز کوجماعت کے اسپتالوں میں خدمت کے لئے عارضی وقف کی خصوصی تحریک۔	11رجنوری2013ء	2

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26جولائی2003ء	دوسرے دن بعد دوپہر کاخطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام اسلام آباد، (حصّہ دوم)	2003-2002ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کامختصر تذکرہ۔مختلف ممالک میں دعوت الی اللہ کی مساعی اوران کے شیریں ثمرات،مخالفین کی ناکامی اور جماعتی ترقی ،مخالفین کے عبرتناک انجام، داعیان الی اللہ کی قبولیت دعا،نَو احمدیوں کی استقامت،رؤیا اورخوابوں کے ذریعہ قبول احمدیت اور مالی قربانی میں اضافہ کے نہایت درجہ ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی جاری فرمودہ تحریکات،خطبات، تقاریر،مجالس عرفان وغیرہ کی تدوین واشاعت کے کام کے لئے ''طاہرفاؤنڈیشن'' کے قیام کااعلان۔	18رجنوری	3
16اپریل2006ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ آسٹریلیا۔بمقام مسجد بیت الاوّل سڈنی	اعلیٰ اخلاق کی بجاآوری اورحقوق العباد کاخیال رکھنا بھی اُسی قدرضروری ہےجس قدرکہ عبادت کرنا۔ صحیح عابد ایک مومن اُسی صورت میں بن سکتا ہے جب کہ وہ حقوق العباد ادا کرنے والا بھی ہو۔ قرآن مجید،احادیث نبویہ اورحضرت اقدس مسیح موعودعلیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں والدین، اقرباء،یتامی،مساکین،ناداروں،معذوروں اور پڑوسیوں وغیرہ کے حقوق کی ادائیگی اوراعلیٰ اخلاق کی بجاآوری کے لئے نہایت اہم تاکیدی نصائح۔	25رجنوری	4
04جون2006ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ بیلجیئم۔بمقام برسلز	یہاں مسجد کی تعمیر آپ لوگوں نے کرنی ہے۔یہ دینی مہم ہےاس کے لئے اپنے دلوں کوکھولیں اور بڑھ چڑھ کرمسجد کی تعمیر کے لئے قربانی کریں۔انشاءاللہ تعالیٰ مسجد کی تعمیر کے ساتھ آپ کی تبلیغ کے میدان بھی وسیع ہوں گے۔آج ہم میں خدا کا مسیح تو براہِ راست موجودنہیں ہےلیکن اُس کی دی ہوئی تعلیم اور اُس کا قائم کیا ہوانظام اوراللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق خلافت کانظام موجود ہےجس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے جماعتی ترقی وابستہ کررکھی ہے۔حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے اللہ تعالیٰ نے جو وعدے فرمائے تھے اُنہیں ہم ہر نیا دن چڑھنے پر ہر روز نئی شان سے پورا ہوتا دیکھتے ہیں۔اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے مطابق اپنے مسیح کی جماعت کوایسےلوگ عطافرماتا رہےگا جوتقویٰ میں ترقی کرنے والے ہوں گے اوراعمالِ صالحہ بجالانے والے ہوں گے اورمسیح موعود کی آواز پر جواُس کے نمائندے کے ذریعے سےاُن تک پہنچ رہی ہے،لبیک کہتے ہوئے نَحْنُ اَنْصَارُاللّٰہ کانعرہ لگانے والے ہوں گے۔اللہ تعالیٰ کی رحمت کوجذب کرنے کے لئے ہروقت اُس کا خوف دل میں رکھنے کی کوشش کریں۔ توحید پر قائم ہوں۔دنیا کی چکاچوند کبھی اُس کے شرک میں مبتلا کرنے والی نہ ہو۔ہمیشہ عبادت کی طرف توجہ کریں۔اپنی نمازوں کی حفاظت کی طرف بہت توجہ دیں۔نمازوں کے لئے سوائے اشد مجبوری کےکوشش ہونی چاہئے کہ باجماعت ادا کی جائیں۔اگر ہماری عورتوں اوربچیوں کےتقویٰ کے معیار بلند ہوگئےتو ہماری موجودہ نسلیں بھی تقویٰ پر چلنے والی ہوں گی اور آئندہ آنے والی نسلیں بھی تقویٰ پر چلنے والی ہوں گی کیونکہ وہ اُن ماؤں کی گودوں میں پلنے والی ہوں گی جنہوں نے ڈرتے ڈرتے اپنے دن بسر کئے اورتقویٰ سے اپنی راتیں بسرکیں۔احمدی عورت اگر چاہےتوایک انقلاب پیدا کرسکتی ہے۔	01رفروری	5
19مئی2012ء	جلسہ سالانہ ہالینڈ پر مستورات سے خطاب بمقام نن سپیٹ۔ہالینڈ	ہراحمدی عورت اور ہراحمدی مردکواس اہم بات کوسمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے کہ احمدی ہونے کے بعد ہماری ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں۔ہمیں ہمیشہ یادرکھنا چاہئے کہ ہمارا کام یہ ہے کہ ہم حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف دیکھیں کہ وہ ہمیں کیا بنانا چاہتے ہیں۔ہمارے ہرعمل اورقول کوخداتعالیٰ کےحکم کےمطابق ہونا چاہئے تاکہ اس دنیا سےہی جنت کی زندگی شروع ہوجائے۔ہمارے لئے اُسوۂ حسنہ کوئی دوسرا شخص نہیں ہے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور پھر جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپ کےصحابہ اورصحابیات ہیں۔پھراس زمانے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کےغلام صادق و عاشقِ صادق کی وہ ذات ہیں جوہمارے لئےنمونہ ہیں۔پھر خلافت کاجاری نظام ہے جوراہنمائی کرنے والا ہے۔پس کسی دوسرے شخص کو ہم نے نہیں دیکھنا۔اگرایک حقیقی احمدی عورت بننا ہےتو اُس چادرکو اوڑھیں جوتقویٰ کی چادر ہے،جوخداتعالیٰ کاقرب دلانے والی ہے،جوآپ کی حیا کی حفاظت کرنے والی ہے۔(قرآن مجید،احادیث نبویہ اورحضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں اہم نصائح)	08رفروری	6

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
20رمئی 2012ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ ہالینڈ کے بمقام نن سپیٹ۔ہالینڈ	آج ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہزاروں نہیں، لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کے دل خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف پھیر دیئے ہیں اور ایسے ایسے تائیدی نشان ظاہر ہو رہے ہیں کہ جو جہاں اُن لوگوں کے ایمان میں زیادتی کا باعث بنتے ہیں جن کے ساتھ یہ نشانات کے واقعات ہوتے ہیں، وہاں دوسروں کے لئے بھی ایمان میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی غیر معمولی ایمانی حالت اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے واقعات کا نہایت ایمان افروز تذکرہ۔	15رفروری	7
14را کتوبر 2012ء	اختتامی خطاب سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ یوکے۔ بمقام طاہر ہال بیت الفتوح، لندن	دنیا پر غالب آنے والی قومیں آسانیوں اور آسائشوں میں رہ کر دنیا کو فتح نہیں کرتیں۔پس دنیا میں رہنے والی ہر احمدی عورت کو یاد رکھنا چاہئے کہ اگر انہوں نے جماعتی ترقی کا حصہ بننا ہے تو انہیں نفس کی قربانی بھی دینی ہوگی، جان کی قربانی بھی دینی پڑے گی، اولاد کی قربانی بھی دینی پڑے گی، مال کی قربانی بھی دینی پڑے گی، جذبات کی قربانی بھی دینی پڑے گے، وقت کی قربانی بھی دینی پڑے گی تبھی ہم کامیاب ہوسکتے ہیں۔جب تک مَردوں کے ساتھ عورتیں اس قربانی کے لئے تیار نہیں ہوں گی، جب تک جماعت کا ہر فرد بچہ، بوڑھا، عورت، مَرد اس قربانی کے لئے تیار نہیں ہوگا، جماعت کی ترقی میں تیزی نہیں آسکتی۔مختلف قربانیاں پیش کرنے والی احمدی خواتین کی درخشندہ مثالوں کا دلگداز اور روح پرور تذکرہ	22رفروری	8
29رجولائی 2006ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ اوّل)	2005-2006ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔اس وقت تک دنیا کے 185 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔امسال چار نئے ممالک برمودہ، اسٹونیا، بولیویا اور انٹیگوا میں احمدیت کا پیغام پہنچا۔1984ء سے اب تک 94 نئے ممالک میں احمدیت کا نفوذ ہوا۔دوران سال 171 نئی مساجد کی تعمیر ہوئی جبکہ 188 بنی بنائی مساجد جماعت کو ملیں۔گزشتہ 21 سالوں میں جہاں پاکستان میں چند احمدی مساجد کو شہید کیا گیا اور اب بھی یہ کوششیں جاری ہیں اس کے بالمقابل اللہ کے فضل وکرم سے جماعت کو 14135 مساجد حاصل ہوئیں۔مختلف ممالک میں نئی بیعتوں اور نومبائعین سے رابطے۔دوران سال مشن ہاؤسز کی تعداد میں 96 کا اضافہ۔قرآن کریم کے تراجم و دیگر لٹریچر کی اشاعت۔عربی، فرنچ، بنگلہ اور چینی ڈیسک، مجلس نصرت جہاں، طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ وغیرہ جماعتی اداروں کی کارکردگی اور دوران سال اللہ تعالیٰ کے نازل ہونے والے بے پایاں فضلوں اور نصرت و تائید کے نشانات کا ایمان افروز تذکرہ۔	01رمارچ	9
29رجولائی 2006ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ دوم)	2005-2006ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔اس وقت تک دنیا کے 185 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔امسال چار نئے ممالک برمودہ، اسٹونیا، بولیویا اور انٹیگوا میں احمدیت کا پیغام پہنچا۔1984ء سے اب تک 94 نئے ممالک میں احمدیت کا نفوذ ہوا۔دوران سال 171 نئی مساجد کی تعمیر ہوئی جبکہ 188 بنی بنائی مساجد جماعت کو ملیں۔گزشتہ 21 سالوں میں جہاں پاکستان میں چند احمدی مساجد کو شہید کیا گیا اور اب بھی یہ کوششیں جاری ہیں اس کے بالمقابل اللہ کے فضل وکرم سے جماعت کو 14135 مساجد حاصل ہوئیں۔مختلف ممالک میں نئی بیعتوں اور نومبائعین سے رابطے۔دوران سال مشن ہاؤسز کی تعداد میں 96 کا اضافہ۔قرآن کریم کے تراجم و دیگر لٹریچر کی اشاعت۔عربی، فرنچ، بنگلہ اور چینی ڈیسک، مجلس نصرت جہاں، طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ وغیرہ جماعتی اداروں کی کارکردگی اور دوران سال اللہ تعالیٰ کے نازل ہونے والے بے پایاں فضلوں اور نصرت و تائید کے نشانات کا ایمان افروز تذکرہ۔	08رمارچ	10
28ردسمبر 2003ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان، بمقام محمود ہال مسجد فضل لندن	اسلام نرمی، پیار، محبت، رواداری کا مذہب ہے۔وہ تمام مذاہب کے انبیاء کی بلکہ ان کے ماننے والوں کی بھی عزت اور احترام کرتا ہے۔ہر مذہب کے، ہر قوم کے رہنما کی عزت کرتا ہے اور عزت کرنے کا حکم دیتا ہے۔مذہبی رواداری، امن عالم، خدمت خلق اور ہمدردیٔ بنی نوع انسان سے متعلق اسلامی تعلیم کے اعلیٰ نمونوں اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اپنی جماعت سے توقعات کا تذکرہ۔	15رمارچ	11

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
09؍ستمبر 2012ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن	ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس مادّی زندگی میں اپنی مخلوق کی اس عارضی زندگی اور بقا کے لئے کس قدر وسیع رنگ میں نظام قائم فرمایا ہوا ہے تو جب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مَیں نے انسان کے لئے ایک دوسری زندگی بھی مقرر کی ہوئی ہے، تو اُس کے لئے بھی اس نے ایک نظام جاری کیا ہوا ہے۔ اگر مادّی بارش کچھ عرصہ نہ ہو، قحط سالی کی حالت ہو، لوگ اناج کی کمی کی وجہ سے بھوکے مرنے لگیں یا جن کا گزارہ ہی زمیندارہ پر ہے، اُن کی فصلیں سوکھ رہی ہوں تو لوگ بے چین ہو جاتے ہیں۔ لیکن جو دائمی زندگی ہے اُس کی بقا کے لئے نہ ہی اتنا تردّد ہوتا ہے اور نہ ہی جب پانی اترتا ہے تو انسان اُس کی اتنی قدر کرتا ہے۔ جبکہ ایسی زندگی جو دائمی ہے اُس کے لئے زیادہ کوشش ہونی چاہئے۔ قرآنِ کریم وہ کامل اور مکمل تعلیم ہے جو تمام زمانوں کے لئے ہے اور ایسا پانی ہے جس نے اُس وقت جبکہ زمین اپنی مردنی کی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی، مردہ دلوں کو زندگی کا پیغام دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ایسے زمانہ میں ہوئی جب عام گمراہی پھیل چکی تھی ویسے ہی حالات آج کے زمانہ کے ہیں۔ اس زمانہ کے مختلف علماء کے مسلمانوں میں بگاڑ کے اعترافات کا تذکرہ ہمیشہ یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا حصول اور اُس کے دین کی اشاعت اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوؤں کے ذریعے ہی ہوتی ہے اور ہو سکتی ہے، اپنی کوششوں سے نہیں۔ اسلام کی جس حالت کا نقشہ آج سے سوڈیڑھ سو سال پہلے علماء نے کھینچا تھا یا پچاس ساٹھ سال پہلے کھینچا تھا، وہ آج بھی وہی نظارہ پیش کر رہا ہے۔ ہاں اگر دنیا میں اسلام کی حقیقی تصویر کا کوئی نظارہ نظر آ رہا ہے جس کو دیکھ کر دنیا اسلام کی خوبیوں کی معترف ہو رہی ہے تو وہ، وہ اسلام ہے جو مہدی دوران نے پیش کیا ہے، جس کو دیکھ اور سن کر لاکھوں عیسائی مسلمان ہو رہے ہیں۔ پس عقل کرو اور آسمان سے اترے ہوئے اس پانی سے فیض اٹھاؤ۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بار بار آسمانی پانی کی ضرورت کو دنیا کے سامنے پیش کر کے اپنی آمد کا مقصد بیان فرمایا ہے۔ اے غلامانِ مسیح دوران! اس آسمانی پانی سے فیض پانے والو جس نے تمہیں نئی زندگی بخشی ہے اپنے فرض ادا کرو۔ اپنے تعلق کو خدا تعالیٰ سے مضبوط سے مضبوط تر کرتے چلے جاؤ۔ دنیا کو راستی کا رستہ دکھانے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤ۔ اپنے دینی، روحانی، اخلاقی معیاروں کو اونچے سے اونچا کرتے چلے جاؤ کہ امام الزمان کی بیعت کا حق ادا ہو جائے۔ اس روحانی پانی کے فیض سے اُگنے والی وہ فصلیں بنو جو فائدہ مند ہوتی ہیں، جو دوسروں کو بھی فائدہ پہنچاتی ہیں۔ وہ نہریں اور دریا بنو جن پر ہر دم تازہ پانی اترتا رہتا ہے۔ دنیا کو روحانی مائدہ اب غلامان مسیح الزمان کے ذریعہ سے ہی ملنا ہے۔ دنیا کی پیاس اب اُس پانی سے بجھنی ہے جو امام الزمان کے ماننے والوں نے مہیا کرنا ہے۔	22؍مارچ	12
02؍جون 1991ء	خطاب حضرت مرزا طاہر احمد۔ خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ ریڈیو راپار سرینام۔	جماعت احمدیہ قادیان اور لاہوری جماعت میں کیا فرق ہے؟ جماعت احمدیہ قادیان کے نزدیک خلافت ہی وہ قدرت ثانیہ ہے جس کی پیشگوئی فرمائی گئی تھی۔ اور جو انجمن کے اوپر فائق تھی۔ اور انجمن کو اُس کے تابع کر دیا گیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ تمام احمدی جو انجمن کے ممبر تھے یا نہیں تھے سو فیصدی خلافتِ اُولیٰ یعنی پہلے خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کر کے اس بات کو ثابت کر گئے کہ قدرت ثانیہ خلافت ہی تھی۔ اور قدرت ثانیہ کے مقابل پر انجمن کی حیثیت تابع فرمان کی حیثیت تھی، الگ آزاد حیثیت نہیں تھی۔	22؍مارچ	12
	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ	حکم چلتا ہے ہر اِک ذرّہ پہ ہر آں تیرا۔ ماخوذ از تفسیر کبیر۔	22؍مارچ	12
26؍دسمبر 2004ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ فرانس اور جلسہ سالانہ قادیان بمقام احمدیہ مشن ہاؤس بیت السلام فرانس	پہلے تو صرف قادیان میں یہ جلسہ سالانہ ہوا کرتے تھے، لیکن آج دنیا کے ہر ملک میں یہ ٹریننگ کیمپ لگتا ہے جس میں مسیح محمدی کے ماننے والے اپنے اصلاحِ نفس کے لئے جمع ہوتے ہیں، اپنی اصلاح کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں۔ اور آج یہ جلسہ یہاں فرانس میں اور قادیان میں دونوں جگہ ہو رہا ہے۔ (حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد کا تذکرہ اور شاملین جلسہ کو اہم نصائح) یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہے کہ احمدیت نے بڑھنا ہے اور پھولنا ہے اور پھلنا ہے انشاء اللہ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے وعدہ ہے۔ آج جو ان ملکوں میں غیر پاکستانی احمدی ہیں یا مختلف قومیتوں کے احمدی ہیں، یہ آئندہ فوج در فوج احمدیت میں داخل ہونے والوں کے لئے نمونہ بننے والے ہیں۔ اس لئے اُن کی نیک تربیت کریں، اُن سے تعلق بڑھائیں، اُن سے پیار و محبت کا سلوک کریں۔ اُن کے لئے نمونہ بنیں۔ ہندوستان میں بھی جو نئے احمدی ہوئے ہیں، گو وہ مالی لحاظ سے غریب لوگ ہیں لیکن اُن کے دل امیروں سے زیادہ روشن ہیں۔ اُن میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور خشیت کا جذبہ دوسروں سے زیادہ ہے، تبھی تو انہوں نے مسیح و مہدی کو مانا ہے، اُس پر ایمان لائے ہیں۔ اس لئے جو پرانے احمدی ہیں وہ اُن لوگوں سے بھی پیار اور محبت کا سلوک کریں۔ احمدی اللہ تعالیٰ کے فضل سے مسلمان ہیں اور حقیقی مسلمان ہیں اور اسلام کے جتنے بھی ارکان ہیں اُن پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے عمل بھی کرتے ہیں، یقین بھی رکھتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک دن آئے گا جب حج کیلئے بھی ایک احمدی امن سے سفر کر سکے گا۔	29؍مارچ	13

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28؍ستمبر 2006ء	جرمنی سے ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان	ہر مخالفت، ہر آندھی اور ہر طوفان جو آپ کو ختم کرنے کے لئے اُٹھتا ہے، اُٹھ رہا ہے اور اُٹھے گا، یہ آپ کو اللہ تعالیٰ کے مزید قریب کرنے والا بن جانا چاہئے۔ یاد رکھیں مظلوم کی آہ عرش کے پائے ہلا دیتی ہے۔ ہم ظلم کا بدلہ ظلم سے اور قانون کو ہاتھ میں لے کر نہیں لیتے۔لیکن اللہ کے حضور جھکتے ہیں جو سب طاقتوروں سے زیادہ طاقتور ہے اور اپنے وعدے پورے کرنے والا ہے۔ ہر احمدی اس یقین سے پُر ہونا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا دعویٰ سچا ہے اور فتح انشاء اللہ ہمارا مقدر ہے۔اور گزشتہ سو سال سے زائد کی جماعت کی تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ جماعت کا ہر قدم ترقی کی نئی منازل کی طرف اُٹھ رہا ہے۔ اگر ہم نے احمدیت کے غلبہ کے دن اپنی زندگیوں میں پورا ہوتے دیکھنے ہیں۔تو ہر بچے، بوڑھے، عورت، مرد، نو احمدی اور پرانے احمدی کو اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کرنی ہوگی۔	05؍اپریل	14
10؍فروری 2013ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست اختتامی خطاب جلسہ سالانہ بنگلہ دیش بمقام طاہر ہال بیت الفتوح لندن	بنگلہ دیش کے احمدیوں کو مبارک ہو کہ آج اللہ تعالیٰ نے اُنہیں بنگلہ دیش میں احمدیت کی دوسری صدی میں داخل ہونے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ یہ صد سالہ تقریب ہمیں صرف خوشیاں منانے کی طرف توجہ دلانے کے لئے نہیں ہونی چاہئے بلکہ یہ توجہ دلانے والی ہونی چاہئے کہ ہم نے گزشتہ سو سال میں کیا حاصل کیا۔ اگر ترقی کرنی ہے تو ہمیں اپنے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے وسیع سوچ کے ساتھ کچھ ہدف مقرر کرنے ہوں گے۔ ہمارے مقاصد تو وہ ہیں جن کی دنیا کو آج ضرورت ہے اور دنیا اُس کے لئے بے چین اور اس کی تلاش میں ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی میں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے آئے ہوئے کا دست و بازو بن کر اسلام کے خوبصورت پیغام اور اس کی خوبصورت تعلیم کو اس کی خوبصورتی دکھاتے ہوئے دنیا کے کونے کونے اور ہر انسان تک پہنچانا۔ یہ کوئی معمولی مقصد نہیں ہے جو بغیر کسی محنت اور قربانی کے حاصل ہو جائے۔اس کے لئے ہمیں اپنے نفس کی قربانی بھی دینی پڑے گی، مال کی قربانی بھی دینی پڑے گی، جان کی قربانی بھی دینی پڑے گی۔ بنگلہ دیش کی جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ جماعت ہے جس میں ان تمام قسم کی قربانیوں کے نمونے پائے جاتے ہیں۔ احمدی تو دنیا میں اسلام کی امن پسند اور پیار کی تعلیم کا پرچار کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ علماء اپنے عمل سے اسلام کے چہرے کو بگاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہر ملک میں بسنے والے احمدی کی طرح بنگلہ دیش کے احمدیوں کا بھی یہ فرض ہے کہ سب سے پہلے آپ کے ہم وطنوں کا جو آپ پر حق ہے اُسے ادا کرنے کی کوشش کریں۔ اور یہ کوشش ایک فکر کے ساتھ ہو۔ ان کے لئے دعا کریں۔ اپنے ملک کو شدت پسندوں سے بچانے کے لئے ہر احمدی مرد اور عورت اپنا کردار ادا کرے۔ آج اگر بنگلہ دیش میں احمدیت کی مخالفت بڑھ رہی ہے تو یہ اللہ تعالیٰ ترقی کی طرف ایک اور چھلانگ لگانے کا انتظام فرما رہا ہے۔ پس آپ لوگ بھی ایک نئے عزم کے ساتھ اس چھلانگ کا حصہ بننے کی کوشش کریں۔ اے بنگلہ دیش کے احمدیو! مخالفینِ احمدیت کی یہ مذموم کوششیں نہ تمہیں خوفزدہ کرنے والی ہوں، نہ مایوس کرنے والی۔ یہ مخالفت کی آندھیاں تمہیں اونچا اڑانے اور اللہ تعالیٰ کا قرب دلانے کے لئے چل رہی ہیں۔	12؍اپریل	15
27؍مئی 2009ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان 2008ء بمقام محمود ہال، لندن	جلسہ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے اس اعلان کے حوالے سے کہ لوگ قادیان جلسہ میں تشریف لائیں، قادیان کے رہنے والوں پر بھی بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ بیشک اس جلسہ سالانہ کی اتباع میں تمام دنیا کے ملکوں کی جماعتوں میں جلسے ہوتے ہیں اور ایک خاص دینی ماحول پیدا ہوتا ہے لیکن جو جلسہ قادیان کی بستی میں ہوتا ہے اُس کی ایک اپنی اہمیت ہے اور دنیا بھر میں احمدیوں کے دلوں میں اس بستی میں منعقد ہونے والے جلسہ میں شمولیت کے لئے ایک خاص جذبہ پایا جاتا ہے، ایک شوق پایا جاتا ہے۔ قادیان اس زمانے کے امام، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظلّی نبی کا شہر ہے، اُس کی بستی ہے۔ اپنے ماحول اور اپنے دائرے میں اس شہر کے تقدّس کو قائم رکھیں اور اس کا تقدّس قائم رکھنا قادیان کے رہنے والے ہر باسی کا فرض بنتا ہے، ہر احمدی کا فرض بنتا ہے۔ وہ خدا جو سچے وعدوں والا خدا ہے آج جب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کئے گئے اپنے وعدوں کو بڑی شان سے پورا کرتے ہوئے ہمیں دکھا رہا ہے تو مخالفینِ احمدیت کے ایوانوں میں ایک کھلبلی مچی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کو پورا فرماتے ہوئے قادیان سے اُٹھی ہوئی اُس آواز کو جو خدا اور اُس کے پیارے رسول حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلا رہی تھی، دنیا کے ہر براعظم کے ہر کونے میں محض اور محض اپنے فضل سے بڑی شان اور بڑی شوکت سے پھیلا رہا ہے۔ **جماعت کی یہ ترقی ہم پر ایک ذمہ داری ڈال رہی ہے اور سب سے زیادہ ذمہ داری اُن لوگوں پر ہے جو مراکز احمدیت میں بیٹھے ہوئے ہیں، جو واقفین زندگی ہیں، جن میں قادیان بھی شامل ہے اور ربوہ کے رہنے والے بھی شامل ہیں کہ اپنے تقویٰ کے معیاروں کو بلند سے بلند تر کرتے چلے جائیں۔** خدا تعالیٰ نے ہم پر یہ ذمہ داری ڈالی ہے کہ ہم اسلام اور احمدیت کی خوبصورت تعلیم کو دنیا میں پھیلائیں اور جب تائیداتِ الٰہی کی ہوائیں بھی اس مقصد کے لئے ہمارے ساتھ ہیں اور ہمارے حق میں چل رہی ہیں تو ایک خاص توجہ سے اس پیغام کو پھیلائیں اور تمام دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لانے کی کوشش کریں تاکہ دنیا سے فتنہ وفساد اور شر دور ہو اور امن اور آشتی اور پیار اور محبت اور صلح کی فضا پیدا ہو۔ تمام دنیا اَللّٰہُ اَکْبَر کا نعرہ بلند کرنے والی ہو۔	19؍اپریل	16

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17؍جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔جلسہ کی غرض ۞۔شملہ میں برہموسماج کا جلسہ ۞۔جلسہ میلاد ۞۔ہندو مسلم اتحاد کی تجویز ۞۔تحریک کی کامیابی ۞۔17جون کے لیکچروں کی بنیاد ۞۔ایک خاص گُر۔(قسط نمبر1)	19؍اپریل	16
28؍ستمبر2005ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان بمقام قادیان دار الامان،انڈیا	آج اگر کسی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام ختم نبوت کی پہچان ہے تو وہ احمدی ہے۔آج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکموں پر چلنے والے اگر کوئی ہیں تو وہ احمدی ہیں اور یہ سب اس وجہ سے ہے کہ قرآن اور حدیث کی رُو سے آج حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے ہمیں اُس کا صحیح فہم و اِدراک عطا فرمایا ہے۔**حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے مقام خاتم النبییّنؐ کی پُر معارف تشریح۔** اگر آج مسلمان اپنا اسلام زندہ رکھنا چاہتے ہیں تو سوائے خاتم الانبیاء کے عاشقِ صادق کے پیچھے چلنے کے اور کوئی راستہ نہیں۔اس لئے اس مسیح و مہدی کی دشمنی کو چھوڑ دیں۔قرآنِ کریم میں کئی آیات موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ نہ صرف نبی آسکتا ہے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت میں سے نبی کا آنا آپ کے مقام کو اونچا کرتا ہے نہ کہ کم۔آج آپ احمدی ہیں جنہوں نے اس خاتم النبیّین کے مقام کو پہچاننا ہے۔آپ ہیں جنہوں نے اس مقام سے دوسروں کو بھی آشنا کرنا ہے۔اپنی عبادتوں کے وہ اعلیٰ معیار قائم کرنے ہیں جو اس خاتم الانبیاء نے کئے۔اور جس کے نمونے ہمیں اس کے غلامِ صادق نے دکھا کر ہم سے توقع کی کہ ہم بھی ایسے بنیں اور اس سنّت پر چلیں۔	26؍اپریل	17
17؍جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔ڈاکٹر کے نشتر ۞۔خدا تعالیٰ پر الزام ۞۔مذہبی لیڈروں کا لڑائی میں حصہ لینا ۞۔رحم کس حال میں اچھا ہے ۞۔نفس کا آرام ۞۔رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ۞۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تقدس۔ ۞۔تقدس کا دعویٰ ۞۔تقدس کے دعویٰ کا ایک اَور ثبوت۔(قسط نمبر2)	26؍اپریل	17
31؍دسمبر2007ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے براہ راست اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان بمقام محمود ہال،لندن	ہر احمدی جو اس وقت جلسہ میں شامل ہے یا دنیا میں کسی بھی جلسہ سالانہ میں شامل ہوتا ہے،اُسے یاد رکھنا چاہئے کہ ہم نے وہ مقصد پورا کرنے والا بننا ہے جس کے لئے جلسوں کا انعقاد ہوتا ہے۔حقیقی تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنی ہیں۔ پہلوں کی قربانیاں اور تقویٰ کے معیار اور دعائیں تبھی ہمیں فائدہ دینے والی ہوں گی جب ہم اُن کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کرنے والے ہوں گے۔جب ہم اپنے ہر لمحے کو توحید کے قیام اور حقوق العباد کی ادائیگی میں گزارنے کی کوشش کرنے والے ہوں گے۔تقویٰ میں بڑھنے کی کوشش کرنے والے ہوں گے۔احمدیت جو ہم پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے اُس کی قدر تبھی ممکن ہے جب ہم مسلسل جدوجہد کے ساتھ احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی تعلیم پر عمل کرنے والے بنیں گے۔ہمیشہ یاد رکھیں جماعت احمدیہ کی ترقی کا دارومدار کسی شخص پر نہیں بلکہ تقویٰ پر چلنے والے افراد پر ہے۔تقویٰ میں ترقی کرنے والوں کی تعداد پر ہے اور الٰہی وعدوں کے مطابق خلافتِ احمدیہ سے وابستہ ہے۔اللہ تعالیٰ کا ترقیات کا یہ وعدہ خلافت کے ساتھ وابستہ ہے۔اور خلافت کے ساتھ جڑے رہنے سے وابستہ ہے اور ایمان لانے والوں کے ساتھ یہ دائمی ترقیات کا وعدہ ہے۔پس تقویٰ میں بڑھیں اور اللہ تعالیٰ کی خاطر اس تعلق میں مزید مضبوطی پیدا کریں۔دعاؤں سے اس انعام اور اللہ تعالیٰ کے احسان کی آبیاری کریں تا کہ اللہ تعالیٰ کے احسانات کے دروازے مزید وا ہوتے چلے جائیں۔	03؍مئی	18

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	برموقع	تاریخ
18	03/مئی	**دنیا کا محسن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔اپنے متعلق اپنی شہادت ۞۔ بیوی کی شہادت ۞۔ دوستوں کی شہادت ۞۔ایک غیر جانبدار کی شہادت ۞۔بہت بڑے دشمن کی شہادت۔(قسط نمبر 3)	حضرت مصلح موعودرضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	17/جون1928ء
19	10/مئی	جلسہ کی غرض حصول تقویٰ ہے۔تقویٰ ہر فتنہ سے بچنے کے لئے حصن حصین ہے۔جلسہ کا مقصد یہ ہے کہ تقویٰ میں ترقی ہو۔نماز کو چھوڑ کر ذکر الٰہی کوئی چیز نہیں۔ یہ بھی درست نہیں کہ نماز کافی ہے اور ذکر الٰہی کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ نماز تو ذکر الٰہی کی عادت ڈالتی ہے۔حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کرو۔حبل اللہ کو مضبوطی سے پکڑو۔خلافت کا دائمی نظام بھی حبل اللہ ہے۔اس رسّی کو پکڑنے والا وہ ہے جو عبادت کی طرف توجہ کرتا ہے۔خلافت کے ساتھ جڑے رہنے کے لئے ہمیشہ دعائیں کرتے رہیں۔آج اُمّت مسلمہ میں صرف جماعت احمدیہ ہے جو خلافت کی وجہ سے محبت و پیار کا نمونہ پیش کر رہی ہے۔	افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ یوکے، بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن	24/جولائی2009ء
19	10/مئی	**دنیا کا محسن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔خادم کی شہادت ۞۔معاملہ کرنے والے کی شہادت ۞۔خلفاء کی شہادتیں ۞۔حضرت ابو بکرؓ کی شہادت ۞۔حضرت عمرؓ کی شہادت ۞۔حضرت عثمانؓ کی شہادت ۞۔حضرت علیؓ کی شہادت ۞۔شہادت کا نتیجہ ۞۔خدا تعالیٰ کے لئے غیرت۔(قسط نمبر 4)	حضرت مصلح موعودرضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	17/جون1928ء
20	17/مئی	اللہ تعالیٰ نے بیشمار دفعہ قرآنِ کریم میں تقویٰ پر چلنے کی ہدایت فرمائی ہے۔حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھے ہزاروں دفعہ یہ الہام ہوا ہے کہ اللہ متقیوں کے ساتھ ہے۔پس اپنے ایمان کی فصلوں اور باغوں کی جڑوں کو مضبوط کرنے کے لئے اور اُن کو ثمر دار بنانے کے لئے تقویٰ پر ہی چلنا ہو گا۔آپ لوگ جو آج یہاں مختلف قوموں، مختلف ملکوں سے، مختلف جگہوں سے آئے ہوئے ہیں، مختلف قبیلوں، ذاتوں اور خاندانوں کے ہیں، آپ کی پہچان یہی ہے کہ احمدی ہیں اور اللہ تعالیٰ کا تقویٰ دل میں پیدا کرنے کی کوشش کرنے والے ہیں۔اب وہ وقت دُور نہیں ہیں جب ہم یہ نظارے دیکھیں گے کہ انشاء اللہ تعالیٰ حج کے موقع پر بھی اس طرح تمام احمدی ایک جگہ اکٹھے ہوں گے۔یہ بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں کبھی دعاؤں میں سست نہ کرے۔یاد رکھیں، یہی ہمارا سرمایہ حیات ہے اور اِس دنیا میں بھی ان دعاؤں نے ہی کام آنا ہے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ کے حضور اُس کے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے عاجزانہ دعاؤں نے ہی کام آنا ہے۔جب نیک نیّتی کے ساتھ اس نظام سے وابستہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کے طفیل آپ کو اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی طرف توجہ پیدا کرائے گا۔آپ کو بھی اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی طرف توجہ ہو گی۔پس آگے بڑھیں اور اس پاک نظام میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔تقویٰ پر چلنے کا عزم اور اُس کے لئے دعا ضروری ہے۔اللہ کے خوف اور آنکھ کے پانی سے تقویٰ کی جڑوں کو مضبوط کریں اور نیکیوں کی لہلہاتی فصلوں سے اپنی خوبصورتی اور حسن میں اضافہ کریں۔حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوۃ والسلام نے ہمیں یہ خوشخبری بھی دی کہ اگر تم تقویٰ پر قائم رہے، اُس کی مضبوط جڑیں تمہارے دلوں میں قائم رہیں تو اُس کے رسیلے اور میٹھے پھلوں میں سے ایک نعمت جو خلافت کی نعمت ہے اس کا بھی جماعت میں قیام رہے گا۔پس اس نعمت سے بھی اگر فائدہ اُٹھانا ہے تو تقویٰ کی جڑوں کو اپنے دلوں میں مضبوط کرنا ہوگا۔اے مسیح محمدی کی سرسبز شاخو! خوش ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے روشن، تابناک، چمکدار مستقبل کی ضمانت دی ہے۔پس تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے اُس سے فیض پاتے چلے جاؤ اور حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے درختِ وجود کی سرسبز اور ثمر دار شاخیں بنتے چلے جاؤ۔	افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ قادیان بمقام قادیان دار الامان، انڈیا	26/ستمبر2005ء

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17/جون 1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے پیدا کردہ پھل ۞۔اہم اعتراضات کے جوابات ۞۔مسئلہ طلاق ۞۔کثرتِ ازدواج ۞۔عیّاشی کے لوازمات ۞۔عیّاش کی علامتیں ۞۔شراب۔(قسط نمبر 5)	17/مئی	20
29/جون 2008ء	اختتامی خطاب جلسہ سالانہ کینیڈا بمقام ٹورانٹو	سورۃ نور میں اللہ تعالیٰ کا مومنوں سے خلافت کے انعام کے جاری رہنے کا وعدہ ہے۔اس میں بھی خدا تعالیٰ نے مختلف حوالوں سے مختلف احکامات کا ذکر کیا ہوا ہے۔پس ہمارا فرض ہے کہ ہم ہمیشہ اپنے جائزے لیتے رہیں کہ کونسے احکام ہیں جن پر ہم عمل کر رہے ہیں اور کونسی باتیں ہیں جن کے کرنے کا ہمیں حکم ہے اور ہماری توجہ نہیں۔سورۃ نور میں مذکور احکامات کا اجمالی تذکرہ اور اس حوالہ سے احباب جماعت کو اہم نصائح۔آج ہر احمدی جو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ مَیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آ کر مومنین کی اُس جماعت میں شامل ہو گیا ہوں جس کے ساتھ خلافت کا وعدہ ہے،اُس کا فرض بنتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق ہمیشہ اپنی حالتوں میں پاک تبدیلی پیدا کرتے چلے جانے کی کوشش کرتا رہے۔کیا خلافتِ احمدیہ کی سوسالہ تاریخ اس بات کی گواہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بے شمار فضل اور احسانات جماعت پر فرمائے ہیں۔ہر احمدی نے اپنی ذاتی زندگی میں بھی ان فضلوں اور احسانات کا مشاہدہ کیا ہے اور جماعتی طور پر بھی دنیا کی ہر جماعت نے اس کا مشاہدہ کیا ہے اور کر رہی ہے۔جس طرح ہمارے بڑوں نے جو ابتدائی احمدی تھے،اپنی عبادتوں اور اپنے اعمال سے احمدیت کے جھنڈے کو بلند رکھا اور خلافت کے خلاف ہر فتنہ کا بھی سر کچل کر رکھ دیا اور جماعت کے خلاف بھی دشمن کی ہر کوشش کے سامنے بنیان مرصوص کی طرح کھڑے ہو گئے اور اپنی قربانیوں کے اعلیٰ ترین معیار قائم کر دیئے۔آج ہمارا فرض ہے اور آج ہم نے اس ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے اس نعمت کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی نسلوں میں اس کی اہمیت کو قائم کرنا ہے۔	24/مئی	21
17/جون 1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ۞۔عمدہ کھانے ۞۔عمدہ سامان ۞۔باکرہ عورتیں ۞۔حسین عورت کی تلاش ۞۔مزامیر ۞۔عورتوں کی خواہشوں کی پابندی ۞۔عورتوں میں بے انصافی ۞۔عورتوں میں زیادہ وقت صَرف کرنا ۞۔رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کی شادیوں کی غرض ۞۔غلامی۔(قسط نمبر 6)	24/مئی	21
30/جولائی 2010ء	افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی،آلٹن	احمدی کی سرشت میں بزدلی کا خمیر نہیں۔حقیقی شجاعت کی جڑ صبر اور استقامت ہے۔لاہور کی دو مساجد میں احمدیوں کی اجتماعی قربانی میں ہر طبقے کی قربانی شامل ہے۔ان کی نیکی،تقویٰ اور پرہیزگاری ایک نمونہ تھی۔یہ قربانیاں کرنے والے ہم سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ ہم ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے تقویٰ میں ترقی کریں۔مومنوں کے لئے دشمنوں کے منصوبے،دشمن کے حملے،دشمن کی چالیں،دشمن کے جتھے،حکومتوں کی پشت پناہی کسی قسم کے خوف کا باعث نہیں بنتی بلکہ ایمان میں مضبوطی پیدا کرتی ہے۔دشمن کے منصوبوں کے مقابلے میں وہ مزید ایک جان ہو کر خدا تعالیٰ سے اپنے تعلق میں مضبوطی پیدا کرتے ہیں۔صرف انفرادی دعاؤں کے بجائے اجتماعی دعاؤں کی طرف توجہ پیدا کرتے ہیں۔وہ اجتماعی اور مشترکہ دعاؤں سے دشمن پر ایسے کاری تیروں کی بوچھاڑ کرتے ہیں جو دشمن کی صفوں کو تتر بتر کر دیتے ہیں۔ہمارے پاس دشمن کے مقابلے کی کوئی دنیاوی طاقت اور سامان نہیں۔ہماری کامیابی کا راز اسی میں ہے کہ دعاؤں،عبادتوں اور ذکر الٰہی پر بہت زور دیں۔بعض دعاؤں کے خاص طور پر پڑھتے رہنے کی تاکید۔	31/مئی	22

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔❁۔غلاموں کی رائے❁۔غلاموں کا تکلیفیں اٹھانا❁۔خبابؓ❁۔زیدؓ❁۔بلالؓ❁۔سمیہؓ❁۔عمارؓ❁۔صہیبؓ❁۔ابو فکیہہؓ❁۔لبینہؓ❁۔زنیرہؓ❁۔نہدیہؓ اور اُمّ عبیسؓ❁۔عامرؓ❁۔جمامہ(قسط نمبر7)	31/مئی	22
	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ	مثنوی رومی والوں کی **ایک حکایت**۔(تفسیر کبیر جلد ہفتم۔صفحہ 35-34)	31/مئی	22
31/دسمبر2012ء	ایم ٹی اے کے ذریعہ سے اختتامی خطاب جلسہ سالانہ قادیان بمقام طاہر ہال بیت الفتوح، مورڈن	اگر ناموسِ رسالت کے لئے کھڑا ہونا ہے اور حقیقی مسلمان ہیں تو ایک سال نہیں بلکہ اپنی زندگی کا ہر لمحہ ناموسِ رسالت کے لئے قربان کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔اور اس کا بہترین طریقہ اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر چلنا اور آپؐ سے محبت ہے۔اس کا صحیح طریق سکھانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق کو بھیجا ہے۔پس اگر حقیقی محبت کا اظہار کرنا ہے تو اُس کے ساتھ جڑنا ضروری ہے۔اس زمانے میں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کو دنیا کے دلوں میں بٹھانے کے لئے جس جری اللہ کو اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے وہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ اور کوئی نہیں۔ناموسِ رسالت یہ نہیں کہ گھر بیٹھے باتوں کے تیر چلائے جائیں۔ناموسِ رسالت کے نام پر کمزوروں اور کلمہ گوؤوں کو بہیمانہ طور پر ظلم کا نشانہ بنایا جائے بلکہ اسلام کی اصل خدمت اور غیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اظہار یہ ہے کہ اسلام کی تبلیغ کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچا دیا جائے۔لوگوں کے ذہنوں میں حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کو قائم کیا جائے۔پس اس کام کو دنوں سے خاص کر کے یا سال میں محدود کر کے کبھی نہیں کیا جا سکتا۔حُبِّ پیمبری کا دعویٰ ہے تو ہر دن اور ہر لحظہ کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان دنیا پر ظاہر کرنے کے لئے صَرف کرنا ہوگا اور یہ کام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رہنمائی میں اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی جماعت کے ہر فرد کے سپرد کیا ہے۔اے مسیح محمدی کے ماننے والو! حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق و وفا کی لَو کو 2012ء کی اس آخری رات میں بھی روشن کر دو اور پھر اس کو کسی سال تک محدود نہیں رکھنا بلکہ ہر سال اور ہر دن اُس وقت تک اُسے روشن رکھنا ہے جب تک کہ یا زندگی ختم ہو جائے یا تمام دنیا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے آجائے۔یاد رکھیں ہماری فتوحات کے لئے دعاؤں کی شرط خدا تعالیٰ نے رکھی ہوئی ہے۔پس دنیا میں بسنے والا ہر احمدی اس سال کو الوداع اور نئے سال کا استقبال دعاؤں کے ساتھ کرے۔عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے اعلیٰ اظہار آپؐ پر درود بھیجنے میں ہے۔	07/جون	23
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔❁۔غیر مسلم غلاموں کی ہمدردی❁۔رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے احسانات❁۔احسانات کی قسمیں۔(قسط نمبر8)	07/جون	23
07/ستمبر2012ء	افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن	بعض صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ جنہیں خدا تعالیٰ نے ان کی نیک فطرت کے باعث الہام اور رؤیا کے ذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کی خبر دی۔یہ واقعات جہاں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کا ثبوت ہیں وہاں ہمارے لئے اِزدیادِ ایمان کا بھی باعث ہیں۔اللہ تعالیٰ ان صحابہ کی اولادوں کو بھی اپنے باپ دادوں کی قربانیوں اور نیکیوں کو جاری رکھنے اور اُن کی لاج رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔	14/جون	24
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔❁۔شرک کو دُور کرنا❁۔مذہب اور سائنس میں صُلح❁۔علم ختم نہیں ہوتا❁۔ہر مرض کی دوا❁۔اخلاقی ترقی کا گُر❁۔سچے دل سے جستجو کرنے والا ضرور کامیاب ہو جاتا ہے۔(قسط نمبر9)	14/جون	24

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
25؍جولائی 2009ء	خواتین سے خطاب برموقع جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن)	ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان تبھی مضبوط ہوتا ہے جب یہ یقین ہو کہ خدا تعالیٰ مجھے ہر وقت دیکھ رہا ہے۔ جماعت کی آئندہ ترقی کے لئے لڑکوں کی تربیت بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی لڑکیوں کی۔ اور لڑکوں کی تربیت میں بعض معاملات میں خاص طور پر ماں باپ دونوں کا ہاتھ ہوتا ہے اور ہونا چاہئے اور یہ بہت ضروری ہے۔ پاک معاشرے کے قیام کے لئے عورت کو مَردوں سے بڑھ کر کوشش کرنی چاہئے کیونکہ وہ اپنے خاوندوں کے گھروں کی نگران ہے کیونکہ وہ قوم کی نئی نسل کی تربیت گاہ ہے، کیونکہ وہ جماعت کی امانت جو بچوں کی شکل میں اُن کے پاس ہے اُس کی امین ہے۔ پس مَیں عورتوں سے کہوں گا کہ اپنے گھروں کی نگرانی کا حق ادا کریں۔ نئی نسل کی تربیت کا حق ادا کریں۔ دنیا کی خواہشات کے پیچھے دوڑنے کی بجائے خدا تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اس تعلق میں مضبوطی پیدا کرتی چلی جائیں۔ اپنے نیک نصیب ہونے اور نیکیوں پر قائم رہنے کے لئے دُعائیں بھی کریں اور بہت دُعائیں کریں۔	21؍جون	25
17؍جون 1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن۔** حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ❁ مساوات ❁ احکامِ انصاف میں مساوات ❁ مساوات کا ایک بے نظیر سبق ❁ عہد کا احترام ❁ قیامِ امن کے سامان ❁ ہر قوم کے بزرگوں کا ادب ❁ کسی کی قابل عزت چیز کو بُرا نہ کہو (قسط نمبر 10)	21؍جون	25
31 جولائی 2004ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصہ اوّل)	2003-2004ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔ جو افضال وانوار الٰہی کی بارش دن رات جماعت احمدیہ پر نازل ہو رہی ہے اسے ہم کبھی شمار نہیں کر سکتے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے 178 ممالک میں جماعت احمدیہ کا پودا لگ چکا ہے۔ امسال Saint Kitts & Navis اور Martinique میں جماعت کا نفوذ ہوا۔ 542 نئی جماعتیں قائم ہوئیں، 162 مساجد اور 159 مراکز کا اضافہ ہوا، Kannada زبان میں پہلی دفعہ ترجمہ قرآن کریم طبع ہوا۔ اس طرح جماعت کی طرف سے شائع شدہ تراجم قرآن کریم کی تعداد 58 ہوگئی ہے۔ دوران سال 84 مختلف زبانوں میں لٹریچر شائع ہوا۔ مختلف ممالک میں جماعتی پریسوں کی کارکردگی کا ذکر۔ اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت اور مختلف میدانوں میں جماعت احمدیہ عالمگیر کی ترقی کا ایمان افروز تذکرہ۔	28؍جون	26
17؍جون 1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن۔** حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ❁ ہر مذہب میں خوبی ❁ نیک نیّتی سے ماننے والے ❁ جنگ کے حدود ❁ حُرّیتِ ضمیر ❁ عورتوں کے حقوق ❁ توہّم کا انسداد ❁ سرمایہ دار اور مزدور میں اتحاد ❁ شراب کی ممانعت۔ (قسط نمبر 11)	28؍جون	26
31 جولائی 2004ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصہ دوم)	2003-2004ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔ جو افضال وانوار الٰہی کی بارش دن رات جماعت احمدیہ پر نازل ہو رہی ہے اسے ہم کبھی شمار نہیں کر سکتے۔ ❁......عربک ڈیسک، چینی ڈیسک، فرنچ ڈیسک، بنگلہ ڈیسک، مجلس نصرت جہاں سکیم، پریس اینڈ پبلی کیشنز ڈیسک، تحریک وقف نو اور ایم ٹی اے کے شعبہ جات کی مساعی کا مختصر تذکرہ۔ ❁......اس وقت افریقہ کے 12 ممالک میں جماعت کے 36 ہسپتال اور کلینک اور 8 ملکوں میں 373 ہائر سیکنڈری سکول اور پرائمری سکول کام کر رہے ہیں۔ ❁......تحریک وقف نو میں شامل ہونے والوں کی تعداد 28300 سے اوپر ہو چکی ہے۔ ❁......ایم ٹی اے کے علاوہ دنیا کے دیگر ٹی وی چینلز اور ریڈیو کے ذریعہ اسلام احمدیت کے پیغام کی وسیع پیمانہ پر اشاعت۔ ❁......ہومیوپیتھی کے ذریعہ سے خدمت خلق۔ دنیا کے 55 ممالک میں تقریباً 632 چھوٹے بڑے شفاخانے، کلینک کام کر رہے ہیں۔ اور ان میں ایک لاکھ ستاون ہزار سے زائد لوگوں کا مفت علاج کیا گیا ہے۔ ❁......نادار اور ضرورتمندوں اور یتیموں کی امداد اور ہیومینٹی فرسٹ کے ذریعہ خدمت بنی نوع انسان کے مختلف منصوبوں اور جماعتی ویب سائٹ کے ذریعہ ہونے والی مساعی کا بیان۔ اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت اور مخالفین کی ذلّت ورسوائی کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔	05؍جولائی	27

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ❁۔رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کی قربانیاں ❁۔دائمی عمل ❁۔قربانیوں کی مزید اقسام ❁۔ قربانیوں کی شقیں ❁۔شہوات کی قربانی۔(قسط نمبر 12)	05/جولائی	27
31جولائی2004ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ سوم)	2003-2004ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا مختصر تذکرہ۔ جو افضال وانوارِ الٰہی کی بارش دن رات جماعت احمدیہ پر نازل ہو رہی ہے اسے ہم کبھی شمار نہیں کر سکتے۔ ❁......2003ء۔2004ء کے دوران تین لاکھ سے زائد افراد بیعت کر کے جماعت احمدیہ مسلمہ میں شامل ہوئے۔ ❁......مختلف ممالک میں ہونے والی بیعتوں کے ایمان افروز کوائف۔ ❁......دعوت الی اللہ میں روکیں ڈالنے والوں کا عبرتناک انجام۔ ❁...... جماعت احمدیہ کے بارہ میں مخالفین کے پروپیگنڈہ کے نتیجہ میں حاصل ہونے والے ثمرات۔ ❁......حفاظتِ الٰہی، رؤیا اور خوابوں کے ذریعہ قبولِ احمدیت اور مخالفین کے عزائم میں ناکامی اور افراد جماعت کی مالی قربانی کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔ اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت اور مخالفین کی ذلّت ورسوائی کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان	12/جولائی	28
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ❁۔جذبات کی قربانی ❁۔رشتہ داروں کے جذبات کی قربانی ❁۔دوستوں کے جذبات کی قربانی ❁۔مال کی قربانی۔(قسط نمبر 13)	12/جولائی	28
17/جون1928ء	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا خطاب فرمودہ بمقام قادیان	**دنیا کا مُحسِن**۔ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے موضوع پر۔ ❁۔عزت کی قربانی ❁۔وطن کی قربانی ❁۔آرام کی قربانی ❁۔رشتہ داروں کی قربانی ❁۔جان کی قربانی ❁۔آئندہ نسل کی قربانی ❁۔نصیحت۔(قسط نمبر 14 وآخری قسط)	19/جولائی	29
8/جنوری2005ء	جلسہ سالانہ سپین کے موقع پر اختتامی خطاب بمقام مسجد بشارت سپین	**آپ سب جانتے ہیں کہ یہ جو صوبہ ہے، یہ علاقہ جس میں ہماری مسجد ہے، یہ یورپ میں مسلمانوں کی پہچان تھا۔ آج آپ لوگ جو یہاں سپین میں اکٹھے ہوئے ہوئے ہیں، آپ کو یہاں آنے کا موقع ملا ہے۔ آپ کا کام ہے کہ اس کھوئی ہوئی میراث کو دوبارہ حاصل کر کے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں تلے لے آئیں۔** ❁...... پہلے آنے والوں کے ساتھ یہ وعدہ نہیں تھا کہ اُن کی عظمت ہمیشہ قائم رہے گی بلکہ دین سے دُور چلے جانے کی خبر تھی لیکن مسیح محمدی کی جماعت کے لئے تاقیامت قائم رہنے، بڑھنے، پھولنے اور پھلنے کی خبر ہے اور یقیناً اس جماعت نے دنیا پر غالب آنا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن لوہے کی تلوار چلا کر نہیں، بندوقوں اور توپ کے گولے چلا کر نہیں، بلکہ پیار اور محبت کے تیر چلا کر، اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کر کے، اپنی عبادتوں کے معیار بلند کر کے، اپنی راتوں کو اُس کے حضور جھکتے ہوئے گڑ گڑاتے ہوئے دعائیں کرتے ہوئے گزار کر۔ ہر انسان کا حق ادا کرتے ہوئے چاہے وہ احمدی ہے، چاہے وہ مسلمان ہے، چاہے وہ عیسائی ہے یا کسی مذہب کا ہے۔ ہر احمدی کا فرض ہے کہ ہر انسان کا حق ادا کرے۔ یاد رکھیں یہ ہتھیار ایسے ہیں جن کا کوئی طاقت مقابلہ نہیں کر سکتی۔ پس دعائیں کرتے ہوئے یہاں رہنے والے احمدی اس طرف توجہ دیں اور احمدیت کے پیغام کو اس ملک کے کونے کونے میں پہنچانے کی کوشش کریں۔ ہر احمدی مرد اور عورت جو یہاں رہتا ہے کوشش کرے کہ احمدیت کی تبلیغ کے کام کو سنجیدگی سے لے اور سنجیدگی سے انجام دے۔ ❁......[قرآن مجید، احادیث نبویہ اور ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حوالہ سے باہمی محبت اور اخوت اور دعوت الی اللہ کی طرف خصوصی توجہ دینے کی تاکیدی نصائح۔] ❁......الٰہی وعدوں کے مطابق اس مسجد پیدرو آباد نے انشاء اللہ تعالیٰ رہتی دنیا تک قائم رہنا ہے۔ ایک وقت آئے گا کہ یہاں اس ملک میں بڑی بڑی عظیم الشان اَور مسجدیں بھی جماعت احمدیہ کو بنانے کی توفیق ملے گی۔ لیکن یہ جو دعاؤں کے ساتھ عاجزانہ ابتدا ہوئی ہے اس کو تاریخ احمدیت کبھی نہیں بھلا سکے گی۔	26/جولائی	30

تاریخ	برموقع/حوالہ	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 526 تا540	آزادیٔ مذہب اور مذہبی رواداری سے متعلق اسلامی تعلیم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُسوۂ حسنہ (قسط1)	26/جولائی	30
	تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 526 تا540	آزادیٔ مذہب اور مذہبی رواداری سے متعلق اسلامی تعلیم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُسوۂ حسنہ (قسط2)	02/اگست	31
	تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 526 تا540	آزادیٔ مذہب اور مذہبی رواداری سے متعلق اسلامی تعلیم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُسوۂ حسنہ (قسط3)	09/اگست	32
8/ستمبر 2012ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ اوّل)	2011-2012ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ ۞......اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال دو نئے ممالک پانامہ اور امریکن ساموآ (Samoa) میں احمدیت کے نفوذ کے ساتھ اب تک 202 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔ ۞......اس سال 338 مساجد کا اضافہ ہوا۔ 119 مساجد نئی تعمیر ہوئیں اور 219 مساجد بنی بنائی عطا ہوئیں۔ ۞......نئی جماعتوں کے قیام، مساجد کی تعمیر اور تبلیغی مراکز کے قیام کے تعلق میں ایمان افروز واقعات۔ ۞......اس سال 569 مختلف کتب، 45 زبانوں میں پمفلٹس اور فولڈرز 2 لاکھ 74 ہزار 526 کی تعداد میں طبع ہوئے۔ ۞......مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم اور دیگر اسلامی لٹریچر کی اشاعت۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی تصنیف براہین احمدیہ کے پہلے دو حصوں کے انگریزی ترجمہ کی پہلی مرتبہ طباعت۔ ۞......ماہنامہ موازنۂ مذاہب اور ریویو آف ریلیجنز کے علاوہ احمدیہ پرنٹنگ پریسز، نمائشوں اور بکسٹالز کے ذریعہ اسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر، غیروں پر اس کے اثرات اور ان کے تاثرات کا تذکرہ۔ ۞......2320 نمائشوں اور 5290 بکسٹالز اور 100 بک فیئرز کے ذریعہ لاکھوں افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا۔ ۞......لیف لیٹس اور فلائرز کی تقسیم کے منصوبہ کے شاندار اثرات۔	09/اگست	32
8/ستمبر 2012ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ دوم)	2011-2012ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ ۞......ایم ٹی اے انٹرنیشنل، احمدیہ ریڈیو سٹیشنز اور دیگر ٹی وی اور ریڈیو پروگرامز کے ذریعہ وسیع پیمانے پر تبلیغ اور اس کے شیریں ثمرات۔ ۞......احمدیہ ویب سائٹ، انڈیا ڈیسک، رشین ڈیسک، چینی ڈیسک، ٹرکش ڈیسک، بنگلہ ڈیسک، فرنچ ڈیسک، جاپانی ڈیسک اور عربک ڈیسک کی مساعی کا مختصر تذکرہ۔ ۞......ایم ٹی اے 3 العربیہ اور الحوار المباشر کے ذریعہ قبول احمدیت کے روح پرور واقعات۔ ۞......تحریک وقف نو میں شامل ہونے والوں کی تعداد 47892 ہوگئی ہے۔ سب سے زیادہ واقفین نو کا تعلق پاکستان سے ہے۔ ۞......غانا میں انٹرنیشنل جامعہ کا قیام۔ ۞......پریس اینڈ پبلیکیشن ڈیسک اور مخزن تصاویر کے شعبہ جات کی مساعی کا تذکرہ۔	16/اگست	33
	تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 526 تا540	آزادیٔ مذہب اور مذہبی رواداری سے متعلق اسلامی تعلیم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُسوۂ حسنہ (قسط4 آخری)	16/اگست	33
8/ستمبر 2012ء	دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب جلسہ سالانہ یوکے بمقام حدیقۃ المہدی، آلٹن (حصّہ سوم۔آخری)	2011-2012ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والی اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ ۞......مجلس نصرت جہاں کے تحت اس وقت افریقہ کے بارہ ممالک میں 39 ہسپتال اور کلینک اور 656 سکول کام کر رہے ہیں۔ ۞......انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز، ہیومینٹی فرسٹ وغیرہ مختلف ادارہ جات کی مساعی کی مختصر رپورٹ۔ ۞......اس سال 116 ممالک کی 282 قوموں کے 5 لاکھ 14 ہزار 352 افراد بیعت کر کے جماعت احمدیہ مسلمہ میں شامل ہوئے۔ ۞......بیعتوں کے ایمان افروز واقعات، رؤیا صادقہ کے ذریعہ قبول احمدیت، دعوت الی اللہ کی راہ میں روک پیدا کرنے والوں کے عبرتناک انجام اور الٰہی نصرت و تائید کے روشن نشانات کے تذکرہ پر مشتمل نہایت درجہ ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔	23/اگست	34

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
19 مئی 2013ء	جلسہ سالانہ مغربی کینیڈا کے موقع پر اختتامی خطاب بمقام مسجد بیت الرحمٰن وینکوور۔	ایک احمدی جب حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کا فرد ہونے کا اور آپ کی بیعت میں آنے کا دعویٰ کرتا ہے تو اس سوچ کے ساتھ کہ اب مَیں اپنی حالت کو بہتر کرنے کی کوشش کروں گا۔ یہ سوچ ہے جو ایک احمدی کو حقیقی احمدی بنانے والی ہے اور ہونی چاہئے۔ اگر یہ نہیں تو احمدی ہونے کا دعویٰ بے معنی ہے۔ ہر احمدی کو پتہ ہونا چاہئے کہ وہ کیوں احمدی ہے اور اس کا عہدِ بیعت کیا ہے؟ حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام ایک احمدی کو کس طرح دیکھنا چاہتے ہیں؟ اس کے لئے آپ کی نصائح میں سے چند نصائح مَیں نے لی ہیں جو اَب مَیں آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ ہر ایک کو جائزہ لینا چاہئے کہ ہم کس حد تک ان نصائح پر، ان باتوں پر پورا اتر رہے ہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے نہایت اہم نصائح۔	30راگست 06رستمبر	35 36
19فروری1920ء	تقریر حضرت فضلِ عمر خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ بمقام لاہور	**صداقتِ احمدیت۔**۞......احترام انبیاء علیہم السّلام۔۞......فضیلتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بر جملہ انبیاء علیہم السلام۔۞......سچائی پرکھنے کا معیار۞......مقابلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بر دیگر انبیاء علیہم السلام۞......اثرات تعلیم۔(قسط:1)	13رستمبر	37
19فروری1920ء	تقریر حضرت فضلِ عمر خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ بمقام لاہور	**صداقتِ احمدیت۔**۞......اخلاص مستورات مومنینؓ۔۞......اختلاف فرقہائے مسلم کا طریق فیصلہ۔۞......مسیح موعود کے دعویٰ پر غور کرنا ضروری ہے۔۞......دعویٰ کی سچائی پر مخالف کی رائے۔(قسط:2)	20رستمبر	38
19فروری1920ء	تقریر حضرت فضلِ عمر خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ بمقام لاہور	**صداقتِ احمدیت۔**۞......وفات مسیح وصداقت ھٰذہ۞......حیات مسیحؑ سے خُدا اور رسولؐ پر الزام۞......عقیدہ حیات مسیحؑ کی ابتدا۔(قسط:3)	27رستمبر	39
19فروری1920ء	تقریر حضرت فضلِ عمر خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ بمقام لاہور	**صداقتِ احمدیت۔**۞......معیار سچائی حضرت اقدس مسیح موعودؑ۔(قسط:4 آخری)	04راکتوبر	40
روزنامہ الفضل 26 نومبر 1933ء	تحریر فرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**رَحمَۃٌ لِلعَالَمِین** صلی اللہ علیہ وسلم۔۞......آسمان کے لیے رحمت۞......فرشتوں کے لیے رحمت۞......زمانہ کے لیے رحمت۔(قسط نمبر1)	11راکتوبر	41
29جون2013ء	جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر مستورات سے خطاب	ایک مومنہ عورت کو اللہ تعالیٰ نے عموماً زینت کی حفاظت اور اسے چھپانے کا کہا ہے۔ سوائے اس کہ جو زینت خود بخود ظاہر ہو جائے۔ یہاں خود بخود ظاہر ہونے والی زینت سے مراد ظاہری قد کاٹھ، ہاتھ پاؤں وغیرہ ہیں۔ لباس کے معاملہ میں محرم رشتوں کے سامنے بھی حیادار لباس ضروری ہے۔ یہ احمدی عورتوں پر، احمدی ماں باپ پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ایک نظام کے تحت ان کو اپنی اولادیں دین کی خدمت کے لئے پیش کرنے کا موقع میسر ہے۔ جنہوں نے پیش کر دیئے ان کو اب مَیں کہتا ہوں کہ ان کی تربیت کریں۔ اے احمدی عورتو اور بچیو! اس زمانے میں حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آکر اپنے آپ کو تقویٰ پر قائم رکھنے کا عہد کرنے والیو! اپنے آپ کو دنیا کی لہوولہب سے دور رکھنے کا اعلان کرنے والیو! اپنی زینت کی قرآن حکیم کے حکم کے مطابق حفاظت کا اعلان کرنے والیو! اپنی عزت وناموس کی حفاظت کرنے والیو! اپنے مالوں کو دنیا کی لذات کے بجائے دین کے پھیلانے پر خرچ کرنے کا عہد کرنے والیو! اپنی اولادوں کو دین کی خدمت کے لئے وقف کرنے کا عہد کرنے والیو! اپنے جائزے لیں اور دیکھیں کہ کس حد تک آپ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچتے ہوئے اپنی زندگی گزار رہی ہیں۔ کس حد تک اپنے آپ کو اس کی مغفرت اور رضوان کی چادر میں لپیٹ رہی ہیں۔ اللہ کرے کہ ہر احمدی عورت اور مرد اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور اس کی مغفرت اور اس کی رضوان کے حصول کے لئے پہلے سے بڑھ کر کوشش کرنے والا ہو۔	18راکتوبر	42

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
روزنامہ الفضل 26 نومبر 1933ء	تحریر فرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**رَحمَۃٌ لِلعَالَمِین** صلی اللہ علیہ وسلم۔ ❁...... زمین کے لئے رحمت ❁...... انسانیت کے لیے رحمت۔ (قسط نمبر 2)	18/ اکتوبر	42
16/ جون 2013ء	مجلسِ شوریٰ 2013ء کے اختتامی اجلاس سے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔ **اس خطاب کا اردو میں مفہوم**	ہر عہدیدار کو یہ بات اچھی طرح جان لینی چاہیے کہ جماعت میں بنیادی طور پر ہر عہدہ ایک 'امانت' ہے۔ تمام عہدیداران کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ اس امانت کا حق ادا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں جو اُن کے سپرد کی گئی ہے۔ اور امانت کا حق ادا کرنے کا طریق یہ ہوتا ہے کہ جو بھی ذمہ داری آپ کو سونپی گئی ہے اسے اپنے پورے دل اور پوری جان، نیک نیتی، انتہائی درجہ کی ایمانداری اور متانت سے پورا کرنے کی کوشش کریں۔ وہ تمام افراد جنہیں عہدہ کی ذمہ داری سونپ کر ایک لحاظ سے امین ٹھہرایا گیا ہے انہیں لوگوں کے ساتھ شفقت، محبت اور احترام کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ ❁...... باقاعدہ طور پر مقرر کیے جانے والے جماعتی عہدیداران کو رضا کاران کی ٹیمیں بنا کر کام کرنا چاہیے۔ عہدیداران کو یہ بھی چاہیے کہ وہ گاہے بگاہے اپنی ٹیم کے ممبران سے تبادلہ خیال کریں، مختلف کاموں میں مزید بہتری لانے کے لیے ان سے مشورہ کریں اور جب آپس میں تبادلہ خیال، سوچ بچار اور مشورہ کر لینے کے بعد ایک حتمی لائحہ عمل طے پا جائے تو پھر اس تمام عمل کے سب سے ضروری پہلو کو نظر انداز نہ ہونے دیں یعنی یہ کہ آپ نہایت عجز وانکسار اور مستقل مزاجی کے ساتھ خدا تعالیٰ کے حضور دعاؤں میں لگ جائیں کہ اللہ تعالیٰ ہر اس تدبیر میں جو آپ نے اپنے مفوضہ امور کی انجام دہی کے لیے سوچی ہے برکت عطا فرما دے۔ ❁...... آپ سب کو ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان اور توکّل صرف اور صرف دعا کے ذریعے ہی پیدا ہوتا ہے۔ جماعتی عہدیداران پر یہ امر فرض اور لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعاؤں اور اس کی عبادات میں اپنے آپ کو فنا کر دیں۔ یاد رکھیں! ہمیں ایسے کسی جماعتی عہدیدار کی ضرورت نہیں جو نماز ادا نہیں کرتا۔ ❁...... ایسے نمائندگان مجلسِ شوریٰ کو جو کسی جماعتی عہدہ پر فائز نہیں، یہ یاد رکھنا چاہیے کہ وہ ایک یا دو روز کے لیے مجلسِ شوریٰ کے ممبر نہیں منتخب کیے گئے بلکہ ان کا انتخاب پورے سال کے لیے ہوا ہے۔ ❁...... لہٰذا یہ ان کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اپنے دائرہ کار میں اس بات کا خیال رکھیں کہ جو تجاویز مجلسِ شوریٰ میں پیش ہو کر خلیفۃ المسیح سے منظور ہوئی ہیں ان پر کما حقہٗ عملدرآمد ہو رہا ہو۔ ❁...... ایک اور بات جس کی طرف میں عہدیداران اور نمائندگانِ مجلسِ شوریٰ کو خاص طور پر توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ انہیں اور ان کے افرادِ خانہ کو جتنا زیادہ سے زیادہ ممکن ہو سکے MTA سے استفادہ کرنا چاہیے۔ بلکہ آپ لوگ دیگر دوستوں کو بھی MTA سے فائدہ اٹھانے کی تلقین کریں۔ سب سے زیادہ ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ لوگ ہر جمعہ کو نشر ہونے والا خطبہ جمعہ باقاعدگی سے سنیں۔ اور دیگر ایسے پروگرام بھی دیکھیں جن میں میری شمولیت ہوتی ہے جیسا کہ غیر مسلموں سے خطابات ہیں یا جلسہ پر کی جانے والی میری تقریریں ہیں یا دیگر مجالس وغیرہ۔ ❁...... آپ ہر دم اپنے لیے اور اپنی آنے والی نسلوں کے لیے دعاؤں میں لگے رہیں کیونکہ دعا کے بغیر ہم نہ تو اپنی نسلوں کی تربیت کا اہم فریضہ سرانجام دے سکتے ہیں اور نہ ہی کسی کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔ **امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مجلسِ شوریٰ جماعتِ احمدیہ انگلستان 2013ء سے نہایت اہم نصائح پر مشتمل اختتامی خطاب**	25/ اکتوبر	43
روزنامہ الفضل 26 نومبر 1933ء	تحریر فرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**رَحمَۃٌ لِلعَالَمِین** صلی اللہ علیہ وسلم۔ ❁...... نسلِ انسانی کیلئے رحمت۔ (قسط نمبر 3)	25/ اکتوبر	43

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	برموقع	تاریخ
44	01رنومبر	یہ لوگ جو گھر بیٹھے ختم نبوت کے نعرے لگاتے ہیں یہ نہ ہی کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ختم نبوت دنیا کو بتا سکتے ہیں اور نہ ان میں اتنا حوصلہ ہے کہ بتا سکیں اور نہ اتنا علم ہے کہ بتا سکیں۔ پس آج احمدی ہی ہیں جو اس کام کو لے کر اٹھے ہوئے ہیں اور یہ بیڑا ہم نے اٹھایا ہے اور ہم ہی ہیں جنہوں نے اس کو انشاء اللہ انجام تک پہنچانا ہے۔۞.....آج دنیا کا میڈیا یہ کہنے پر مجبور ہے کہ یہ اسلام جو جماعت احمدیہ پیش کررہی ہے دنیا کو بتانے کی ضرورت ہے۔ یہ ہر ایک کے علم میں آنا چاہئے کیونکہ یہ دنیا کے امن کی ضمانت ہے۔ یہ دنیا میں محبت اور بھائی چارہ پھیلانے کی ضمانت ہے۔ بلکہ بہت سا پڑھا لکھا طبقہ اور بعض سیاسی لیڈروں نے بھی کہا کہ اسلام کی یہ خوبصورت تعلیم ہمارے سامنے کبھی بھی نہیں آئی۔۞.....اللہ تعالیٰ نے اس راہنمائی کے ساتھ جو وہ خود پاک فطرت لوگوں کی کررہا ہے، ان لوگوں کی راہنمائی کررہا ہے جن پر اس کی رحمت کی نظر ہے، ہماری بھی یہ ذمہ داری لگائی ہے کہ اپنے عملوں سے اور اپنی تبلیغ سے رحمۃ للعالمینؐ کے پیغام کو دنیا تک پہنچا کر اسے تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچائیں۔ اپنی سجدہ گاہوں کو اللہ تعالیٰ کے رحم کو جذب کرنے کا ذریعہ بنائیں۔ اللہ تعالیٰ کے رحم کو جذب کرنے کے لئے اپنی سجدہ گاہوں کو اپنے آنسوؤں سے تر کرتے رہیں۔ انسانیت کو تباہ ہونے سے بچانے کے لئے ایک تڑپ اپنے اندر پیدا کریں۔۞.....پس اے غلامانِ مسیح محمدی! اے رحمۃ للعالمینؐ کے عاشق صادق کے غلامو! اور اے رحمۃ للعالمینؐ کی محبت کا دم بھرنے والو! اٹھو اور اللہ تعالیٰ کی تائیدات کے ساتھ، اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت کے ساتھ اپنی سوچوں کو ملاؤ، اپنے عملوں کو ملاؤ، اپنی دعاؤں کو ملاؤ اور دنیا میں جلد تر رحمۃ للعالمینؐ کا جھنڈا لہرانے میں حصہ دار بن جاؤ۔ یہ تڑپ آج جرمنی میں رہنے والے احمدیوں کے لئے بھی ضروری ہے اور امریکہ میں رہنے والے احمدیوں کے لئے بھی ضروری ہے اور کبابیر کے رہنے والے احمدیوں کے لئے بھی ضروری ہے۔ رحمۃ للعالمینؐ کی انسانیت پر رحمت کی تڑپ کا ادراک ہم نے عرب کو بھی کروانا ہے اور عجم کو بھی کروانا ہے۔ یورپ کو بھی کروانا ہے اور امریکہ کو بھی کروانا ہے اور دنیا کے ہر خطے کو کروانا ہے۔	جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر کالسروئے جرمنی میں اختتامی خطاب	30جون2013ء
44	01رنومبر	رَحمَةٌ لِلعَالَمِین صلی اللہ علیہ وسلم۔۞.....گزشتہ انبیاء کے لئے رحمت (قسط نمبر 4)	تحریرفرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	روزنامہ الفضل 26نومبر1933ء
45	08رنومبر	ہمارا یہ جلسہ خالص دینی جلسہ ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جلسوں کا مقصد افرادِ جماعت کو اُن اعلیٰ معیاروں تک پہنچانا تھا جہاں تقویٰ میں ترقی بھی نظر آئے، ایمان کی مضبوطی بھی نظر آئے اور حقوق العباد کی ادائیگی کے معیار بھی بلند ہوتے نظر آئیں۔۞.....حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاک اور زرّیں ارشادات کے حوالہ سے تقویٰ کی اہمیت وعظمت اور تقویٰ کے اعلیٰ معیاروں کے حصول کے بارہ میں تاکیدی نصائح۔۞.....اگر آج ہم اس بات پر خوش ہیں کہ جماعت احمدیہ برطانیہ سوسالہ جوبلی منا رہی ہے تو اس کا فائدہ تبھی ہے جب یہ سوسال ہمارے اندر ایک انقلاب پیدا کرنے کا ذریعہ بننے والے ہوں اور ہم یہ عہد کریں کہ آئندہ نسلوں میں بھی ہم اُس تعلیم کو جاری رکھیں گے، اُن خواہشات کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہم سے کی ہیں، ورنہ یہ جوبلیاں اور یہ فنکشن اور یہ دعوے اور نعرے کوئی چیز نہیں۔۞..... پاکستان اور دنیا بھر کے احمدیوں کے لئے اور دنیائے اسلام کے لئے خاص دعاؤں کی تحریک۔	جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر بمقام حدیقۃ المہدی آلٹن افتتاحی خطاب	30اگست2013ء
45	08رنومبر	رَحمَةٌ لِلعَالَمِین صلی اللہ علیہ وسلم۔۞.....پہلی کتب کیلئے رحمت۔(قسط نمبر 5)	تحریرفرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	روزنامہ الفضل 26نومبر1933ء

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28 جولائی 2007ء	جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں بعد دوپہر کے اجلاس میں خطاب (حصہ اوّل)	**2006-2007ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔** ❁......1984ء کے بعد سے 2007ء تک کے 23 سال کے عرصہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے 98 نئے ممالک میں جماعت احمدیہ کا نفوذ ہوا۔❁......اس سال چار نئے ممالک گوادے لوپ، سینٹ مارٹن، فرنچ گنی اور ہیٹی میں جماعت کا پودا لگا۔ پاکستان کے علاوہ 653 نئی جماعتوں کا قیام ہوا۔ پرانے رابطوں کی بحالی، نئی جماعتوں کا قیام، نومبائعین سے رابطہ کے سلسلہ میں مختلف مساعی کا تذکرہ۔ امسال جماعت کو 299 نئی مساجد عطا ہوئیں۔ ان میں سے 169 نئی تعمیر ہوئیں اور 130 بنی بنائی ملیں۔ دوران سال 186 مشن ہاؤسز کا اضافہ ہوا۔	15/نومبر	46
روزنامہ الفضل 26 نومبر 1933ء	تحریر فرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**رَحْمَةٌ لِلْعَالَمِين** صلی اللہ علیہ وسلم۔❁......انسانی ضمیر کیلئے رحمت۔ ❁......معذوروں کے لئے رحمت۔ (قسط نمبر 6)	15/نومبر	46
28 جولائی 2007ء	جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں بعد دوپہر کے اجلاس میں خطاب (حصہ دوم)	2006-2007ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔❁......تراجم قرآن کریم و دیگر لٹریچر کی اشاعت، رقیم پریس اور مختلف زبانوں کے مرکزی ڈیسکس کی کارکردگی کا مختصر تذکرہ۔❁......اس سال نمائشوں، 2161 بکسٹالز اور 55 بک فیئرز کے ذریعہ لاکھوں افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا۔❁......اس سال ایم ٹی اے العربیہ کا آغاز کیا گیا۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ سے بیعتوں کے ایمان افروز واقعات۔ ایم ٹی اے کے علاوہ مختلف ممالک میں اس سال 1398 ٹی وی پروگراموں میں کُل 813 گھنٹے 45 منٹ کا وقت ملا اور اس طرح قریباً آٹھ کروڑ افراد تک اسلام کا پیغام پہنچایا گیا۔ مختلف ممالک کے ریڈیو سٹیشنز پر 1873 گھنٹے پر مشتمل 6664 پروگرام نشر ہوئے۔	22/نومبر	47
روزنامہ الفضل 26 نومبر 1933ء	تحریر فرمودہ: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**رَحْمَةٌ لِلْعَالَمِين** صلی اللہ علیہ وسلم۔❁......آئندہ نسلوں کیلئے رحمت۔ (قسط نمبر 7 آخری)	22/نومبر	47
	حقائق الفرقان جلد اوّل صفحہ 274-275	❁......حضرت ہاجرہ علیہا السلام	22/نومبر	47
28 جولائی 2007ء	جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں بعد دوپہر کے اجلاس میں خطاب (حصہ سوم۔آخری)	2006-2007ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔❁...... پریس اینڈ پبلیکیشنز، احمدیہ انجینئرز اینڈ آرکیٹیکٹس ایسوسی ایشن، تحریک وقف نو، ہیومینیٹی فرسٹ، مجلس نصرت جہاں، ہومیوپیتھی، نور العین دائرۃ الخدمۃ الانسانیۃ، الاسلام ویب سائٹ وغیرہ مختلف شعبوں کی مساعی کا بیان۔❁......اس سال کُل دو لاکھ 60 ہزار 839 نئی بیعتیں ہوئیں۔ يَنْصُرُكَ رِجَالٌ نُوْحِيْ اِلَيْهِمْ مِنَ السَّمَآءِ کے تحت بیعتوں کے متفرق ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔❁......جماعت کے حق میں اللہ تعالیٰ کی نصرت و تائید اور دعوت الی اللہ کی راہ میں روکیں ڈالنے والوں کے عبرتناک انجام کے واقعات❁......نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے فضل سے مسلسل بڑھ رہی ہے۔ جماعت مالی قربانیوں میں بھی آگے بڑھ رہی ہے۔❁......اللہ تعالیٰ کی تقدیر نے فیصلہ کیا ہے کہ عرب میں انشاء اللہ تعالیٰ احمدیت نے نفوذ کرنا ہے اور جلد تمام مسلمان دنیا کو احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی آغوش میں لے لینا ہے۔❁......اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم اپنی زندگیوں میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پیغام تمام دنیا تک پھیلتا ہوا دیکھیں اور تمام دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے آیا ہوا دیکھیں۔	29/نومبر	48

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
25/دسمبر 1939ء	اجتماع خدام الاحمدیہ بمقام قادیان	خدام سے خطاب (قسط نمبر 1)	29/نومبر	48
	حقائق الفرقان جلد اوّل صفحہ 274	**صبر کی حقیقت**	29/نومبر	48
25/دسمبر 1939ء	اجتماع خدام الاحمدیہ بمقام قادیان	خدام سے خطاب (قسط نمبر 2)	06/دسمبر	49
25/دسمبر 1939ء	اجتماع خدام الاحمدیہ بمقام قادیان	خدام سے خطاب (قسط نمبر 3)	13/دسمبر	50
30 ستمبر 1936ء	تحریر: سیدنا حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	بانئ سلسلہ احمدیہ علیہ السلام کی صداقت کے تین شاہد (قسط نمبر 1)	20/دسمبر	51
30 ستمبر 1936ء	تحریر: سیدنا حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	بانئ سلسلہ احمدیہ علیہ السلام کی صداقت کے تین شاہد (قسط نمبر 2)	27/دسمبر	52

ارشادات حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

ارشادات	حوالہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
''جولوگ اس سلسلہ میں داخل ہوتے ہیں ان کوسب سے بڑا فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ مَیں ان کے لئے دعا کرتا ہوں......اللہ تعالیٰ نے تطہیر کے لئے یہ سلسلہ قائم کیا ہے اور مامور کی دعائیں تطہیر کا بہت بڑا ذریعہ ہوتی ہیں''۔	ملفوظات جلد سوم۔صفحہ 100۔ایڈیشن 2003ء۔مطبوعہ ربوہ	08رفروری	6
''یادرکھو ہمدردی تین قسم کی ہے۔اوّل جسمانی، دوم مالی، تیسری قسم ہمدردی کی دعا ہے۔......''	ملفوظات جلد 1 صفحہ 352 تا 353۔ایڈیشن 2003ء۔مطبوعہ ربوہ	01رنومبر	44

خطبات نکاح

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
09 نومبر 2011ء	مسجد فضل لندن	1۔عزیزہ ملیحہ منور بنت مکرم منور احمد صاحب چوہدری کا منصور احمد ابن مکرم مبارک احمد صاحب کے ساتھ۔ اگر خوف خدا ہو تو انسان کے اندر سے اس کا نفس اور اس کا ضمیر اور اس کا دل خود بخود اس کی ہر وقت کونسلنگ کر رہا ہوتا ہے۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے نکاح کے خطبہ میں سب سے بڑی چیز اور اہم چیز تقویٰ کو قرار دیا ہے۔	18رجنوری	3
19 نومبر 2011ء	مسجد فضل لندن	1۔عزیزہ ثناء وسیم بنت مکرم ڈاکٹر وسیم احمد خان صاحب یوکے کا عزیزم ڈاکٹر طاہر علی مرزا ابن مکرم مرزا عبدالوہاب صاحب کے ساتھ۔ 2۔عزیزہ عطیۃ الرحمٰن بٹ بنت مکرم یعقوب احمد بٹ صاحب کنگسٹن یوکے کا عزیزم لقمان احمد اختر ابن مکرم ادریس احمد اختر صاحب کے ساتھ۔ ہمیشہ اس عہد کے ساتھ نئی زندگیوں کا آغاز کرنا چاہئے کہ ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ کامل وفاداری اور سچ کے ساتھ تعلق نبھانے ہیں۔اور نہ صرف آپس میں لڑکے لڑکی نے یہ تعلق نبھانے ہیں بلکہ ایک دوسرے کے والدین کا، رشتہ داروں کا، عزیزوں کا بھی خیال رکھنا ہے۔ہمیشہ ان رشتوں کی بنیاد سچائی پر رکھو۔اگر سچائی پر بنیاد ہوگی تو ایک دوسرے پر اعتماد قائم ہوگا اور جب اعتماد قائم ہوگا تو پھر ان تعلقات میں خوبصورتی اور بہتری پیدا ہوگی اور نئی نسلیں بھی دین پر قائم رہنے والی، سچائی پر قائم رہنے والی اور پیار محبت کو پھیلانے والی ہوں گی۔	08رمارچ	10

تعلیمی، تربیتی و علمی مضامین

شمارہ	تاریخ اشاعت	عنوانات	مضمون نگار
1	04/جنوری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 228) مکرم الطیب الفرح صاحب (4) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 37) متی باب 26	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
2	11/جنوری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 229) مکرم سامح مصطفیٰ صاحب (1) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 38) متی باب 26	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
3	18/جنوری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 230) مکرم سامح مصطفیٰ صاحب (2) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 39) متی باب 26	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
4	25/جنوری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 231) مکرم سامح مصطفیٰ صاحب (3) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 40) متی باب 27	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
5	01/فروری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 232) مکرم سامح مصطفیٰ صاحب (4) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 41) متی باب 27 ❁... حاصل مطالعہ: تمہاری زلف میں پہنچی تو حُسن کہلائی...	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ انصر رضا۔ مبلغ سلسلہ کینیڈا
6	8/فروری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 233) مکرمہ احلام عبداللہ صاحبہ (1) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 42) متی باب 27 ❁... پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر، اہمیت اور مصداق تحریرات حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی روشنی میں۔ (پہلی قسط)	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ غلام مصباح بلوچ۔ کینیڈا
7	15/فروری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 234) مکرمہ احلام عبداللہ صاحبہ (2) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 43) متی باب 27 ❁... پیشگوئی مصلح موعود کا پس منظر، اہمیت اور مصداق تحریرات حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی روشنی میں۔ (دوسری و آخری قسط)	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ غلام مصباح بلوچ۔ کینیڈا
8	22/فروری	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 235) مکرمہ احلام عبداللہ صاحبہ (3) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 44) متی باب 27	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
9	01/مارچ	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 236) مکرمہ احلام عبداللہ صاحبہ (4) ❁... متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 45۔ آخری قسط) متی باب 28	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
10	08/مارچ	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 237) مکرمہ احلام عبداللہ صاحبہ (5) ❁... حضرت سید میر داؤد احمد صاحب مرحوم کی محبتوں، شفقتوں اور حسن سلوک کے بارے میں چند ذاتی یادداشتیں	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن سید شمشاد احمد ناصر لاس اینجلس

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن انور محمود خان۔امریکہ قریشی داؤد احمد مربی سلسلہ۔گلاسگو انصر رضا۔مبلغ سلسلہ کینیڈا	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 238) مکرمہ غصون احمد المعضمانی صاحبہ (1) ❁... برّ اعظم یورپ یا ریاستہائے متحدہ یورپ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئیوں میں مذکور الٰہی اشارے۔ ❁... مکرم حافظ احمد جبریل سعید صاحب (مرحوم) ❁... روحانی نوآبادیاں قائم کریں۔حضرت مصلح موعودؓ کی ایک رؤیا اور موجودہ حالات میں راہِ مولیٰ میں ہجرت کرنے والے مومنین کا نہایت اہم فریضہ۔ ❁... حاصل مطالعہ: غیر احمدی عالم کا اعتراف احمدیہ مسلم جماعت ختم نبوت کی منکر نہیں ہے۔ ☆... ختم نبوت مرتبی میں ختم نبوت زمانی سے عقیدت زیادہ ہے۔☆... مولانا قاسم نانوتویؒ صاحب کی ختم نبوت زمانی سے مراد☆... سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ختم نبوت زمانی کا اقرار۔	15/مارچ	11
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن انیس احمد ندیم۔مبلغ انچارج جاپان	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 239) مکرمہ غصون احمد المعضمانی صاحبہ (2) ❁... کیتھولک چرچ کے نئے پوپ کا انتخاب۔سیاسی اثر ورسوخ، محلاتی سازشیں۔جلاوطنی اور صدیوں کے تصادم کے بعد ایک مستحکم انتخابی نظام۔	22/مارچ	12
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن انیس احمد ندیم۔مبلغ انچارج جاپان دوست محمد شاہد۔مؤرخ احمدیت مظفر احمد دُرّانی۔مربی سلسلہ احمدیہ	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 240) مکرمہ غصون احمد المعضمانی صاحبہ (3) ❁... پوپ کا استعفیٰ اور رومن کلیسیا کو درپیش چیلنج۔عیسائیت دنیا کا سب سے بڑا لیکن رُو بہ زوال مذہب ❁... احمدیہ مسلم سپین مشن کا احیاء۔ ❁... تربیتِ اولاد کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انداز اور ارشادات۔	29/مارچ	13
عبدالماجد طاہر۔ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 8رمئی بروز بدھ 2013ء (حصہ اوّل)	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ امریکہ 2013ء** ❁......ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ اس آخری زمانہ میں مسلمانوں کو مذہبی جنگ لڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔بلکہ اس بات کی ضرورت ہے کہ اسلام کی امن وسلامتی کی تعلیم پیش کی جائے اور ہم ہر جگہ، ہر فورم پر یہ امن کی تعلیم پیش کر رہے ہیں۔❁...... احمدی مسلمان پُر امن شہری ہیں اور قانون کی پابندی کرنے والے ہیں اور ہم وہی کرتے ہیں جو کہتے ہیں۔❁...... پہلے ان عرب حکومتوں کو جو ہٹائی گئی ہیں مغربی طاقتیں ہی سپورٹ (support) کرتی تھیں اور اب عرب ممالک کی ان تحریکات میں مغربی طاقتیں باغیوں کی حمایت کر رہی ہیں۔اس کے پیچھے کیا نظریات اور سوچ ہے مجھے اس کا علم نہیں۔یہ تمام تحریکیں حقیقت میں مسلمانوں کے جذبات کو ابھار کر اپنے مفادات حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور یہ سب اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔ اگر آپ ان ممالک کی کوئی مدد کرنا چاہتے ہیں تو ہمسایہ ممالک کے ذریعہ ہو اور پھر ہمسایہ ممالک وہاں امن اور حقیقی جمہوریت کے قیام کے لئے کوششیں کریں اور مدد کریں۔❁...... اگر آپ نہیں تو آپ کی نسل احمدیت قبول کرے گی۔ہم نے تو ہمّت نہیں ہارنی، مسلسل پیغام پہنچانا ہے۔ہم آپ کے یا آپ کی اولادوں کے دل ضرور جیتیں گے اور ایک دن ہم ساری دنیا کے دل ضرور جیت لیں گے انشاء اللہ العزیز۔**(اخبار "Los Angeles Times" کے نمائندہ کو حضور انور ایدہ اللہ کا انٹرویو)** (لاس اینجلیز امریکہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ کی مختصر رپورٹ)	07رجون	23
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 88)	07رجون	23
عبدالماجد طاہر۔ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 8رمئی بروز بدھ 2013ء (حصہ دوم) 9رمئی بروز جمعرات 2013ء	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ امریکہ 2013ء** ❁......مَیں صرف یہ چاہتا ہوں کہ دنیا میں امن قائم ہو جائے۔لوگ ایسے پروگرام بنائیں اور ایسے اقدام کریں جس سے امن عالم قائم ہو اور دنیا کو تیسری جنگ عظیم سے بچایا جا سکے۔اس وقت جو سیاسی حالات ہیں اگر کنٹرول نہ کئے گئے تو تیسری جنگ عظیم شروع ہو سکتی ہے۔❁......اسلام یہ کہتا ہے کہ جنگ کے دوران معصوم لوگوں کو نہ مارا جائے۔عورتوں، بوڑھوں اور بچوں پر حملہ نہ کیا جائے۔لیکن یہاں ڈرون حملوں میں یہ سب معصوم لوگ مارے جا رہے ہیں اور مغربی ممالک اپنے ان حملوں کے ذریعہ ان لوگوں کو بلا امتیاز قتل کر رہے ہیں۔ اس وجہ سے مغربی ممالک کی مخالفت بڑھ رہی ہے۔**("Wall Street Journal" کی نمائندہ کا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے انٹرویو)**❁...... ظلم کرنے والوں پر خدا تعالیٰ کی جو پکڑ آنی ہے وہ بَغْتَةً آنی ہے۔یعنی آپ لوگوں کو علم بھی نہیں ہو گا اور وہ اچانک آجائے گی۔اگر تمہاری سوچوں اور اندازوں کے مطابق یہ پکڑ آئے تو پھر وہ بَغْتَةً تو نہیں ہو گی۔پس جو اچانک آتی ہے وہ اچانک ہی آئے گی۔❁......ہمیں مبلغین بھی چاہئیں، ڈاکٹرز اور ٹیچرز بھی چاہئیں۔اسی طرح مختلف زبانیں جاننے والے ماہرین بھی چاہئیں۔اسی طرح بعض اور فیلڈز بھی ہیں۔❁......واقفین نو کو تربیت کی طرف بہت توجہ دینی چاہیے۔نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ دیں۔قرآن کریم کی تلاوت روزانہ کریں۔پھر اس کا ترجمہ بھی پڑھیں اور بعد میں تفسیر بھی۔نئے آنے والوں کے لئے آپ ایک رول ماڈل بن جائیں۔اب بہت سے نئے لوگ آئیں گے جو آپ کا نمونہ دیکھیں گے۔**(واقفین نو کی کلاس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اہم نصائح)**❁......مارمن چرچ کے وفد کی حضور انور سے ملاقات۔❁......انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔❁......سکولز، کالجز اور یونیورسٹی کی طالبات کی حضور انور کے ساتھ نشست۔❁......تقریب آمین ❁...... عشّاقان خلافت کی دُور دُور سے آمد❁......Los Angeles Times میں حضور انور کے انٹرویو کی اشاعت (لاس اینجلز امریکہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ کی مختصر رپورٹ)	14رجون	24

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 89)	14رجون	24
عبدالماجد طاہر۔ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 10رمئی بروز جمعۃ المبارک 2013ء 11رمئی بروز ہفتہ 2013ء (حصہ اوّل)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ امریکہ 2013ء** احمدیت اسلام سے کوئی علیحدہ چیز نہیں۔اصل میں حقیقی اسلام ہی احمدیت ہے یا احمدیت ہی حقیقی اسلام ہے۔ الٰہی تقدیر ہے کہ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ کئے گئے غلبہ کے وعدے کو پورا فرمانا ہے۔بعید نہیں کہ امریکہ میں احمدیت کا انقلاب اس علاقے سے ہی آئے۔**(امریکہ کی ویسٹ کوسٹ سے پہلی بار حضرت خلیفۃ المسیح کی ایم ٹی اے کے ذریعہ Live ٹرانسمشن)** ہماری مخالفت تو آغاز سے ہی ہے۔ہم قانون کی پابندی کرنے والے لوگ ہیں۔ہم صبر کرتے ہیں اور دعاؤں سے کام لیتے ہیں۔آج نہیں تو کل انشاء اللہ ہم ان کے دل جیت جائیں گے۔**(Beverly Hills کے ہوٹل Montage میں پریس کانفرنس) امریکی کانگریس کے ممبران، کیلیفورنیا کے مختلف علاقوں کے سرکردہ حکام، سٹیٹ سینٹ اور اسمبلی کے نمائندگان و دیگر اہم شخصیات کی حضور انور سے ملاقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو** ہوٹل Montage میں منعقدہ تقریب استقبالیہ میں مختلف معزز مہمانوں کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ اور جماعت کی امن عالم کے لئے مساعی پر زبردست خراج تحسین۔لاس اینجلیز سٹی کونسل کی طرف سے لاس اینجلیز شہر کی Golden Key کا تحفہ۔کیلیفورنیا کے گورنر کی طرف سے خیر مقدمی Proclamation۔ ❁ مسلمان ہونے کا دعویٰ کرنے والے چند انتہا پسند افراد کی جانب سے کئے جانے والے بُرے اعمال کا اسلام کی حقیقی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔❁ مسلمان ممالک اور بعض مسلمان گروپس کے علاوہ اور بھی بہت سے ایسے غیر مسلم افراد ہیں جو کہ امن قائم کرنے کے نام پر ایسے اقدامات کر رہے ہیں جن کی وجہ سے معصوم لوگ، خواتین اور بچے مر رہے ہیں۔❁ امن حاصل کرنا ہے تو اس کی راہ صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ جہاں کہیں بھی ظلم و زیادتی ہوا سے عدل و انصاف کے ذریعے ختم کیا جائے۔(حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا تقریب استقبالیہ میں بصیرت افروز خطاب) ❁ خلیفہ کا پیغام بڑا ہر دلعزیز ہے اور ہر ایک کے لئے پُرکشش ہے۔❁ ''جماعت احمدیہ'' انسانیت کے لئے ایک ایسی روشن شمع ہے جس کی آج ساری دنیا کو ضرورت ہے۔❁ اتنے کم الفاظ میں امن کے قیام کے بارہ میں اتنا پاور فل (Powerfull) ایڈریس میں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں سنا۔ یہ سیدھا ہمارے دلوں تک پہنچا ہے۔(حضور انور کے خطاب کے بعد مہمانوں کے تأثرات) ❁ ......تقریب بیعت۔ ❁ ......انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔ ❁ ......تقریب آمین۔ (لاس اینجلیز امریکہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ کی مختصر رپورٹ)	21رجون	25
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 90)	21رجون	25

شمارہ	تاریخ اشاعت	رپورٹس	مرتبہ
26	28/جون	❁......مجلس انصاراللہ برطانیہ کا شجر کاری کا منفرد پروگرام	محمود احمد ملک۔یوکے
26	28/جون	❁......Harefield میں پیس سمپوزیم کا انعقاد۔	رانا مشہود احمد۔مبلغ سلسلہ یوکے
26	28/جون	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ امریکہ وکینیڈا 2013ء** Getty Center Museum کا وزٹ اور مسجد بیت السلام لاس اینجلیز ویسٹ کا وزٹ۔ اعلانات نکاح۔انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔ Big Bear Lake کی سیر۔ **Wall Street Journal میں حضور انور کے انٹرویو کی اشاعت۔الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ 14 سے 15 ملین افراد تک حضور انور کے دورہ اوراسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر۔Malibu کے علاقہ میں سمندر کے کنارے ایک نہایت یادگار مجلس علم وعرفان۔لاس اینجلیز(امریکہ) سے وینکوور(کینیڈا) کے لئے روانگی۔وینکوور کے ایئرپورٹ پر حضور انور کا سٹیٹ گیسٹ کے طور پر استقبال۔❁......مسجد بیت الرحمٰن(وینکوور) تشریف آوری اور احباب جماعت کی طرف سے والہانہ استقبال۔❁......تقریب آمین۔❁......انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔** (لاس اینجلیز(امریکہ)اوروینکوور(کینیڈا)میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 11/مئی بروز ہفتہ 2013ء (حصہ دوم) 12/مئی بروز اتوار 2013ء 13/مئی بروز سوموار 2013ء 14/مئی بروز منگل 2013ء 15/مئی بروز بدھ 2013ء 16/مئی بروز جمعرات 2013ء
26	28/جون	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 91)	طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ
27	05/جولائی	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁......لندن(برطانیہ) سے روانگی اور فرینکفرٹ(جرمنی) میں ورود مسعود❁......بیت السبوح میں سینکڑوں افراد جماعت کی طرف سے پیارے آقا کا والہانہ استقبال۔	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 22 جون بروز ہفتہ 2013ء
27	05/جولائی	حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء ❁......ویسٹرن کینیڈا کی جماعتوں کے جلسہ سالانہ کا خطبہ جمعہ سے آغاز۔❁......وینکوور(برٹش کولمبیا) میں جماعت احمدیہ کی مسجد بیت الرحمٰن کا افتتاح اور اس مسجد کی تعمیر کے حوالہ سے اہم نصائح۔❁......اس مسجد سے اسلام کا حقیقی پیغام پھیلے گا۔پاکستان میں کئی سالوں سے احمدیوں پر ظلم ہورہا ہے اور مخالفت زور پکڑتی جارہی ہے لیکن اس کے باوجود ہم مسلسل اپنا پیغام پہنچارہے ہیں اوراپنے مقصد کے حصول سے پیچھے نہیں ہٹے۔ہم لوگوں کے دل جیتیں گے اور ہم یہ دل جیت رہے ہیں۔احمدیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے۔(پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان کے ساتھ حضور انور کی پریس کانفرنس)انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔کینیڈا کے دُور دراز علاقوں سے سفر کرکے آنے والے سینکڑوں احمدی اپنے پیارے آقا کی زیارت وملاقات کے شرف سے فیضیاب ہوئے۔ (وینکوور کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 17/مئی بروز جمعۃ المبارک 2013ء 18 مئی بروز ہفتہ 2013ء (حصہ اوّل)

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد قاسم طاہر۔مبلغ سیرالیون	❁...... جماعت احمدیہ سیرالیون کے **52ویں** جلسہ سالانہ کا نہایت کامیاب اور بابرکت انعقاد ❁...... **صدر مملکت سیرالیون، 8 وزراء مملکت، 5 نائب وزراء مملکت، 21 ممبران پارلیمنٹ، 33 پیراماؤنٹ چیفس اور نمائندگان، 29 چیفڈم سپیکرز اور سیکشن چیفس، 17 قبائلی سردار، اعلیٰ حکومتی عہدیداران، اعلیٰ افسران، نیشنل ہیڈز آف اسلامک آرگنائزیشنز، یونائیٹڈ کونسل آف امام کے نیشنل و ڈپٹی امیر سیرالیون، بشریہ اسلامک مشن کے نیشنل امیر سیرالیون، حزب اللہ مشن کے نیشنل امیر سیرالیون، چیف امام آف افریقن مسلم ایجنسی مکینی و BO، چیف امام آف قذافی سنٹرل مسجد، چیف امام فری ٹاؤن سنٹرل مسجد، اور 303 غیر از جماعت آئمہ کی جلسہ میں شمولیت اور جماعت احمدیہ کی ملکی تعمیر وترقی اور رفاہ عامہ کے کاموں میں شاندار مساعی پر خراج تحسین** ❁...... **631** جماعتوں کے 16 ہزار سے زائد افراد جلسہ میں شامل ہوئے۔جلسہ کے موقع پر 421 افراد بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں داخل ہوئے۔ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات کے ذریعہ جلسہ کی وسیع پیمانے پر کوریج	05/جولائی	27
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 92)	05/جولائی	27
ندیم احمد وسیم۔مربی سلسلہ نائیجیریا	**جماعت احمدیہ کیمرون کے تیسرے جلسہ سالانہ کا بابرکت انعقاد۔** ❁......نائیجیریا، اکٹوریل گنی اور چاڈ سے بھی جماعتی وفود کی شرکت۔مختلف موضوعات پر علماء سلسلہ کی تقاریر۔ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات میں جلسہ کی تشہیر۔	12/جولائی	28
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 18 مئی بروز ہفتہ 2013ء (حصّہ دوم)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁......مسجد کی یہ خوبصورت سہولت آئندہ نسلوں کے لئے عبادت کرنے اور آپس میں تعلقات کو فروغ دینے کے لئے ایک اہم جگہ ہوگی۔کینیڈا کی حکومت کی طرف سے مَیں ان سب لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس دلکش منصوبہ کو عملی جامہ پہنایا۔(آنریبل سٹیفن ہارپر، وزیرِ اعظم کینیڈا) ❁...... برٹش کولمبیا کی یہ سب سے بڑی مسجد ہے۔اس عالیشان اور خوبصورت مسجد کو دیکھ کر ایک تسکین کا احساس ہوتا ہے۔❁...... مجھے یقین ہے کہ یہ مسجد آئندہ نسلوں کیلئے امن، ایمان اور عالمی بھائی چارے کیلئے بطور مشعل کھڑی رہے گی۔❁...... یہ مسجد اس بات کی بھی علامت ہے کہ جماعت احمدیہ کا حصولِ امن اور تکمیلِ روحانیت کیلئے شوق غیر متزلزل ہے۔❁......آپ کے ہاں 'امن' ہے۔آپ کے ہاں امید کی کرن نظر آتی ہے اور اس بات کا امکان نظر آتا ہے کہ ہم سب لوگ اکٹھے مل کر قیامِ امن کا حصول ممکن بنا سکتے ہیں۔(وینکوور برٹش کولمبیا کینیڈا میں تعمیر ہونے والی مسجد بیت الرحمٰن کے افتتاح کے موقع پر مختلف سیاسی وسماجی لیڈروں اور ممبران پارلیمنٹ کی طرف سے نیک جذبات کا اظہار اور تہنیتی پیغامات)(وینکوور کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	12/جولائی	28
سید سعید الحسن شاہ۔نائب امیر اول ومبلغ انچارج دی گیمبیا	جماعت احمدیہ گیمبیا کے 37ویں جلسہ سالانہ کا کامیاب بابرکت انعقاد۔❁......مختلف موضوعات پر ٹھوس علمی وتربیتی تقاریر۔سیاسی وسماجی شخصیات کی طرف سے جماعت احمدیہ کی خدمتِ انسانیت و خدمتِ اسلام پر خراج تحسین۔ریڈیو، ٹی وی اور اخبارات میں جلسہ کی وسیع پیمانے پر تشہیر	12/جولائی	28

شمارہ	تاریخ اشاعت	رپورٹس	مرتبہ
28	12/جولائی	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** واقفات نو بچیوں کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ کلاس کا انعقاد۔تبلیغ اور دعوت الی اللہ سے متعلق قرآن مجید، حدیث نبویؐ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپؑ کے خلفاء کرام کے ارشادات پر مشتمل مضامین۔واقفاتِ نَو کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ نہایت دلچسپ مجلس سوال و جواب۔ حضور انور ایدہ اللہ کی پُرشفقت رہنمائی اور نہایت اہم نصائح۔(فرینکفرٹ جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 23/جون بروز اتوار 2013ء
28	12/جولائی	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 93)	طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ
29	19/جولائی	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ امریکہ 2013ء**۔اس مسجد کے افتتاح کے موقع پر مَیں اعلان کرتا ہوں کہ یہ مسجد تمام لوگوں میں قطع نظر اس کے کہ وہ احمدی ہیں یا غیر احمدی، مسلمان ہیں یا غیر مسلم پیار، امن اور بھائی چارہ پھیلانے کا ذریعہ ثابت ہوگی۔تمام مذاہب کے لوگوں کیلئے ہماری مسجد کے دروازے کھلے رہیں گے کیونکہ یہ مسجد خدا تعالیٰ کی بنی نوع انسان کیلئے رحمانیت کے اظہار کا ذریعہ ہے۔☆......آج کی دنیا کو اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ تمام مذاہب کے ماننے والے اور وہ لوگ بھی جن کا مذہب پر ایمان نہیں ہے اکٹھے ہو جائیں۔تمام قوموں اور نسلوں کا متفقہ مقصد کے لئے اس دنیا کو تباہی سے بچانے کی خاطر اکٹھا ہونا انتہائی ضروری ہے۔☆......عالمی جنگ کے آثار مسلسل افق پر نمودار ہو رہے ہیں اور اس جنگ کے تباہ کن نتائج سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ اُس واحد خدا سے استدعا کی جائے جو اپنی مخلوق کے لئے رحمان ہے ۔میری دعا ہے کہ دنیا اس خدا کی طرف جھک جائے۔☆......مسجد بیت الرحمٰن۔وینکوور برٹش کولمبیا کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب۔(وینکوور کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 18 مئی بروز ہفتہ 2013ء (حصّہ سوم)
29	19/جولائی	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** بیت السبوح فرینکفرٹ میں واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاس ۞......جامعہ احمدیہ کے قیام، اس کی غرض و غایت، جامعہ میں پڑھائے جانے والے علوم اور عمومی تعارف سے متعلق مضامین۔۞......واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ مجلس سوال و جواب۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی پُرشفقت رہنمائی اور اہم نصائح۔۞...... تقریب آمین۔۞......انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 23 جون بروز اتوار 2013ء (حصّہ دوم)
29	19/جولائی	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 94)	طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 18 مئی بروز ہفتہ 2013ء (حصّہ چہارم)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** اگر پہلے دن سے اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی پابندی کی جائے کہ ہم نے سچ سے کام لینا ہے اور ایسے سچ سے کام لینا ہے کہ جس میں کسی قسم کا ایچ پیچ نہ ہو تو رشتے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قائم رہتے ہیں۔(خطبۂ نکاح میں اہم نصائح) مسجد بیت الرحمٰن (وینکوور، کینیڈا) کے افتتاح کے موقع پر کینیڈا کے مختلف شہروں کے حکام کی طرف سے Proclamations۔ 18 مئی کا دن احمدیہ ڈے (Ahmadiyya Day) کے طور پر منایا گیا۔ مسجد بیت الرحمٰن کی افتتاحی تقریب کی ریڈیو، ٹی وی، اخبارات وغیرہ کے ذریعہ وسیع پیمانے پر کوریج۔❁...... حضور انور ایک روحانی شخصیت ہیں۔❁...... آپ کی شخصیت میں ایک طاقت اور جاذبیت ہے۔❁...... آپ کی تقریر آج کی دنیا کی ضرورت ہے۔❁...... آپ کے خطاب سے ثابت ہو گیا ہے کہ احمدی تشدد پسند نہیں بلکہ امن پسند لوگ ہیں۔❁...... حضور انور کے خطاب کے ذریعہ میں نے اسلام کے متعلق بہت سی نئی باتیں سیکھیں۔(**مسجد بیت الرحمٰن کی افتتاحی تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں کے تاثرات**) (وینکوور، کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	26/جولائی	30
چوہدری محمد عارف گل۔ مبلغ سلسلہ ٹوگو	ٹوگو کے گاؤں FECHOKOPE میں احمدیہ مسجد کا بابرکت افتتاح	26/جولائی	30
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 24 جون بروز سوموار 2013ء (حصہ اوّل)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ☆...... انفرادی و فیملی ملاقاتیں ☆...... بعض مرحومین کی نماز جنازہ حاضر و غائب ☆...... Mörfelden-Walldorf میں حضور انور کی آمد اور والہانہ استقبال ☆...... مسجد بیت السبحان Mörfelden-Walldorf کے سنگ بنیاد کی تقریب۔❁...... مَیں حضور انور کا شکرگزار ہوں کہ حضور ہمارے شہر میں تشریف لائے ہیں' (Mörfelden شہر کے میئر کا ایڈریس) اس قوم کی خوبی ہے کہ انہوں نے ان محروموں کو جن کو اپنے ملک میں اپنی مساجد میں نمازیں پڑھنے سے روکا گیا تھا یہاں مسجدیں بنانے کی اجازت دی ہے، اپنے مذہب کے اظہار کی اجازت دی ہے۔ اس بات پر ہمیں ان لوگوں کا بہت زیادہ شکرگزار ہونا چاہئے۔(مسجد بیت السبحان کے سنگ بنیاد کے موقع پر منعقدہ تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب) (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	26/جولائی	30
طارق حیات۔ مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 95)	26/جولائی	30
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 19 مئی بروز اتوار 2013ء (حصہ اوّل)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁...... جلسہ سالانہ ویسٹرن کینیڈا کا اختتامی اجلاس۔❁...... جامعہ احمدیہ کینیڈا کی دوسری سالانہ کانووکیشن۔❁...... شاہد مبلغین اور حفّاظ قرآن کریم میں اسناد کی تقسیم۔❁...... کینیڈا کی ذیلی تنظیموں انصار اللہ، خدام الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کی نمایاں کارکردگی والی مجالس میں علم انعامی و اسناد کی تقسیم۔❁...... تعلیمی میدان میں اعلیٰ کامیابی حاصل کرنے والے طلباء میں گولڈ میڈلز و اسناد کی تقسیم۔ جلسہ سالانہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا اختتامی خطاب اور احباب جماعت کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے اہم نصائح۔❁...... تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں تقسیم اسناد و انعامات۔❁...... تقریب بیعت، یونیورسٹیز، کالجز اور سکول کے طلباء کی حضور انور کے ساتھ نشست۔❁...... طلباء کے ساتھ مجلس سوال و جواب میں حضورر انور کی پُر شفقت رہنمائی اور اہم نصائح۔❁...... انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔(کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ کی مختصر رپورٹ)	02/اگست	31

شمارہ	تاریخ اشاعت	رپورٹس	مرتبہ
31	02راگست	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** فلورس ہائیم میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آمد اور والہانہ استقبال، مسجد بیت العطا کی افتتاحی تقریب میں شہر کے میئر، شہر کی کونسل کے صدر، ضلعی کمشنر اور صوبہ ہیسن کے سیکرٹری آف سٹیٹ کے ایڈریسز، مسجد کی تعمیر پر نیک جذبات کا اظہار اور مبارکباد۔(افتتاحی تقریب میں مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے معززین اور مقامی جرمن غیر مسلم افراد کی شرکت)اس مسجد کے دروازے ہر ایک کے لئے، ہر اس شخص کے لئے جو خدائے واحد کی عبادت کرنے والا ہے کھلے رہیں گے۔مسجد کا مینارہ اس بات کی نشانی ہے کہ یہ پیغام جو روشنی کا پیغام ہے، یہاں سے پھیلے گا۔اسلام جو جماعت احمدیہ پیش کرتی ہے وہ محبت اور بھائی چارہ اور ہم آہنگی سے رہنے کا پیغام ہے۔ (مسجد بیت العطا کی افتتاحی تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب)فلورس ہائیم سے بیت السبوح واپسی۔تقریب آمین (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 24جون بروز سوموار 2013ء (حصہ دوم)
31	02راگست	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 96)	طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ
32	09راگست	**مجلس خدام الاحمدیہ یوکے کے 42ویں سالانہ اجتماع کا نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد۔** ❁......اجتماع میں شامل ہونے والے اطفال وخدام کی ریکارڈ حاضری۔ ❁......اجتماع کے تینوں دن خدام و اطفال کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اقتدا میں نمازوں کی ادائیگی کی سعادت حاصل رہی۔ ❁...... حضور انور نے ازراہ شفقت کھیلوں کے مختلف مقابلوں کو دیکھا اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ ❁...... نوجوان ہی وہ لوگ ہیں جو قوموں کے مستقبل کا آئینہ دار ہوتے ہیں۔ چاہے وہ دنیاوی لحاظ سے قوموں کی ترقی ہو یا دینی لحاظ سے قوموں کی ترقی ہو۔ ❁......اسلام کے خوبصورت پیغام کو پہنچانے کے لئے آپ نے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ❁......مسلمانوں کی رہنمائی بھی آپ نے ہی کرنی ہے اور غیر مذاہب کے ماننے والوں کی رہنمائی بھی آپ نے کرنی ہے۔ پس اُٹھیں اور اپنے فرض کی ادائیگی کے لئے سینہ سپر ہو جائیں۔ (خدام الاحمدیہ UK کے سالانہ اجتماع کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا ولولہ انگیز خطاب)	حافظ اعجاز احمد طاہر۔مربی سلسلہ
32	09راگست	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** یونیورسٹیز، کالجز اور ہائی سکول کی طالبات کی حضور انور کے ساتھ نشست۔طالبات کے ساتھ سوال وجواب کی مجلس میں پر شفقت رہنمائی اور اہم نصائح۔ پاکستان میں جو احمدیوں پر ظلم ہو رہا ہے کیا یہ کبھی ختم ہوگا اور کیسے ہوگا؟ یہ تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔لیکن ہوگا، انشاء اللہ ضرور ختم ہوگا۔اللہ تعالیٰ کی تقدیر جب چلتی ہے تو فیصلے ہوتے ہیں۔انشاء اللہ ہوگا،لیکن کب اور کیسے ہوگا اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے بَغْتَۃً کا لفظ استعمال کیا ہے۔انقلاب جب آتا ہے تو اچانک آتا ہے۔ (کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 19رمئی بروز اتوار 2013ء (حصہ دوم)

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 24 جون بروز سوموار 2013ء (حصہ سوم) 25 جون بروز منگل 2013ء	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں مسجد بیت السبحان کے سنگ بنیاد اور مسجد بیت العطا کے افتتاح کی خبروں کی اشاعت اور اس ذریعہ سے وسیع پیمانے پر اسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر۔Neuwied شہر کے میئر کی طرف سے شہر کے ٹاؤن ہال میں حضور انور کے اعزاز میں استقبالیہ۔میئر اور لارڈ میئر کے ایڈریسز میں مسجد بیت الرحیم کی تعمیر پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار اور حضور انور کی طرف سے جوابی ایڈریس میں انتظامیہ کے تعاون پر اظہار تشکر۔حضور انور کی مسجد بیت الرحیم آمد۔احباب جماعت کی طرف سے والہانہ استقبال۔مسجد بیت الرحیم کے افتتاح کے حوالہ سے منعقدہ خصوصی تقریب میں Neuwied شہر کے لارڈ میئر کا ایڈریس۔مسجد کی تعمیر پر مبارکباد اور جماعت احمدیہ کی مساعی پر خراج تحسین۔ ❁......اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر اور احسان ہے کہ اُس نے ہمیں آج اس شہر میں مسجد بنانے کی توفیق عطا فرمائی۔جہاں بھی جماعت احمدیہ کی مساجد تعمیر ہوتی ہیں وہاں جماعت کا تعارف پہلے سے بڑھ کر شروع ہوجاتا ہے۔ ❁......جرمن حکومت نے ہمیں یہاں آزادی سے اپنے مذہب پر عمل کرنے کی اجازت دی،اس بات پر ہمیں اس قوم کا شکرگزار ہونا چاہئے۔ ❁......ایک احمدی مسلمان کا یہ فرض ہے کہ وہ جس ملک میں رہتا ہے اس قوم میں جذب ہو،اس قوم کا وفادار ہو اور کامل وفاداری کے ساتھ اس ملک کی بہتری کے لئے کام کرے۔ ❁......جہاں اس مسجد میں آکر آزادی سے عبادت کرنی ہے وہاں اس کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی حقیقی تعلیم کو اس علاقہ میں پھیلانا ہے۔ ❁......اسلام امن، پیار،محبت اور بھائی چارہ کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں۔اس چیز کا احساس پہلے سے بڑھ کر اپنے دلوں میں پیدا کریں اور اس علاقہ میں پھیلائیں۔آپس میں بھی پیار،محبت اور بھائی چارہ کا سلوک پہلے سے بڑھ کر ہونا چاہئے۔(مسجد بیت الرحیم کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب میں حضور انور کا خطاب) ❁......انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ ❁......ٹی وی اور اخبارات میں مسجد بیت الرحیم کے افتتاح کی خبریں۔(جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	09/اگست	32
	برطانیہ میں جلسہ ہائے سیرۃ النبیؐ کا انعقاد	09/اگست	32
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 97)	09/اگست	32
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 20 مئی بروز سوموار 2013ء 21 مئی بروز منگل 2013ء	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** مسجد بیت الرحمٰن وینکوور میں واقفات نو بچیوں اور واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ الگ الگ کلاسز کا انعقاد۔واقفین نَو بچیوں اور بچوں کی حضور انور کے ساتھ نہایت دلچسپ مجلس سوال و جواب۔مختلف امور سے متعلق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی پُرشفقت نصائح اور زرّیں ہدایات۔ ❁......انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔سینکڑوں افراد نے اپنے پیارے آقا سے ذاتی ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ ❁......تقریب آمین۔ ❁......Whistler کے علاقہ کی سیر۔(کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	16/اگست	33
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 26 جون بروز بدھ 2013ء	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** مسجد بیت الحمید فلڈا کی تقریب سنگ بنیاد۔سٹی کونسلر اور Evangelical چرچ کے پادری کے ایڈریسز۔مسجد کی تعمیر پر اظہار مسرّت۔انشاء اللہ تعالیٰ جب یہ مسجد بنے گی تو انسانیت کی محبت اور پیار کا ایک نیا راستہ کھلے گا۔اس مسجد کے بننے کے بعد پہلے سے بڑھ کر احمدی گھل مل کر رہے ہیں گے۔ہم صرف تکلیف کے خوف کو دُور کرنے والے نہیں بلکہ تکلیفوں کو دُور کرنے والے ہیں۔یہاں کے ہر شہری کو یقین رکھنا چاہئے کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ مسجد امن اور پیار اور محبت کے نئے راستے کھولے گی۔(مسجد بیت الحمید فُلڈا کی تقریب سنگ بنیاد کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب) ❁......جرمنی کے نیشنل ٹی وی ZDF کی نمائندہ کا حضور انور سے انٹرویو۔ ❁......ریڈیو، اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا میں مسجد بیت الحمید کے حوالہ سے وسیع پیمانے پر کوریج۔ ❁...... انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ ❁......تقریب آمین۔(جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	16/اگست	33

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
ظفر اقبال قریشی۔ہالینڈ	**جماعت احمدیہ ہالینڈ کے 33ویں جلسہ سالانہ کا کامیاب انعقاد۔** حکومتی وزیر برائے امور داخلہ و دیگر اہم شخصیات کی جلسہ سالانہ میں شرکت۔مختلف موضوعات پر علمی و تربیتی تقاریر۔789 افراد کی جلسہ میں شمولیت۔	16 اگست	33
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 98)	16 اگست	33
چوہدری نعیم احمد باجوہ۔ امیر و مبلغ انچارج کونگو	**کونگو کے صوبہ باکونگو (Bas-Congo) کے پانچویں جلسہ سالانہ کا انعقاد۔** مختلف موضوعات پر علمی و تربیتی تقاریر۔ٹی وی، ریڈیو اور اخبارات میں جلسہ کی کوریج۔	23 اگست	34
حافظ مزمل شاہد۔مربی سلسلہ باندوندو	**کونگو کے صوبہ باندوندو (Bandundu) میں ساتویں جلسہ سالانہ کا انعقاد۔** مختلف علمی اور تربیتی موضوعات پر تقاریر۔صوبائی اسمبلی کے سپیکر، وزیر ماحولیات اور دیگر اہم حضرات کی جلسہ میں شرکت۔ٹی وی اور ریڈیو پر جلسہ کی تشہیر۔	23 اگست	34
چوہدری نعیم احمد باجوہ۔ امیر و مبلغ انچارج کونگو کنشاسا	کسائی اورینٹل کے پانچویں جلسہ سالانہ کے موقع پر جماعت احمدیہ کی خدمات اور امن کے لئے کی جانے والی کوششوں کا اعتراف اور امیر و مبلغ انچارج کے لئے ایک اعزاز۔	23 اگست	34
مطلوب احمد، فیصل جمائی، منصور احمد مبشر، البرٹ بلاغ احمد	فرانس میں بین المذاہب کانفرنسز اور سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد	23 اگست	34
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 22 مئی بروز بدھ 2013ء 23 مئی بروز جمعرات 2013ء 24 مئی بروز بدھ 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁......وینکوور سے کیلگری کے لئے روانگی۔❁......کیلگری ایئرپورٹ پر حکومتی سرکردہ حکام کی طرف سے استقبال۔❁......مسجد بیت النور کیلگری میں ورود مسعود اور احباب جماعت کی طرف سے والہانہ استقبال۔❁......مختلف ممبران پارلیمنٹ کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات۔❁......دفاتر کا معائنہ۔❁......انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔❁......تقریب آمین۔❁......خطبہ جمعہ۔❁......اجتماعی بیعت کی تقریب۔❁......اسلام ہرگز دہشت گردی کی تعلیم نہیں دیتا۔جو لوگ ایسا کرتے ہیں ان کا اسلام سے تعلق نہیں ہے۔❁......ہم مذہبی جماعت ہیں۔ہمارا کام اسلام کی سچی تعلیمات کو آگے پہنچانا ہے اور یہ کام ہم مسلسل کر رہے ہیں۔دنیا کے مختلف ممالک میں ہم پر ظلم ہو رہا ہے لیکن اس کے باوجود ہم مسلسل امن کے قیام کے لئے کوششیں کر رہے ہیں۔❁......ہم مسلسل اپنا پیغام پہنچا رہے ہیں۔اگر آج کی جنریشن نہیں تو آئندہ آنے والی نسل انشاءاللہ العزیز اس کو قبول کرے گی۔(کینیڈا کے نیشنل ٹی وی CBC کی نمائندہ کو حضور انور کا انٹرویو)(کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	23 اگست	34
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 27 جون بروز جمعرات 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁......بیت السبوح فرینکفرٹ سے جلسہ گاہ کالسروئے کے لئے روانگی۔❁......معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ جرمنی اور مختلف شعبہ جات کو موقع پر اہم ہدایات۔ اپنے آپ کو خالصتاً حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کے جذبہ کے تحت ان تین دنوں کے لئے وقف کر دیں۔اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے لئے خود بھی دعائیں کرتے رہیں۔کارکنان کو خاص طور پر اس بات کی پابندی کرنی چاہئے اور افسران اور ناظمین کو بھی کہ ان کے کارکنان نمازوں کی باقاعدہ ادائیگی کر رہے ہوں۔(رضاکاران جلسہ سالانہ سے حضور انور کا خطاب) (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	23 اگست	34

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
طارق حیات۔ مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔ (قسط نمبر 99)	23/ اگست	34
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 24 مئی بروز بدھ 2013ء (حصہ دوم)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁...... ہائی سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی طالبات اور طلباء کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ الگ الگ نشستیں۔ مختلف موضوعات پر طالبات اور طلباء کی Presentations اور حضور انور کے ساتھ الگ الگ مجالس سوال و جواب۔ ❁...... انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ ❁...... نماز جنازہ۔ (کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	30/ اگست 06/ ستمبر	35/36
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 28 جون بروز جمعۃ المبارک 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁...... جماعت احمدیہ جرمنی کے جلسہ سالانہ کا خطبہ جمعہ سے افتتاح۔ ❁...... یونیورسٹیز کے طلباء کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ نشست۔ ❁...... مختلف موضوعات پر طلباء کی Presentations اور حضور انور کے ساتھ ایک دلچسپ مجلس سوال و جواب۔ (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	30/ اگست 06/ ستمبر	35/36
طارق حیات۔ مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔ (قسط نمبر 100)	30/ اگست 06/ ستمبر	35/36
طارق حیات۔ مربی سلسلہ احمدیہ	**برطانوی پارلیمنٹ ہاؤس میں جماعت احمدیہ انگلستان کی صد سالہ جوبلی کی مناسبت سے ایک تاریخی تقریب کا انعقاد۔** مختلف سیاسی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین کا جماعت احمدیہ کی امن پسندی، رواداری اور امن عالم کے قیام کے لئے مساعی پر خراج تحسین۔ ❁...... ہمیں اس بات کا اچھی طرح ادراک ہے کہ عزت مآب حضرت مرزا مسرور احمد (ایدہ اللہ تعالیٰ) اور افرادِ جماعتِ احمدیہ قیامِ امن کے لیے گرانقدر خدمات بجالا رہے ہیں۔ (ایڈورڈ ڈیوی۔ وزیر برائے توانائی) ❁...... ہم سب جماعتِ احمدیہ کی امن، محبت اور باہمی امن و آشتی کے اصول کو معاشرہ کی بنیاد بنانے کی تعلیم کو حد درجہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ (نک کلیگ۔ نائب وزیر اعظم) ❁...... آپ لوگ تحمل، باہمی رواداری اور امن کے قیام کی منہ بولتی تصویر ہیں۔ (ڈگلس الیگزینڈر۔ Shadow وزیر خارجہ) ❁...... میں برطانوی معاشرہ کی بہتری کے لیے آپ (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ) کی کاوشوں پر آپ کی شکر گزار ہوں بلکہ یہ ایسا کام ہے جو آپ بلا امتیاز دنیا بھر میں کر رہے ہیں۔ (تھریسا مے۔ وزیر داخلہ) تقریب میں 30 ممبران پارلیمنٹ، 12 ممبرانِ ہاؤس آف لارڈز اور 8 وزراء کے علاوہ مختلف اخبارات اور ٹی وی کے نمائندگان بھی حاضر تھے۔ ❁...... ہم اِن دنوں جماعت احمدیہ انگلستان کی صد سالہ تقریبات منا رہے ہیں اور گزشتہ سو سال اس امر پر گواہ ہیں کہ احباب جماعت نے ہمیشہ اپنے ملک سے وفاداری کے تقاضے نبھائے ہیں اور ہر طرح کی دہشتگردی، بغاوت اور بدامنی سے اپنا دامن بچا کر رکھا ہے۔ ❁...... نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری زندگی دنیا میں امن پھیلانے کے عظیم مقصد میں صرف ہوئی۔ یقیناً وہ دن دُور نہیں جب دنیا والوں کو یہ احساس اور شعور نصیب ہو جائے گا کہ آپؐ انتہا پسندی کی تعلیم لے کر نہیں آئے تھے اور دنیا یہ مان لے گی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو امن، محبت اور شفقت کا پیغام لے کر مبعوث ہوئے تھے۔ ❁...... بعض ممالک کی پالیسیوں کی وجہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک اور عالمی جنگ اپنا منہ کھولے کھڑی ہے۔ اگر عالمی جنگ چھڑ گئی تو مغربی ممالک بھی اس کے تباہ کن اور دیرپا منفی اثرات سے محفوظ نہ رہیں گے۔ آئیں ہم سب مل کر اپنے دامن کو ایسی اندوہناک تباہی سے بچا لیں۔ آئیں ہم سب مل کر اپنی آئندہ نسلوں کو اس خطرناک جنگ کی تباہی اور ہولناک نتائج سے بچا لیں۔ عین ممکن ہے کہ اس دفعہ ہونے والی عالمی جنگ ایک ایٹمی جنگ ہو۔ اس لرزہ خیز انجام سے بچنے کے لیے ہمیں انصاف، خلوص اور ایمانداری جیسے اخلاق پر کاربند ہوتے ہوئے ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ان معدودے چند گروہوں کا ناطقہ بند کرنا ہوگا جو نفرت کے سوداگر ہیں اور ان کا واحد مقصدِ حیات دنیا کے امن کو تباہ کر دینا ہے۔ (برطانوی پارلیمنٹ ہاؤس میں امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز خطاب)	30/ اگست 06/ ستمبر	35/36

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 47ویں جلسہ سالانہ کا اپنی تمام تر اسلامی روایات کے ساتھ حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد۔(آئندہ شماروں میں آنے والی رپورٹس کی جھلکیاں)89 ممالک سے مختلف رنگ ونسل اور قومیتوں سے تعلق رکھنے والے 31ہزار 205عُشّاقِ خلافت کی جلسہ میں شمولیت اور اظہارِ وفا۔دعاؤں ،ذکر الٰہی، شکرِ خداوندی اور اسلامی اخوت ومحبت کے ایمان افروز نظاروں پر مشتمل عظیم الشان روحانی ماحول۔امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے معرکۃ الآراء، زندگی بخش ،روح پرور اور بصیرت افروز خطابات۔دوران سال جماعت احمدیہ مسلمہ پر اَن گنت افضال وتائیداتِ الٰہیہ کے نزول کا ایمان افروز اجمالی تذکرہ۔مختلف دینی، علمی وتربیتی موضوعات پر علماء سلسلہ کی پُر مغز تقاریر۔خواتین کی جلسہ گاہ میں ایک علیحدہ خصوصی سیشن میں خواتین مقررات کی تقاریر۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہاتھ پر زمین کے کناروں تک بسنے والے مختلف رنگ ونسل سے تعلق رکھنے والے 5لاکھ 40 ہزار 782 افراد کی 'عالمی بیعت' کے ذریعہ احمدیت میں شمولیت کا روح پرور نظارہ دنیا کے مختلف ممالک سے آئے ہوئے وزراء، ممبرانِ پارلیمنٹ، سفارتکاروں، سول سروس سے تعلق رکھنے والے افسران، اخباری نمائندگان، اور دیگر ممتاز سیاسی اور مذہبی شخصیات کی شمولیت۔معزز مہمانوں کی طرف سے مختلف زبانوں میں جماعت احمدیہ مسلمہ کی خدمت انسانیت، ملکی تعمیر وترقی میں بھرپور شرکت اور فلاحی ورفاہی کاموں کے ساتھ ساتھ اسلام کی حقیقی اور پرامن تعلیم کے فروغ پر خراج تحسین۔برطانیہ میں جماعتِ احمدیہ کے سوسال پورے ہونے پر جماعت احمدیہ برطانیہ کی طرف سے اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی خدمت میں تشکّر کے اظہار کے طور پر 100,000 پاؤنڈ کا نذرانہ۔حضورِانور کی جانب سے یہ رقم یو کے جماعت کی طرف سے IAAAE کو افریقہ کے پسماندہ علاقوں میں دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے عطا فرمانے کا اعلان للّٰہی محبت اور مہمان نوازی کے جذبوں سے سرشار ہزاروں رضا کار بزرگوں، نوجوانوں، عورتوں، بچوں اور بچیوں کی حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی شاندار میزبانی، مہمانوں کے دلوں پر گہرے اثرات۔ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ تمام دنیا میں جلسہ سالانہ کے پروگرامز کی براہِ راست تشہیر۔انٹرنیٹ اور میڈیا کے دیگر ذرائع سے جلسہ کی لحہ بہ لحہ کوریج۔حضور انور ایدہ اللہ کے خطابات اور جلسہ کی تقاریر کے مختلف زبانوں میں براہ راست تراجم	13/ستمبر	37
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 29 جون بروز ہفتہ 2013ء (حصہ اوّل)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁......تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں تقسیم اسناد ومیڈلز۔❁......ایک مومنہ عورت کو اللہ تعالیٰ نے عموماً زینت کی حفاظت اور اسے چھپانے کا کہا ہے۔سوائے اس کہ جو زینت خود بخود ظاہر ہو جائے۔یہاں خود بخود ظاہر ہونے والی زینت سے مراد ظاہری قد کاٹھ ہے، ہاتھ پاؤں وغیرہ ہیں۔❁......لباس کے معاملہ میں بھی محرم رشتوں کے سامنے بھی حیا دار لباس ضروری ہے۔ ❁......یہ احمدی عورتوں پر، احمدی ماں باپ پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ایک نظام کے تحت ان کو اپنی اولادیں دین کی خدمت کے لئے پیش کرنے کا موقع میسر ہے۔جنہوں نے پیش کردیئے ان کو اب مَیں کہتا ہوں کہ ان کی تربیت کریں۔(جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا مستورات سے خطاب)(جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	13/ستمبر	37
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 25 مئی بروز ہفتہ 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁......انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔❁......مستورات کی حضور انور کے ساتھ مجلس سوال وجواب۔❁......کیلگری میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے نمائندگان کی حضور انور کے ساتھ پریس کانفرنس۔❁......کیلگری کے میئر، پولیس کے ایک وفد اور ممبر آف فیڈرل پارلیمنٹ Hon. Devinder Shory کی حضور انور سے الگ الگ ملاقاتیں۔ ❁......واقفات نو بچیوں اور واقفین نو بچوں کی حضور انور کے ساتھ الگ الگ نشستیں اور دلچسپ مجالس سوال وجواب۔❁......خطبۂ نکاح واعلان نکاح۔(کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	13/ستمبر	37
طارق حیات۔مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 101)	13/ستمبر	37

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
نسیم احمد باجوہ۔مبلغ سلسلہ،لندن	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 47ویں جلسہ سالانہ کا(30؍اگست تا یکم ستمبر 2013ء) حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد۔89 ممالک سے 31ہزار سے زائد عشاقانِ اسلام احمدیت کی شرکت۔خطبہ جمعہ میں امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شاملین جلسہ کو جلسہ کے مقاصد کے حصول اور اس سلسلہ میں ان کی ذمہ داریوں کی نشاندہی فرماتے ہوئے قیمتی نصائح۔افتتاحی خطاب میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے تقویٰ کی اہمیت،عظمت اور اس کے تقاضوں کا تذکرہ۔نیز تقویٰ کے اعلیٰ معیاروں کے حصول کے لئے تاکیدی ہدایات 'سیرت حضرت مولوی شیر علی صاحب رضی اللہ عنہ' اور 'ذکر الٰہی ......اطمینان قلب کا ذریعہ' کے عنوانات پر بالترتیب مکرم عطاء المومن زاہد صاحب اور مکرم جمیل الرحمٰن رفیق صاحب کی اردو زبان میں اور مکرم ڈاکٹر افتخار احمد ایاز صاحب کی 'قرآن کریم پر اعتراضات اور ان کے جوابات' کے موضوع پر انگریزی زبان میں تقاریر۔زنانہ جلسہ گاہ میں حضور انور ایدہ اللہ کی تشریف آوری۔مختلف امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات میں تقسیم اسناد و میڈلز۔	20؍ستمبر	38
منصور احمد مبشر۔فرانس	جماعت احمدیہ فرانس کے بائیسویں جلسہ سالانہ کا کامیاب و بابرکت انعقاد۔	20؍ستمبر	38
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 26 مئی بروز اتوار 2013ء 27 مئی بروز سوموار 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ کینیڈا 2013ء** ❁......انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔❁......تقریب آمین۔❁......مسجد بیت الرحمٰن کے افتتاح اور دورہ کیلگری کی میڈیا میں کوریج،ساڑھے چھ ملین سے زائد افراد تک اسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر۔کیلگری سے براستہ شکاگو،لندن کے لئے روانگی۔مسجد فضل لندن میں ورود مسعود۔(کینیڈا میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	20؍ستمبر	38
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 29 جون بروز ہفتہ 2013ء (حصہ دوم)	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁......جرمن مہمانوں کے ساتھ منعقدہ خصوصی پروگرام میں حضور ایدہ اللہ کا 'اسلام میں خدا تعالیٰ کے تصوّر' کے موضوع پر سورۃ فاتحہ میں مذکور صفات الٰہیہ کی روشنی میں بصیرت افروز خطاب۔❁......میسیڈونیا کے ممبر پارلیمنٹ کی حضور انور سے ملاقات اور جماعت کے لئے نیک جذبات کا اظہار۔❁......جرمنی کے مختلف کالجز اور یونیورسٹیز کی طالبات کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ نشست اور مجلس سوال و جواب۔ (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	20؍ستمبر	38
عبدالرحمان	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 102)	20؍ستمبر	38
نسیم احمد باجوہ۔مبلغ سلسلہ،لندن	**جماعت احمدیہ برطانیہ کے 47ویں جلسہ سالانہ کا (30؍اگست تا یکم ستمبر 2013ء) حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد۔** اگر مرد اور عورت دونوں کی نیکیوں کی طرف توجہ ہو اور اپنے ذمہ فرائض ادا کئے جائیں تو اسلام وہ خوبصورت معاشرہ قائم کرتا ہے جس کی دنیا میں کہیں بھی مثال نہیں ملتی۔(زنانہ جلسہ گاہ میں مستورات سے حضور انور کا براہ راست خطاب)❁جماعت ہر جگہ امن کا پیغام دے رہی ہے جو اسلام کی حقیقی تعلیم ہے۔❁آپ لوگ ہمیں اسلام کا ایک انتہائی خوبصورت چہرہ دکھا رہے ہیں۔❁آپ لوگوں نے دُور دراز علاقوں تک بھی قرآن کریم کے تراجم کے ذریعہ اپنا پیغام پھیلایا ہے۔❁آپ کی جماعت انسانیت کا بہترین چہرہ پیش کر رہی ہے۔احمدیت کی تعلیم دنیا کی تقدیر بدل سکتی ہے۔❁آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے قبل فرمایا تھا کہ میرا پیغام اُن لوگوں تک بھی پہنچانا جو میرا پیغام اِس وقت نہیں سن رہے۔آپ کی جماعت ہی اِس ارشادِ نبویؐ پر آج عمل کر رہی ہے اور اسلام کے پیغام کو دنیا بھر میں پھیلا رہی ہے۔(مختلف معزز مہمانوں کے ایڈریسز اور جماعت احمدیہ کی عالمی مساعی پر خراج تحسین) اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس وقت تک دنیا کے 204 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔اس سال دو نئے ممالک میں جماعت کا نفوذ ہوا۔دنیا بھر میں جماعت احمدیہ عالمگیر کی اشاعت اسلام و احمدیت،مساجد کی تعمیر،قرآن کریم اور دیگر اسلامی لٹریچر کی اشاعت،خدمت انسانیت و رفاہی کاموں اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور احمدیت کی مقبولیت کے روشن نشانات کے ایمان افروز تذکرہ سے معمور حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا روح پرور خطاب	27؍ستمبر	39

شمارہ	تاریخ اشاعت	رپورٹس	مرتبہ
39	27/ستمبر	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁...... عالمی بیعت کی تقریب۔ 16 ممالک کے 67 افراد کی بیعت۔❁...... جلسہ سالانہ جرمنی کے اختتامی اجلاس میں تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء میں میڈلز اور اسناد کی تقسیم۔ ❁...... جلسہ سالانہ جرمنی سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا ولولہ انگیز اختتامی خطاب۔❁...... جلسہ جرمنی میں 31 ہزار 317 افراد کی شرکت۔❁...... مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والی نومبایع خواتین اور نومبایع مَردوں کی حضور انور سے الگ الگ اجتماعی ملاقات۔❁...... نومبایع احباب وخواتین کے جلسہ سالانہ میں شرکت اور حضور انور سے ملاقات کے بعد اخلاص ومحبت سے پُر پاکیزہ جذبات۔ (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 30 جون بروز اتوار 2013ء
39	27/ستمبر	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات سے انتخاب۔(قسط نمبر 103)	عبدالرحمان
40	04/اکتوبر	**جماعت احمدیہ برطانیہ کے 47ویں جلسہ سالانہ کا (30/اگست تا یکم ستمبر 2013ء) حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں نہایت کامیاب وبابرکت انعقاد**۔مکرم محمد کریم الدین صاحب شاہد،مکرم سید مبشر احمد ایاز صاحب اور مکرم عطاء المجیب صاحب راشد کی بالترتیب'واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعًا'،'صحابہ کرام کا عشق رسولﷺ'،'حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا جذبۂ خدمت اسلام' پر اردو زبان میں اور مکرم رفیق احمد حیات صاحب کی'جماعت احمدیہ برطانیہ کے سو سال' کے موضوع پر انگریزی زبان میں تقاریر عالمی بیعت کی نہایت ہی مبارک تقریب اور سجدۂ شکر۔اس سال 5 لاکھ 40 ہزار 782/افراد بیعت کرکے سلسلۂ احمدیہ میں شامل ہوئے۔مختلف ممالک سے تشریف لانے والے معزز مہمانوں کے ایڈریسز۔جماعت احمدیہ کی امن پسندی،خدمت بنی نوع انسان اور حقیقی اسلام کی خوبصورت تصویر پیش کرنے پر خراج تحسین۔	نسیم احمد باجوہ۔مبلغ سلسلہ،لندن
40	04/اکتوبر	**حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ❁...... بوزنیا، مالٹا، اسٹونیا، آئس لینڈ، لیتھوانیا، ہنگری، رشیا، تاجکستان اور قیرغیزستان سے آنے والے وفود کی حضور انور ایدہ اللہ سے الگ الگ ملاقاتیں۔حضور انور ایدہ اللہ کی محبتوں،شفقتوں اور دعاؤں سے فیضیاب ہونے والے افراد کی خلافت سے محبت اور اخلاص و وفا کے جذبات کا دلنشیں اور ایمان افروز اظہار۔❁...... اعلانات نکاح وخطبۂ نکاح۔❁...... انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔❁...... تقریب آمین (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن یکم جولائی بروز سوموار 2013ء
41	11/اکتوبر	**جماعت احمدیہ برطانیہ کے 47ویں جلسہ سالانہ کا (30/اگست تا یکم ستمبر 2013ء) حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں نہایت کامیاب وبابرکت انعقاد**۔اسلام اور مسلمان ایسے لفظ ہیں جن کے معنی پر اگر غور کریں تو ایک خوبصورت نام، خوبصورت کام اور خوبصورت اُمّت کا تصور ابھرتا ہے اور ابھرنا چاہئے کیونکہ اسلام یا مسلمان کے الفاظ جن حروف سے بنے ہیں اُن کی ہر ترکیب اور ہر ترتیب حفاظت، امن، کامل فرمانبرداری، کمزوریوں سے آزادی، غلطیوں سے آزادی، اخلاقی برائیوں سے آزادی کے معنی دیتی ہے۔مسلمان علماء کی ایک دوسرے کے خلاف تکفیر بازی کے بعض نمونے۔ہمیں کافر کہنے والے آپس میں ایک دوسرے کو بھی کافر کہہ رہے ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج کررہے ہیں۔قرآن مجید، احادیثِ نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے مسلمان کی تعریف اور حقیقتِ اسلام کا پُر معارف بیان۔آج ہر احمدی اس یقین پر قائم ہے کہ وہ مسلمان ہے اور احمدیت ہی حقیقی اسلام ہے ہمارے مخالفین کی ایک کے بعد دوسری نسل اس دنیا سے گزرتی چلی جائے گی لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ سلسلہ کو نہ کبھی نقصان پہنچا سکے ہیں اور نہ پہنچا سکیں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔نہ یہ لوگ ہم سے کبھی حقیقی مسلمان ہونے کا اعزاز چھین سکے اور نہ چھین سکیں گے۔ہم مسلمان تھے،ہم ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ رہیں گے۔میں مخالفین احمدیت سے بھی کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی تقدیر سے نہ لڑو اور نام نہاد علماء کی مخالفت کی آواز کے بجائے خدا تعالیٰ اور اُس کے رسول کی آواز کو سنو۔سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز اختتامی خطاب	نسیم احمد باجوہ۔مبلغ سلسلہ،لندن

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 21 ستمبر بروز ہفتہ 2013ء 22 ستمبر بروز اتوار 2013ء	**سیدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورہ سنگاپور 2013ء** لندن سے روانگی۔ سنگاپور میں ورود مسعود۔ مسجد طٰہٰ سنگاپور میں والہانہ استقبال۔ انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ سنگاپور اور ہمسایہ ممالک سے آنے والے سینکڑوں افراد نے اپنے پیارے آقا سے ذاتی ملاقات کا شرف حاصل کیا۔	11/اکتوبر	41
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 2 جولائی بروز منگل 2013ء	**حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ جرمنی 2013ء** ۞...... بلغاریہ، کوسوو، البانیا، لاٹویا، میسیڈونیا سے آنے والے وفود کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے الگ الگ ملاقاتیں۔ وفود میں شامل افراد کے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے متعلق محبت اور اخلاص بھرے جذبات اور جلسہ سالانہ سے متعلق نیک تاثرات۔ حضور انور کے زرّیں ارشادات۔ ۞...... میسیڈونیا کے وفد کی ایک خوبصورت نظم۔ ۞...... Zenit میگزین کے نمائندہ کا حضور انور سے انٹرویو۔ ۞...... نماز جنازہ حاضر و غائب ۞...... انفرادی و فیملی ملاقاتیں۔ ۞...... تقریب آمین۔ جرمنی سے روانگی اور لندن میں ورود مسعود۔ (جرمنی میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیات کی مختصر رپورٹ)	11/اکتوبر	41
محمد جاوید مبلغ سلسلہ زیمبیا	جماعت احمدیہ زیمبیا کے زیر اہتمام تراجم قرآن کریم اور دیگر جماعتی کتب کی نمائش اور بک سٹال کا انعقاد۔	18/اکتوبر	42
